امر بالمعروف ونہی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★
روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:- محمد عمر
رجسٹریشن نمبر: C-1932
Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245
جلد نمبر:16 بروز بدھ 04 نومبر 2026 / 23 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے شمارہ نمبر:208

قومی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تمام پارٹیوں کے درمیان مکالمہ و مشاورت اہم ہے، اسحاق ڈار

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر سے جماعت اسلامی کے وفد نے ملاقات کی، جس میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور عوام کو معاشی ریلیف فراہم کرنے کے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

قومی معاشی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کے درمیان مسلسل مکالمہ اور مشاورت کلیدی اہمیت رکھتی ہے، ملاقات کے دوران فریقین نے توانائی کی قیمتوں اور عوامی ریلیف کے حوالے سے مشاورت کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد(اے این این) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے جماعت اسلامی کے وفد نے ملاقات کی، جس میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور عوام کو معاشی ریلیف فراہم کرنے کے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق جماعت اسلامی کے وفد کی قیادت لیاقت بلوچ نے کی، ملاقات میں عام آدمی کو ریلیف دینے کے لیے عملی اقدامات، بالخصوص کم آمدنی والے طبقے پر معاشی بوجھ کم کرنے کے مختلف پہلوؤں پر خصوصی توجہ دی گئی۔ ملاقات کے دوران فریقین نے توانائی کی قیمتوں اور عوامی ریلیف کے حوالے

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2پر)

ایف آئی اے کی کارروائی، حوالہ ہنڈی میں ملوث ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار، لاکھوں روپے برآمد

اسلام آباد(یو این اے) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) کمرشل بینکنگ سرکل نے

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2پر)

مہمند میں پولیو ٹیم کی سیکیورٹی پر مامور اہلکاروں پر فائرنگ ناقابل برداشت ہے، نقوی

بزدلانہ کارروائی میں ملوث عناصر کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں، انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا، وزیر داخلہ

اسلام آباد(اے این این) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا کے ضلع مہمند میں انسدادِ پولیو ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کے واقعے کی پرزور مذمت کرتے ہوئے حملے میں شہید ہونے والے 2 پولیس اہلکاروں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق وزیر داخلہ نے شہدا کے لواحقین

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2پر)

حکومت کا آسان ٹیکس اسکیم میں رجسٹرڈ نہ ہونے والے دکانداروں کے خلاف کارروائی کا فیصلہ

اسکیم کے ذریعے کچھ دکانداروں نے رجسٹریشن کرائی ہے، انفورسمنٹ کا طریقہ کار جلد سامنے لائیں گے، وزیر مملکت

اسلام آباد (اے این این) حکومت نے آسان ٹیکس اسکیم میں رجسٹرڈ نہ ہونے والے دکانداروں کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کرلیا۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی خزانہ کو بتایا کہ انفورسمنٹ کا طریقہ کار جلد سامنے لائیں گے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی خزانہ کا اجلاس چیئرمین کمیٹی نوید قمر کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی نے کہا کہ اگر 20 فیصد دکاندار بھی رجسٹرڈ نہیں ہوئے تو آپ زیرو پر کھڑے ہیں۔ وزیر مملکت برائے خزانہ نے بتایا کہ تاجروں کے تمام مطالبات ماننے کے باوجود آسان ٹیکس اسکیم میں توقع کے

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2پر)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف کا کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کے وزیر اور چینی وفد کے ساتھ گروپ فوٹو

پاکستان، سعودی عرب کا میڈیا، ثقافت اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

پاکستان، سعودی عرب تعلقات نئی بلندیوں کو چھو رہے ہیں، مکہ دفاعی معاہدہ دفاعی تعاون کے حوالے سے مضبوط شراکت داری کا عکاس ہے

یہ تعلق محض سفارتی یا سیاسی نہیں بلکہ تاریخی، مذہبی اور عوامی سطح پر مضبوط بنیادیں رکھتا ہے، عطا تارڑ سے سعودی عرب کے سفیر کی ملاقات

اسلام آباد(جی این ایم) پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اطلاعات، نشریات، میڈیا اور ثقافتی شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ سے پاکستان میں تعینات سعودی عرب کے سفیر راجع بن طامی الشمی نے ملاقات کی۔ ملاقات میں وفاقی وزیر اطلاعات نے سعودی سفیر کو پاکستان میں تعیناتی پر مبارکباد دی اور خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان میڈیا، ثقافت اور عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ عطاءاللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2پر)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس، صنعتی شعبے کی ترقی اور بینکاری نظام میں بہتری کے اقدامات کا جائزہ۔

وزیر اعظم کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کے اہم اجلاس، KP کی صورتحال پر غور

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور گورنر خیبر پختونخوا بھی شریک، جناح میڈیکل کمپلیکس پر پیش رفت کا جائزہ

جناح میڈیکل کمپلیکس کا 59 فیصد کام مکمل، 403 بستروں پر مشتمل منصوبہ 23 مارچ 2027 تک فعال کرنے کا ہدف

اسلام آباد(سی ایم لنکس) وزیراعظم شہباز شریف نے زیر صدارت اعلی سطح کا اہم اجلاس ہوا۔ رپورٹ کے مطابق اجلاس میں کے پی کے کی صورتحال پر غور کیا جارہا ہے، اجلاس میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور گورنر خیبر پختونخوا بھی شریک ہیں۔ قبل ازیں وزیر اعظم کی زیر صدارت اسلام آباد میں زیر تعمیر بین الاقوامی معیار کے اسپتال، جناح میڈیکل کمپلیکس کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیراعظم نے جناح میڈیکل کمپلیکس کی تعمیر پر پیش رفت کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے کہا کہ معینہ مدت میں اہداف کا حصول یقینی بنایا جائے اور تمام تر تقرریاں میرٹ پر شفاف طریقے سے کی جائیں۔ جناح میڈیکل کمپلیکس میں کم آمدن اور متوسط طبقے کو تشخیص کی جدید سہولیات فراہم کی

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2پر)

الیکشن کمیشن کا انٹرا پارٹی انتخابات نہ کرانے پر ایم کیو ایم پاکستان کو شوکاز نوٹس

اسلام آباد(جی این ایم) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے انٹرا پارٹی انتخابات نہ کرانے پر متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کو شوکاز نوٹس جاری

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2پر)

ڈیجیٹل پاکستان، این آئی ٹی بی اور محکمہ موسمیات کے درمیان معاہدہ

،موسم اور قبل از وقت الرٹ کی معلومات قومی پلیٹ فارم پر دستیاب ہوں گی

اسلام آباد(یو این اے) نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (این آئی ٹی بی) نے شہریوں کو موسم کی صورتحال، پیشگی انتباہات اور متعلقہ معلومات ایک ہی ڈیجیٹل چھت تلے فراہم کرنے کے لیے پاکستان میٹرولوجیکل ڈیپارٹمنٹ (پی ایم ڈی) کے ساتھ

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2پر)

اسلام آبدا، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کو صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر یادگاری شیلڈ پیش کررہے ہیں

نمبر گیم پوری ہونے پر بلوچستان حکومت کیخلاف تحریک عدم اعتماد ضرور لائیں گے، اپوزیشن لیڈر

ہم سیاسی روایات توڑنا نہیں چاہتے، تاہم اگر کوئی دوبارہ وہی صورت حال پیدا کرنا چاہتا ہے تو ہم اس کا سامنا کرنے کے لیے تیار ہیں

حکومتی اراکین اپوزیشن میں آنا چاہیں تو دروازے کھلے ہیں، اچھی وزارتیں بھی دیں گے، کیونکہ ہر سیاسی جماعت کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ حکومت بنائے، میر یونس عزیز زہری

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کہا ہے کہ نمبر گیم پوری ہونے پر صوبائی حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد ضرور لائیں گے، کیونکہ ہر سیاسی جماعت کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ حکومت بنائے۔ حکومتی اراکین اور صوبائی وزرا اپنی حکومت سے پریشان ہیں تو اپوزیشن کے دروازے ان کے لیے کھلے ہیں، انہیں اچھی وزارتیں بھی دی جائیں گی۔ ایک انٹرویو میں میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ اپوزیشن نے حکومت کے اچھے اقدامات کو سراہا ہے، جبکہ جہاں غلطیاں یا کوتاہیاں سامنے آئیں، وہاں بلوچستان اسمبلی کے

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2پر)

گوادر: بلوچستان جعفر خان مندوخیل بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار کے تیسرے سینٹ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ایک سال میں سرکاری قرضوں میں 62اعشاریہ 1 کھرب روپے کا اضافہ

قرضوں کا مجموعی حجم 847.7 کھرب روپے سے بڑھ کر 909.8 کھرب روپے ہوگیا ہے، رپورٹ

اسلام آباد(جی این ایم) پاکستان کے مجموعی سرکاری اور حکومتی ضمانتوں کے حامل قرضوں میں جون 2025 سے جون 2026 کے دوران 62.1 کھرب روپے کا اضافہ ہوا ہے وزارت خزانہ کے ایک اعلی عہدیدار نے میڈیا کو بتایا کہ اس عرصے میں سرکاری قرضوں میں 62 کھرب روپے اور حکومتی ضمانتوں کے حامل قرضوں میں تقریبا 0.1 کھرب روپے اضافہ ہوا .اس کے بعد قرضوں کا مجموعی حجم 847.7 کھرب روپے

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2پر)

یہ نہ سمجھا جائے کہ ہم کسی کی بی ٹیم بنے بیٹھے ہیں، چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ

آپ عدالتوں کی عزت اور وقار کو سنجیدہ نہیں لیتے، چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کے کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس

اسلام آباد(جی این ایم) اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کی عدالت میں غلط بیانی کرنے کے سنگین معاملے پر کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کے ممبر اسٹیٹ زمان وٹو کے خلاف توہینِ عدالت کیس میں اہم اور بڑی پیشرفت سامنے آئی ہے، عدالت نے ممبر اسٹیٹ سی ڈی اے زمان وٹو پر توہین عدالت کیس میں باقاعدہ فردِ جرم عائد کرنے کا فیصلہ جاری کردیا جب کہ ملزم کی جانب سے کی گئی غیر مشروط معافی کی

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2پر)

تمہیں عدالت میں گھسیٹوں گی مریم نواز کا چوہدری سالک کو ہرجانے کا نوٹس بھیجنے کا اعلان

پنجاب میں ایک پیسہ بھی کرپشن کی نذر ہوا تو مریم نواز اللہ تعالی اور عوام کو جوابدہ ہے، خطاب

اٹک (جی این ایم) وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف نے کرپشن کا الزام لگانے والے وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کو ہرجانے کا نوٹس بھیجنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ثبوت ہیں تو سامنے لائیں ورنہ عدالت میں گھسیٹوں گی، جہاں پنجاب کا بارڈر ختم ہوتا ہے وہاں ترقی بھی ختم ہو جاتی ہے، نوجوان ہمارا مستقبل اور قوم کا سرمایہ ہیں، سیاسی طور پر بھڑکانے کے باوجود طلبہ نے علم کا راستہ نہیں چھوڑا، ہم نے سفارش کلچر ختم کرکے

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2پر)

پیپلز پارٹی نے انتخابی اصلاحات کمیٹی میں شمولیت کی دعوت دی ہے، علامہ راجہ ناصر

کمیٹی میں ایسا نہیں ہونا چاہیے حکومت کے ارکان کی تعداد زیادہ اور اپوزیشن کے ارکان کی تعداد کم ہو، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے انتخابی اصلاحات کمیٹی میں اپوزیشن کی شمولیت کی دعوت دی ہے۔ ایک انٹرویو میں علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ پیپلز پارٹی کا وفد اپوزیشن قائدین سے ملاقات کیلئے آیا تھا۔ پیپلز پارٹی نے موقف اختیار کیا ہے کہ انتخابی اصلاحات کیلئے مل کر کام کرنا چاہیے، پیپلز پارٹی نے ہمیں دعوت دی اور اصرار کیا کہ ہمیں ضرور آنا چاہیے۔ ہم نے آپس میں

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2پر)

عجیب منطق ہے وزیر اعلی اور اسپیکر غائب ہیں، سیاسی تناؤ مزید نہیں بڑھنا چاہیئے، بیرسٹر گوہر

توقع نہیں تھی بیرسٹر سیف اس طرح کی باتیں کریں گے، مذاکرات سنجیدگی اور نیک نیتی کے ساتھ ہونے چاہئیں

ہمیں کب ملاقات کی پیشکش کی گئی؟ ہم آج بھی ملاقات کی کوشش کر رہے ہیں، ہم نے کبھی مذاکرات کی مخالفت نہیں کی، میڈیا سے گفتگو

پشاور (آئی این پی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ یہ عجیب منطق ہے کہ وزیراعلی اور اسپیکر غائب ہیں، سیاسی تناؤ مزید نہیں بڑھنا چاہیے اور مسائل کا حل بات چیت کے ذریعے نکالنا چاہیے۔ پشاور ہائی کورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ خوشی ہے کہ عدالت نے معاملہ چیف جسٹس کو لارجر بینچ کی تشکیل کے لئے بھجوادیا ہے، ایسے فیصلے ہونے

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2پر)

اسلام آباد: وفاقی وزراء عطاءاللہ تارڑ اور علی پرویز ملک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

پی ٹی آئی سوشل میڈیا ڈیسک بھارت، اسرائیل سمیت مختلف ممالک میں قائم ہیں، اختیار ولی

سوشل میڈیا ڈیسک بھارت، افغانستان، اسرائیل، برطانیہ اور امریکا سے آپریٹ کئے جارہے ہیں، وزیر اعظم کے کوارڈینیٹر

حکومت تمام تفصیلات جلد سامنے لائے گی، چند سال پہلے کے پی میں 35 سے 40 ہزار لوگوں کو بھرتی کیا گیا، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم کو آرڈینیٹر اختیار ولی خان نے دعوی کیا ہے کہ پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا ڈیسک بھارت، افغانستان، اسرائیل، برطانیہ اور امریکا میں قائم ہیں، حکومت ان تمام چیزوں کی تفصیلات جلد سامنے آئیں گی۔ چند سال قبل خیبر پختونخوا حکومت میں 35 سے 40 ہزار لوگوں کو بھرتی کیا گیا سوشل میڈیا کیلئے جن کو 35 سے 40 ہزار روپے ماہانہ ملتے تھے۔ ایک انٹرویو

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2پر)

کوئٹہ، تاجروں کو قرضے کی فراہمی کے لیے بی بی او آئی ٹی اور ایگزیم بینک کا تعاون پر اتفاق

بلوچستان کے تاجروں کی مالی مشکلات کا حل، ایگزیم بینک آسان شرائط پر قرضے فراہم کرے گا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے ایکسپورٹ امپورٹ بینک آف پاکستان (BankEXIM) کے صدر وسی ای او شہباز ایچ سید نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان کے کاروباری طبقے کو درپیش مالی

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2پر)

قائداعظم کے اصولوں پر عمل کر کے ملک کو ترقی یافتہ بنایا جاسکتا ہے، ماریہ شمون

قائداعظم کا دیا گیا سنہری اصول اتحاد ایمان اور تنظیم آج بھی ہماری قومی زندگی کے لیے مشعلِ راہ ہے

اُستا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر اُستا محمد ماریہ شمون نے گورنمنٹ گرلز کالج اُستا محمد میں یوم قائداعظم کے سلسلے میں منعقدہ پروقار تقریب میں شرکت کی تقریب میں کالج کی پرنسپل، تدریسی عملے

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2پر)

یمنی حکومت کا تعز میں حوثیوں کے زیر قبضہ علاقے واپس لینے کا دعویٰ

صنعا (جی این ایم) یمنی حکومت نے حوثیوں کے خلاف جوابی کارروائی کرتے ہوئے صوبہ تعز میں مزید علاقے واپس لینے کا دعوی کیا ہے۔ عرب میڈیا رپورٹس کے مطابق یمنی فوج نے کہا ہے کہ انہوں نے حوثیوں کے ساتھ شدید لڑائی کے بعد تبت واشب اور حبیل الصرم کی پہاڑیوں کا کنٹرول حاصل کرلیا ہے، بیان میں کہا گیا کہ جھڑپوں کے دوران درجنوں حوثی جنگجو ہلاک یا زخمی ہوئے۔ اس سے قبل یمنی حکومت کے ترجمان نے دعوی کیا تھا کہ سرکاری فورسز نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران حوثیوں کے خلاف 951 سے زائد حملے کیے۔ صوبہ تعز میں مزید علاقے واپس لینے کا دعوی کیا ہے۔ عرب میڈ

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2پر)

افغانستان میں طالبان رجیم کیخلاف مسلح مزاحمت بڑھ گئی، امریکی جریدہ

کابل (اے این این) امریکی جریدے لانگ وار جرنل نے افغانستان میں طالبان رجیم کے خلاف بڑھتی مسلح مزاحمت پر تفصیلی رپورٹ شائع کی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اکتوبر میں طالبان رجیم کے خلاف مزاحمتی حملے ستمبر کے مقابلے میں دگنے سے زیادہ ہو گئے۔ اکتوبر میں مزاحمتی گروپوں کے 82 حملوں میں طالبان رجیم کے 122 اہلکار ہلاک اور 68 زخمی ہوئے۔ قندھار، ہلمند، بدخشاں، کابل، پنجشیر اور ہرات سمیت 22 صوبوں میں طالبان رجیم پر حملے کیے گئے، بارودی سرنگوں، راکٹ حملوں، گھات اور ٹارگٹ کلنگ سے طالبان رجیم کو مسلسل

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2پر)

گوادر میں موسمیاتی تبدیلی اور سماجی ترقی کے منصوبوں پر تبادلہ خیال

ترقیاتی منصوبوں میں مقامی نوجوانوں اور آبادی کو ترجیح دی جائے، شئے مختار بلوچ

گوادر (خ ن) ضلع کونسل گوادر کے چیئرمین شئے مختار بلوچ سے ہاشو فاؤنڈیشن کے وفد نے ان کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (UNDP) کے تعاون سے گوادر میں جاری موسمیاتی تبدیلی اور سماجی ترقی کے منصوبوں، سرگرمیوں اور پیش رفت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں سابق ضلع چیئرمین بابو گلاب، چیئرمین جیونی اکرم حیات شہزادہ، چیئرمین پسنی نور احمد کلمتی اور گوادر پریس کلب کے صدر نور محسن بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ہاشو فاؤنڈیشن کے پروجیکٹ منیجر اکبر علی نے وفد کے ہمراہ منصوبے کے مقاصد، جاری سرگرمیوں اور مجوزہ اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وفد میں نوروز واحد اور موسیٰ یار بھی شامل تھے ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ موسمیاتی تبدیلی، ماحولیاتی تحفظ اور سماجی ذمہ داریوں سے متعلق شعور اجاگر کرنے کے لیے اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں طلباء و طالبات اور اساتذہ کے لیے خصوصی آگاہی سیشنز منعقد کیے جائیں گے، جبکہ مقامی

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2پر)

بارکھان میں انسدادِ پولیو مہم کے پہلے روز کی کارکردگی کا جائزہ

پولیو مہم کے دوران ہر بچے کو حفاظتی قطرے پلانے کا ہدف یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر

بارکھان (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات اور صوبائی حکومت کی انسدادِ پولیو کے لیے مؤثر اقدامات کی پالیسی کے تحت ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی زیر صدارت ضلع بارکھان میں جاری انسدادِ پولیو مہم کے پہلے روز کی ایوننگ ریویو میٹنگ منعقد ہوئی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں پولیو مہم کی پیش رفت، فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی اور پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران اور پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے رہ جانے والے بچوں (Missed Children) اور انکاری والدین (Refusal Cases) پر خصوصی توجہ دینے اور مائیکرو پلان کے مطابق مقررہ اہداف کے سو فیصد حصول کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ پولیو ٹیموں کی روزانہ کی کارکردگی کی مؤثر نگرانی کی جائے اور مہم میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2پر)

کاشتکاروں کو زرعی پانی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے، شمس الملک بادینی

پٹ فیڈر کینال سے ٹیل کے کاشتکاروں تک پانی کی رسائی بہتر بنانے کی ہدایت

نصیر آباد (خ ن) ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال شمس الملک بادینی نے کہا ہے کہ کاشتکاروں کو زرعی پانی کی منصفانہ اور بلاتعطل فراہمی محکمہ آبپاشی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، پٹ فیڈر کینال کے کمانڈ ایریا میں پانی کی دستیابی اور ترسیل کو بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں تاکہ کسانوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پٹ فیڈر کینال کے 621 آرڈی بابا کوٹ کے دورے کے موقع پر کیا، جہاں انہوں نے نہری پانی کی فراہمی، بہاؤ اور تقسیم کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر سب ڈویژنل آفیسر عبدالظاہر مینگل نے انہیں بابا کوٹ اور ملحقہ علاقوں میں زرعی پانی کی موجودہ صورتحال، نہری پانی کی ترسیل اور کاشتکاروں کو فراہم کیے جانے والے پانی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ایگزیکٹو انجینئر شمس الملک بادینی نے موقع پر موجود متعلقہ عملے کو

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2پر)

افغانستان سے پولیو وائرس کی ممکنہ منتقلی کا خطرہ ہے، سیکرٹری صحت

افغانستان میں رواں سال پولیو کے 50 سے زائد کیسز رپورٹ ہونے کے باعث بلوچستان کے سرحدی اضلاع خصوصا چمن اور قلعہ عبداللہ میں وائرس کی ممکنہ منتقلی کا خطرہ بڑھ گیا ہے

اس صورتحال میں ضروری ہے کہ سرحدی علاقوں میں بچوں کو پولیو سے محفوظ رکھنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور نگرانی کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے، مجیب الرحمان

کوئٹہ (جی این ایم) سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن نے کہا ہے کہ افغانستان میں رواں سال پولیو کے 50 سے زائد کیسز رپورٹ ہونے کے باعث بلوچستان کے سرحدی اضلاع خصوصا چمن اور قلعہ عبداللہ میں وائرس کی ممکنہ منتقلی کا خطرہ بڑھ گیا ہے، اس صورتحال میں ضروری ہے کہ سرحدی علاقوں میں بچوں کو پولیو سے محفوظ رکھنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور نگرانی کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے۔ افغانستان سے ملحقہ سرحدی اضلاع اور پنجاب سے متصل حساس علاقوں میں خصوصی فوکس رکھا گیا ہے۔ صوبے میں رواں سال کی پانچویں اور سات روزہ انسداد پولیو مہم کا آغاز 2 نومبر سے ہوگیا ہے جس میں صوبے کے 31 اضلاع میں 22 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس کے پیش نظر ان علاقوں میں خصوصی توجہ اور موثر نگرانی کی جا رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ میں 7 روزہ انسداد پولیو مہم کے افتتاح کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2پر)

آرسی ڈی شاہراہ پر حادثات کی روک تھام کے لیے کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف کارروائی ہوگی، کمشنر سائرہ عطاء

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے زیر صدارت اہم اجلاس کا انعقاد ارسی ڈی شاہراہ پر شرح حادثات کی ڈیٹا کلیکشن کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ حب کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کی زیر صدارت لیڈا کانفرنس ہال میں منعقد ہوا اجلاس میں ڈی سی لسبیلہ حمیرا بلوچ ایس پی لسبیلہ نجیب پندرانی ایس پی حب مرزا بلال حسن اے ایس پی عدنان بشیر ایس پی نیشنل ہائیوے موٹروے پولیس ضلع حب لسبیلہ کے ضلعی ناظم صحت اور ریسکیو 1122 کے مانیٹرنگ افسر دھنیش کمار لیاری اور وندر کے ریسکیو انچارج وسیم اور فاروق بھی شریک ہوئے اجلاس میں اوتھل زیرو پوائنٹ حادثے کی وجوہات اور آئندہ اس طرز کے واقعات کی روک تھام کے حوالے سے میکانزم بنانے کا فیصلہ۔ کیا گیا ریسکیو 1122 اور نیشنل ہائیوے اور موٹروے پولیس حکام نے بریفنگ میں بتایا کہ زیرو پوائنٹ حادثے کے فوری ریسکیو آپریشن شروع کیا گیا اجلاس میں بتایا

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2پر)

ریونیو معاملات میں غفلت اور بدعنوانی برداشت نہیں کی جائے گی، ڈپٹی کمشنر لورالائی

محکمہ مال کے امور میں غفلت، غیر ضروری تاخیر، بدعنوانی اور کسی بھی قسم کی بے ضابطگی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت زرعی آمدنی پر ٹیکس کی وصولی اور محکمہ مال کے انتظامی امور سے متعلق بارہواں جائزہ اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی میں منعقد ہوا اجلاس میں زرعی آمدنی پر عائد ٹیکس کی وصولی، سرکاری واجبات کی ریکوری، زیر التوا ریونیو مقدمات، انتقالات، اراضی ریکارڈ کی تصدیق و درستگی، سرکاری اراضی کے تحفظ اور محکمہ مال کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے اجلاس کو مختلف امور پر پیش رفت اور موجودہ صورتحال سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ زرعی آمدنی پر ٹیکس کی وصولی کے عمل میں مزید تیزی لائی جائے اور مقررہ اہداف کے حصول کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے بقایا سرکاری واجبات کی وصولی کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات اٹھانے پر بھی زور دیا انہوں نے انتقالات کے عمل میں شفافیت، اراضی ریکارڈ کی درستگی اور زیر التوا معاملات کو مقررہ مدت کے اندر نمٹانے کی ہدایت

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2پر)

عوام کے جان و مال کا تحفظ اور امن و استحکام اولین ترجیح ہے، فریدہ ترین

کسی بھی ممکنہ ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات یقینی بنائے جائیں، ڈپٹی کمشنر

صحبت پور (خ ن) ڈسٹرکٹ انٹیلی جنس کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں ضلع بھر کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، سیکیورٹی انتظامات اور امن و استحکام کو برقرار رکھنے سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ اداروں کے افسران نے اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی اور سیکیورٹی اقدامات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین نے کہا کہ ضلع میں امن و امان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور مؤثر حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں، کسی بھی ممکنہ ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات یقینی بنائے جائیں اور مشکوک سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے اور عوام

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی شہر میں بجلی اور گیس کی فراہمی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بقیہ 1

ایک کامیاب کارروائی کے دوران حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزم کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا ہے۔ ترجمان ایف آئی اے لاہور کے مطابق، ڈائریکٹوریٹ آف پبلک ریلیشنز کی زیر نگرانی ٹیم نے اعظم کلاتھ مارکیٹ میں چھاپہ مار کر ملزم کو حراست میں لیا، جس کی شناخت ابوزر کے نام سے ہوئی ہے۔ کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے 46لاکھ 65ہزار پاکستانی روپے، موبائل فون اور حوالہ ہنڈی سمیت غیر قانونی کرنسی کے کاروبار سے متعلق اہم دستاویزی شواہد برآمد کر لیے گئے ہیں۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے باقاعدہ تفتیش شروع کر دی گئی ہے تاکہ اس نیٹ ورک سے وابستہ دیگر افراد کا سراغ لگایا جا سکے۔

بقیہ 2

سے مشاورت کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا، اس موقع پر نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے عوامی فلاح و بہبود کو ترجیح دینے اور عام شہریوں کو سہولیات فراہم کرنے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔ اسحاق ڈار کا مزید کہنا تھا کہ قومی معاشی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کے درمیان مسلسل مکالمہ اور مشاورت کلیدی اہمیت رکھتی ہے۔

بقیہ 3

سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور فائرنگ کے نتیجے میں زخمی ہونے والے پولیس اہلکار کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے دعا کی۔ محسن نقوی نے کہا کہ پولیو ورکرز کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار ملک کے صحت مند اور محفوظ مستقبل کے لیے اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں، ان پر حملہ دراصل قوم کے مستقبل پر حملہ ہے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں واضح کیا کہ پولیو ٹیم کی سیکورٹی پر تعینات اہلکاروں پر فائرنگ کا واقعہ کسی صورت قابل برداشت نہیں اور بزدلانہ کارروائی میں ملوث عناصر کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، جنہیں انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

بقیہ 4

مطابق رجسٹریشن نہیں ہوئی۔ اب حکومت نان فائلر دکانداروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی اور جرمانوں کا آغاز کر رہی ہے۔ سید نوید قمر نے کہا آپ کا خیال تھا اس اسکیم سے 80 فیصد دکاندار رجسٹرڈ ہو جائیں گے۔ اگر 20 فیصد بھی رجسٹرڈ نہیں ہوئے تو آپ واپس زیرو پر کھڑے ہیں۔ دکانداروں کے خلاف انفورسمنٹ کا طریقہ کیا ہوگا؟ وزیرمملکت بلال اظہر کیانی نے کہا کہ اس کا مکمل طریقہ کار چند دنوں میں آپ کے سامنے رکھیں گے۔ قائمہ کمیٹی نے کمپنیز ترمیمی بل کلیئر نہ ہونے پر موخر کر دیا۔ چیئرمین کمیٹی نوید قمر نے ایکسپورٹ فسیلیٹیشن اسکیم کے غلط استعمال پر تحفظات کا اظہار کیا اور کہا بریفنگ کیلئے چیئرمین ایف بی آر بھی موجود نہیں ہیں۔ اس بل کو موخر کر رہے ہیں۔

بقیہ 5

کے تعلقات نئی بلندیوں کو چھو رہے ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان میڈیا، ثقافت، ڈرامہ، موسیقی، سیاحت اور عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات کئی نسلوں پر محیط ہیں۔ یہ تعلق محض سفارتی یا سیاسی نہیں بلکہ تاریخی، مذہبی اور عوامی سطح پر مضبوط بنیادیں رکھتا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان مکہ دفاعی معاہدہ دفاعی تعاون کے حوالے سے مضبوط شراکت داری کا عکاس ہے۔ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی متحرک قیادت میں سعودی عرب نے معاشی اور ثقافتی میدان میں نمایاں تبدیلی کی ہے۔ انہوں نے سعودی شہر العلا میں سیاحت کے فروغ اور الدرعیہ کی تاریخی وثقافتی اہمیت کو جدید انداز میں اجاگر کرنے کو سعودی قیادت کے وژن کی نمایاں مثالیں قرار دیا۔ ملاقات میں پاکستانی ڈراموں کو سعودی عرب میں متعارف کرانے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ عطاءاللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستانی ڈرامے خاندانی اقدار، مشرقی روایات اور اسلامی ثقافت کی عکاسی کرتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے دونوں ممالک کے درمیان ادیبوں، شاعروں، فنکاروں، موسیقاروں، میڈیا نمائندگان اور ڈیجیٹل مواد تخلیق کرنے والوں کے وفود کے تبادلوں کی تجویز بھی دی۔ انہوں نے سعودی عرب میں مقیم پاکستانی شہری فرمان علی خان کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے دونوں ممالک کے عوام کے درمیان محبت اور بھائی چارے کی روشن مثال قائم کی۔ فرمان علی خان نے 2009 میں جدہ میں سیلاب کے دوران متعدد افراد کی جانیں بچاتے ہوئے اپنی جان قربان کر دی تھی۔ عطاءاللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان سیاحت کے حوالے سے بے پناہ قدرتی حسن اور تاریخی مقامات کا حامل ملک ہے۔ انہوں نے سعودی میڈیا نمائندوں، سیاحوں اور ڈیجیٹل انفلوئنسرز کو پاکستان کے مختلف سیاحتی مقامات کے دورے کی دعوت بھی دی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے غلط معلومات اور منفی پروپیگنڈے کی روک تھام، فیکٹ چیکنگ کے نظام کو موثر بنانے اور مشترکہ ثقافتی اقدار کی عکاسی کرنے والا مواد تیار کرنے میں تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اس مقصد کے لیے مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے کی تجویز دی، جس میں دونوں ممالک کے فوکل پرسنز اور تکنیکی ٹیمیں شامل ہوں۔ انہوں نے سعودی سفیر کو سوشل میڈیا انفلوئنسرز کی صلاحیتوں سے استفادہ کرتے ہوئے عوامی آگاہی اور اہم حکومتی اقدامات کی تشہیر کے حوالے سے بھی آگاہ کیا۔ عطاءاللہ تارڑ کے مطابق وزیراعظم فیول ریلیف سکیم کے حوالے سے جاری سوشل میڈیا پوسٹ کو 80لاکھ سے زائد مرتبہ دیکھا گیا۔ اس موقع پر سعودی سفیر راجح بن طامی اللقمی نے پاکستان اور سعودی عرب کے مضبوط برادرانہ تعلقات، باہمی اعتماد، احترام اور سیاسی وعسکری تعاون کو قابل فخر قرار دیا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی تقریبات، فنون، ادب اور میڈیا کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 6

جائیں۔ وزیراعظم نے پیٹ اسکین و دیگر جدید تشخیصی سہولیات کو منصوبے کا کلیدی حصہ بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عالمی سطح پر بہترین علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے نجی ادارے کی خدمات حاصل کی جائیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ جناح میڈیکل اینڈ ریسرچ سینٹر کا 59 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ مرکزی ہسپتال اور پارکنگ پلازہ کا بنیادی ڈھانچہ مکمل ہے۔ 403 بستروں پر مشتمل اس منصوبے کو 23 مارچ 2027 تک فعال کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ طبی آلات کی تنصیب و دیکھ بھال، ہسپتال کے ڈیجیٹل مینجمنٹ سسٹم اور دیگر انتظامی امور پر بھی پیش رفت جاری ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ ایچ الیون میں جناح میڈیکل اینڈ ریسرچ سینٹر کے فیز ٹو منصوبے پر نظر ثانی شدہ ڈیزائن کے تحت قومی سطح پر مسابقتی بڈنگ کا عمل شروع کر دیا گیا ہے، تعمیراتی کام بھی جلد شروع ہو جائے گا۔ منصوبے کیلئے جدید تشخیصی مشینری و سکینرز کی خریداری پر بھی کام جاری ہے۔ اجلاس میں وفاقی وزراء احسن اقبال، احد خان چیمہ، سید مصطفیٰ کمال، طارق فضل چوہدری اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 7

کرتے ہوئے 14 روز میں جواب طلب کرلیا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری نوٹس مطابق ایم کیو ایم پاکستان انٹرا پارٹی انتخابات کرانے کی قانونی تقاضے پورے کرنے میں ناکام رہی ہے، پارٹی کو انٹرا پارٹی انتخابات کے لیے مقررہ توسیعی مدت 15 اکتوبر 2026 تک دی گئی تھی، تاہم اس دوران انتخابات نہیں کرائے گئے۔ الیکشن کمیشن نے اپنے نوٹس میں واضح کیا ہے کہ الیکشن ایکٹ 2017 کے تحت انٹرا پارٹی انتخابات کرانا لازمی ہے، جبکہ انٹرا پارٹی انتخابات کے بعد سات روز میں انتخابی سرٹیفکیٹ الیکشن کمیشن میں جمع کرانا بھی ضروری ہے۔ الیکشن کمیشن نے ایم کیو ایم پاکستان کو شوکاز نوٹس کا جواب دینے کے لیے 14 روز کی مہلت دی ہے، جواب نہ ملنے پر الیکشن کمیشن قانون کے مطابق مزید کارروائی کرے گا۔ نوٹس کے مطابق انٹرا پارٹی انتخابات نہ کرانے پر ایم کیو ایم پاکستان انتخابی نشان حاصل کرنے کی اہلیت سے محروم ہوسکتی ہے۔ واضح رہے کہ الیکشن کمیشن نے 26 اکتوبر 2026 کو ایم کیو ایم پاکستان کو شوکاز نوٹس جاری کیا تھا۔

بقیہ 8

مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کر دیے ہیں۔ این آئی ٹی بی کے ترجمان کے مطابق یہ شراکت داری وزارت آئی ٹی و ٹیلی کام کے تحت ڈیجیٹل اکانومی انہانسمنٹ پراجیکٹ (DEEP) کے فریم ورک کے تحت عمل میں لائی گئی جس کا مقصد مربوط اور عوام دوست ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی ہے۔ معاہدے کے تحت این آئی ٹی بی کے نیشنل یونیفائیڈ پلیٹ فارم کے ذریعے شہریوں کو موسم کی روزمرہ پیشگوئی، قدرتی آفات کے قبل از وقت انتباہ، سیلاب اور خشک سالی کے بروقت الرٹس کے علاوہ کسانوں کے لیے خصوصی زرعی ایڈوائزری براہِ راست دستیاب کی جائے گی۔ حکام کے مطابق این آئی ٹی بی اس اقدام کے ذریعے سرکاری محکموں کے ڈیٹا کو مربوط بنا کر عوام تک اہم ترین معلومات کی بروقت رسائی یقینی بنا رہا ہے، جس سے نہ صرف ہنگامی حالات اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے میں مدد ملے گی بلکہ کسانوں اور عام شہریوں کو بااختیار بنایا جا سکے گا۔ تقریب کے اختتام پر باہمی تعاون کی یادگاری شیلڈز کا تبادلہ بھی کیا گیا۔

بقیہ 9

فلور پر ان کی نشاندہی کی گئی ہے۔ اپوزیشن کا مقصد سیاسی روایات کو توڑنا نہیں بلکہ آئینی اور جمہوری طریقے سے اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومتی اراکین یا صوبائی وزرا اپنی حکومت سے مطمئن نہیں تو وہ اپوزیشن سے رابطہ کر سکتے ہیں، ان کے لیے ہمارے دروازے کھلے ہیں اور انہیں اچھی وزارتیں دینے کے لیے بھی تیار ہیں۔ اپوزیشن لیڈر نے سابق وزیراعلی جام کمال خان کے دورِ حکومت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہم سیاسی روایات توڑنا نہیں چاہتے، تاہم اگر کوئی دوبارہ وہی صورت حال پیدا کرنا چاہتا ہے تو ہم اس کا سامنا کرنے کے لیے تیار ہیں۔ میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ جس طرح جام کمال کے دورِ حکومت میں سیاسی حالات کا سامنا کیا تھا، اسی طرح اب بھی تیار ہیں۔ اگر کوئی ہم سے تنگ ہے تو بسم اللہ کرے، ہم پیچھے ہٹنے والے نہیں۔

بقیہ 10

سے بڑھ کر 909.8 کھرب روپے ہو گیا، جو ایک سال کے دوران 7.3 فیصد اضافہ ظاہر کرتا ہے تاہم قرضوں کے مجموعی حجم میں اضافے کے باوجود جی ڈی پی کے مقابلے میں قرضوں کا تناسب 74.3 فیصد سے کم ہو کر جون 2026 کے اختتام تک 71.7 فیصد رہ گیا۔

بقیہ 11

فوری استدعا کو مسترد کر دیا گیا۔ اطلاعات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے سی ڈی اے کے ممبر اسٹیٹ زمان وٹو کے خلاف عدالت میں غلط بیانی اور عدم پیشی سے متعلق توہین عدالت کی درخواست پر سماعت کی، سماعت کے آغاز میں زمان وٹو کی جانب سے غیر مشروط معافی مانگتے ہوئے کیس کو ختم کرنے کی فوری استدعا کی گئی، تاہم چیف جسٹس نے اس استدعا کو نامنظور کرتے ہوئے قرار دیا کہ عدالت آئندہ سماعت پر ملزم کے خلاف فردِ جرم عائد کرے گی۔ سماعت کے دوران چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے ریمارکس دیتے ہوئے سخت برہمی کا اظہار کیا اور کہا کہ آپ عدالتوں کی عزت اور وقار کو سنجیدہ نہیں لیتے، یہاں پر یہ ہرگز نہ سمجھا جائے کہ ہم کسی کی بی ٹیم بنے بیٹھے ہیں اور نہ ہی یہ سمجھا جائے کہ حکومت جو کچھ کہے گی ہم کہیں گے کہ ٹھیک ہے جی؟ جب کیس چیف جسٹس کی عدالت میں سماعت کے لیے مقرر ہوتا ہے تو یہ سینئر کورٹ ہوتی ہے اور جب تک اس عدالت میں کیس کال نہ ہو اور مکمل نہ سن لیا جائے، فریقین کو عدالت میں ہی موجود رہنا چاہیے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس نے اپنے ریمارکس میں مزید کہا کہ مجھے کسی کے ساتھ کوئی ذاتی عناد نہیں ہے اور نہ ہی میں کسی کے خلاف انتقامی کارروائی پر یقین رکھتا ہوں، لیکن جس دن یہ آرڈر پاس ہو رہا تھا، اس دن انہوں نے عذر پیش کیا کہ میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے اور یہاں یہ کہہ کر وہ دوسری عدالت میں پیش ہو گئے، اس دن کیا ہوا یا وہ آرڈر کیا تھا اس بات کو چھوڑ دیں، لیکن جس دن کے لیے یہ غلط بیانی اور آرڈر پاس ہوا، میں اس دن کے عمل کے لیے سزا سناں گا، بعدازاں کیس کی سماعت 12 نومبر تک ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ 12

میرٹ کو فروغ دیا، اٹک کے ہونہار طلبہ پر فخر ہے۔ ان خیالات اظہار انہوں نے اٹک کی کامسیٹس یونیورسٹی میں ہونہار اسکالرشپ اور لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مریم نواز نے وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ تمہیں عدالت میں گھسیٹوں گی۔ پنجاب میں ایک پیسہ بھی کرپشن کی نذر ہوا تو مریم نواز اللہ تعالی اور عوام کو جوابدہ ہے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ جھوٹے الزامات مت لگاؤ، ثبوت ہے تو سامنے لاؤ گجرات میرے حوالے ہوا تھا وہاں بارش ہو جائے تو وہاں ہر طرف پانی کھڑا ہو جاتا تھا۔ تکلیف اس بات کی ہے کہ ڈی سی گجرات ہماری مرضی کا کیوں نہیں لگا؟ میں افسران کی تعیناتی میں 100 فیصد میرٹ پر عمل کرتی ہوں، جو سفارش سے آتا ہے وہ عوام اور ملک کا بیڑہ غرق کرتا ہے۔ میں مسئلے گنوانے والی نہیں بلکہ حل نکالنے والی وزیراعلی ہوں۔ خیبر پختونخوا کی طرف اشارہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جہاں پنجاب کا بارڈر ختم ہوتا ہے وہاں ترقی بھی ختم ہو جاتی ہے۔ میں نے 3 سال میں لوگوں کی مثالی خدمت کی۔ جو لوگ میرے گرنے کے منتظر تھے آج ترقی دیکھ کر پراپیگنڈا کر رہے ہیں۔ مریم نواز کا مزید کہنا تھا کہ کہا جاتا ہے یہ سب اے آئی ہے، تنقید سے گھبرانا نہیں بلکہ مشکل حالات میں حوصلہ برقرار رکھنا چاہیے، میرے لیے سب سے بڑا سرمایا عوام کی محبت ہے۔ وزیراعلی پنجاب مریم نواز کا مزید کہنا تھا کہ مجھے اٹک کے ہونہار طلبا کی محنت پر فخر ہے، ایک ماں کی طرح آج میرا سر فخر سے بلند ہے، ہونہار اسکالر شپ پروگرام میرٹ پر ہزاروں طلبہ کا سہارا بن رہا ہے، نوجوان ہمارا مستقبل اور قوم کا سرمایہ ہیں، یہاں کے بچے پورے پنجاب کے بچوں کو پیچھے چھوڑ گئے۔ مریم نواز نے طلبہ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی طور پر بھڑکانے کے باوجود آپ نے تعلیم کا راستہ نہیں چھوڑا، آج اٹک میں نوجوانوں کا جم غفیر ہے جو کل کو پاکستان کی تقدیر لکھیں گے، طلبہ کی تعلیم پر حکومتی خرچ بہترین سرمایہ کاری ہے۔ بیٹیوں کو آگے بڑھتا دیکھ کر سب سے زیادہ خوشی ہوتی ہے، سفارش کلچر ختم کر کے میرٹ کو فروغ دیا، لیپ ٹاپ سے فری لانسنگ اور جدید تحقیق میں مدد ملے گی، طلبہ گرین بسوں میں مفت سفر کرتے ہیں انہیں ای بائیکس بھی فراہم کی جائیں گی۔ وزیراعلی پنجاب کا کہنا تھا کہ صوبے کے تمام ڈویژنز میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے جا رہے ہیں، ہم ڈگری کے ساتھ ہنر اور روزگار بھی فراہم کر رہے ہیں، آپ محنت کریں، فیس اور وسائل کی فکر حکومت کرے گی۔ عوام مجھے اپنا سمجھتے ہیں، اسی لیے محبت کرتے ہیں، بچوں کے پاس جاتی ہوں تو وہ گلے لگ کر رونے لگتے ہیں۔ بعدازاں مریم نواز نے طلبہ میں اسکالرشپس اور لیپ ٹاپ بھی تقسیم کیے۔

بقیہ 13

مشاورت کی ہے، پیپلز پارٹی کو باضابطہ خط لکھا جائے گا، حکومت کو بھی خط لکھ کر کہا جائے گا کہ انتخابی اصلاحات کیلئے کمیٹی تشکیل دی جانی چاہیے۔ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ کمیٹی میں ایسا نہیں ہونا چاہیے کہ حکومت کے ارکان کی تعداد زیادہ اور اپوزیشن کے ارکان کی تعداد کم ہو۔

بقیہ 14

میں انہوں نے کہا میں تیمور جھگڑا سے ملا کہ آپ وزیر خزانہ ہیں یہ ایس ایم آئیز کیا ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ یہ خیبر پختونخوا کی حکومت کی کارکردگی کا امیج سامنے لانے کا پروگرام ہے۔ ان کی حکومت میں خیبر پختونخوا میں جیلیں توڑی گئیں اور لوگوں کو فرار کرایا گیا۔ 40 سے 45 ہزار لوگوں کو واپس لانے اور 5 سے سات ہزار فائٹرز کو واپس لانے کی بات عمران خان نے کی، ان کو دفتر دینے کو یہ تیار تھے۔

بقیہ 15

نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع بارکھان میں پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور ہر بچے تک پولیو سے بچاؤ کے قطرے پہنچانے کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 16

یار پورٹس کے مطابق یمنی فوج نے کہا ہے کہ انہوں نے حوثیوں کے ساتھ شدید لڑائی کے بعد تبت واشب اور جبل الصرم کی پہاڑیوں کا کنٹرول حاصل کرلیا ہے، بیان میں کہا گیا کہ جھڑپوں کے دوران درجنوں حوثی جنگجو ہلاک یا زخمی ہوئے۔ اس سے قبل یمنی حکومت کے ترجمان نے دعوی کیا تھا کہ سرکاری فورسز نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران حوثیوں کے خلاف 951 سے زائد حملے کیے۔

بقیہ 17

اور طالبات نے شرکت کی تقریب کے دوران طالبات نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی شخصی سیاسی بصیرت بے مثال جدوجہد اصول پسندی اور قیادت کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے مختلف موضوعات پر تقاریر اور خوبصورت ٹیبلوز پیش کیے طالبات نے اپنی پرفارمنس کے ذریعے قائداعظم کی زندگی کے اہم پہلوؤں، تحریک پاکستان میں ان کے تاریخی کردار اور قیام پاکستان کے لیے دی جانے والی عظیم قربانیوں کو اجاگر کیا اس موقع پر تقریب میں قومی جذبہ، حب الوطنی اور قائداعظم سے عقیدت کا اظہار نمایاں رہا اس موقع پراسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمون نے طالبات کی بہترین کارکردگی اعتماد اور تخلیقی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے ان کی بھرپور حوصلہ افزائی کی انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کی انتھک جدوجہد عزم و استقلال اصول پسندی اور مدبرانہ قیادت ہمارے لیے ایک روشن مثال ہے نوجوان نسل بالخصوص طالبات کو چاہیے کہ وہ قائداعظم کے افکار ونظریات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے اپنی زندگی میں محنت، نظم و ضبط دیانت داری اور خود اعتمادی کو اپنائیں انہوں نے کہا کہ تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی کی بنیادی ضمانت ہے اس لیے طالبات اپنی تمام تر توجہ حصولِ علم پر مرکوز رکھیں اور جدید تعلیم کے ساتھ ساتھ اخلاقی اقدار کو بھی فروغ دیں تاکہ مستقبل میں ملک وقوم کی ترقی میں اپنا مؤثر کردار ادا کر سکیں اسسٹنٹ کمشنر نے مزید کہا کہ قائداعظم کا دیا گیا سنہری اصول اتحاد ایمان اور تنظیم آج بھی ہماری قومی زندگی کے لیے مشعلِ راہ ہے ہمیں ان اصولوں کو محض تقریبات اور تقاریر تک محدود رکھنے کے بجائے اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا انہوں نے طالبات پر زور دیا کہ وہ ملک سے محبت قومی یکجہتی، باہمی احترام اور خدمتِ خلق کے جذبے کو فروغ دیں اور ایک تعلیم یافتہ باصلاحیت اور مضبوط پاکستان کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں آخر میں طالبات کی جانب سے پیش کیے گئے پروگرام کو سراہا گیا اور اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ نئی نسل کو قائداعظم کے نظریات جدوجہد اور پاکستان کے قیام کے مقاصد سے روشناس کرانے کے لیے تعلیمی اداروں میں ایسی مثبت اور بامقصد سرگرمیوں کا انعقاد جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 18

مشکلات، بالخصوص قرضوں کے حصول میں رکاوٹوں اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ س موقع پر بی بی او آئی ٹی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالمنان اور ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے شہریار خان بھی موجود تھے۔ ملاقات میں بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے تاجروں، صنعت کاروں، ایکسپورٹرز اور امپورٹرز کو اپنے کاروبار کی توسیع کے لیے مالی معاونت اور قرضوں کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ EXIM بینک اس سلسلے میں اپنا مؤثر کردار ادا کرے اور بلوچستان کے کاروباری افراد کو آسان شرائط پر قرضوں اور مالی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے میں تعاون کرے، تاکہ وہ اپنے کاروبار کو وسعت دینے کے ساتھ ملکی و بین الاقوامی تجارت میں بھی مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ اس موقع پر EXIM بینک کے صدر وسی ای او شہباز ایچ سید نے بلوچستان کے کاروباری طبقے کو مالی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے مثبت دلچسپی کا اظہار کیا، جبکہ دونوں جانب سے اس سلسلے میں تعاون کو آگے بڑھانے اور قابلِ عمل اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 19

نشانہ بنایا گیا۔ اس حوالے سے بتایا گیا ہے کہ سابق 215 ہلمند کور کمانڈر جنرل سمیع سادات کی افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ 36 حملوں کے ساتھ سب سے آگے رہی۔

بقیہ 20

لیبوٹی، نوجوانوں اور متعلقہ سرکاری محکموں کے اشتراک سے ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی کے لیے مشترکہ اقدامات کو فروغ دیا جائے گا اس موقع پر چیئرمین ضلع کونسل شئے مختار بلوچ نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے اور ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر تکمیل کے لیے مقامی آبادی کو اعتماد میں لینا اور منصوبہ بندی و عملی سرگرمیوں میں ان کی شمولیت ناگزیر ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ منصوبوں کے تحت روزگار کے مواقع پیدا ہونے کی صورت میں مقامی نوجوانوں اور اہل علاقہ کو ترجیح دی جائے تاکہ ترقیاتی سرگرمیوں کے ثمرات براہِ راست عوام تک پہنچ سکیں۔

بقیہ 21

گیا کہ بلوچستان میں 39 ریسکیو مراکز ہیں جن میں پانچ ریسکیو مراکز ضلع لسبیلہ اور حب میں ہیں رواں ماہ اکتوبر تک 204 مسافروں کو ٹریفک حادثات میں ریسکیو فرسٹ ایڈ دیکر موقع پر انکی جانیں طاء گئیں اجلاس کے شرکاء نے آرسی ڈی ہائیوے پر پی ٹی کنٹریکٹرز کی جانب سے مشینری ہائیوے پر غلط پارکنگ ڈرائیوروں کی اوورٹیکنگ حادثات کی بنیادی وجوہات قرار دی گئیں اس سلسلے میں فیصلہ کیا گیا کہ ایف ڈبلیو او موٹروے اور ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی جوائنٹ میٹنگ جلد کال کی جائیگی اجلاس میں اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی کہ پبلک ٹرانسپورٹ کے انٹری مقامات سے مسافروں کی اوورلوڈنگ کی روک تھام کی جائیگی اس سلسلے میں فوری طور پر ٹرانسپورٹرز کیساتھ میٹنگ منعقد کی جائیگی اور انہیں پابند کیا جائیگا کہ وہ اپنی گاڑیوں سے ہیوی سرچ لائٹس فوری طور پر ہٹادیں کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے کہا کہ شہریوں کے لئے محفوظ سفر یقینی بنانے اور انکے جان کی سلامتی انتظامیہ کی ذمہ داریوں میں شامل ہے اگر کوئی ٹرانسپورٹر آر ٹی اے ایکٹ کی خلاف ورزی کریگی تو اسکے خلاف کارروائی ہوگی کمشنر لسبیلہ نے آر سی ڈی ہائیوے ہر موٹر سائیکلوں کے ذریعے پٹرول کی ترسیل پر فوری پابندی اور کریک ڈاؤن کے احکامات جاری کیے۔

بقیہ 22

کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو محکمہ مال سے متعلق خدمات کی بروقت فراہمی یقینی بنائی جائے ڈپٹی کمشنر نے ہر جمعرات کو منعقد ہونے والی ریونیو کچہری کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ عوامی شکایات اور دیرینہ ریونیو مقدمات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے تاکہ لوگوں کو فوری ریلیف اور انصاف کی فراہمی ممکن ہو اجلاس میں سرکاری اراضی پر غیر قانونی قبضوں کی روک تھام، سرکاری زمینوں کے تحفظ، اراضی سے متعلق تنازعات کے بروقت حل، محکمہ مال کے فیلڈ اسٹاف کی مؤثر نگرانی اور ریونیو ریکارڈ کی شفافیت کو بھی یقینی بنانے پر زور دیا گیا ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ محکمہ مال کے امور میں غفلت، غیر ضروری تاخیر، بدعنوانی اور کسی بھی قسم کی بے ضابطگی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام افسران اور اہلکار اپنی ذمہ داریاں دیانت داری، شفافیت اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دیں اور عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی کوتاہی سے گریز کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریونیو نظام کی بہتری، سرکاری محصولات کی بروقت وصولی، سرکاری اراضی کے تحفظ اور عوام کو ریونیو سے متعلق سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 23

ایمرجنسی آپریشن سینٹر بلوچستان کے کوآرڈینیٹر انعام الحق اور ڈی ایچ او کوئٹہ ڈاکٹر ایمل مندوخیل بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ 24ماہ سے بلوچستان میں پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا جبکہ گزشتہ ماہ ماحولیاتی نمونوں کے نتائج بھی منفی آئے ہیں جو محکمہ صحت اور انسداد پولیو ٹیموں کی مسلسل محنت کا نتیجہ ہے تاہم ان کامیابیوں کے باوجود مطمئن ہو کر نہیں بیٹھا جاسکتا، افغانستان میں وائرس کی موجودگی اور سرحدی آمدورفت کے باعث بلوچستان میں پولیو وائرس کی ممکنہ آمد کا خدشہ برقرار ہے۔

بقیہ 24

ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ بابا کوٹ کے کاشتکاروں کو درپیش پانی کی قلت کے مسائل کو سنجیدگی سے لیا جائے اور زرعی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے پانی کی فراہمی میں مزید اضافہ کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ زراعت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور پٹ فیڈر کینال سے وابستہ ہزاروں کاشتکاروں کا روزگار زرعی پانی کی بروقت فراہمی سے منسلک ہے، اس لیے نہری نظام کی نگرانی میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران اور عملے کو ہدایت کی کہ نہری پانی کی تقسیم کے نظام کو شفاف اور مؤثر بنایا جائے، ٹیل کے کاشتکاروں تک پانی کی رسائی یقینی بنانے پر خصوصی توجہ دی جائے اور فیلڈ میں موجود مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے تاکہ بابا کوٹ سمیت دیگر زرعی علاقوں کے کاشتکار اپنی فصلوں کی بروقت آبپاشی کر سکیں۔

بقیہ 25

کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیگا۔

بقیہ 26

چاہییں جو سب کیلئے یکساں ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا صرف ایک ملاقات اور علاج کا مطالبہ تھا، لیکن عدالتی فیصلے پر بھی عمل نہیں کیا گیا، سیاسی انتقام کا سلسلہ اب بند ہونا چاہیے اور ارکانِ قومی وصوبائی اسمبلی سمیت بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو رہا کیا جائے۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ گزشتہ روز وکیل کی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات ہوئی، اگر یہ ملاقات پہلے ہو جاتی تو اتنا مسئلہ پیدا نہ ہوتا، سلمان صفدر کی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات میں مقدمات سے متعلق بات چیت ہوئی ہے۔ انہوں نے بیرسٹر سیف کے بیان کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ توقع نہیں تھی کہ وہ اس طرح کی باتیں کریں گے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے مزید کہا ہے کہ ہمیں کب ملاقات کی پیشکش کی گئی؟ ہم آج بھی ملاقات کی کوشش کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ مذاکرات سنجیدگی اور نیک نیتی کے ساتھ ہونے چاہئیں، ہم نے کبھی مذاکرات کی مخالفت نہیں کی۔

بقیہ 27

ٹو جی ڈی پی شرح بڑھانے پر زور دیا ہے۔ وفاقی اور صوبائی سطح پر جی ایس ٹی کی مد میں ٹیکس محاصل میں اضافہ ضروری قرار دیا گیا ہے۔ ذرائع ایف بی آر آئی ایم ایف اگلے مالی سال ریونیو سے متعلق شرائط مزید سخت کر سکتا ہے، اہداف پورے نہ ہونے کی صورت میں ہنگامی ٹیکس اقدامات پر بات ہوگی۔ نئے بجٹ سے پہلے ری ٹیل، ہول سیل، زرعی شعبے سے ٹیکس وصولی پر پیش رفت کی تجویز ہے، آئی ایم ایف نے پروفیشنلز سمیت ٹیکس نیٹ سے باہر تمام شعبوں سے ٹیکس وصولی پر زور دیا ہے، 7ارب ڈالر کے قرض پروگرام کے تحت طے شدہ شرائط پوری کرنا لازمی ہے۔

بقیہ 28

بیرون ملک پی ایچ ڈی کی تعلیم کے لیے اسکالرشپس فراہم کی گئیں، تاہم ان میں سے صرف 12 اساتذہ واپس آکر اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے کے لیے رپورٹ ہوئے۔ آڈٹ حکام کا کہنا تھا کہ معاہدے کی خلاف ورزی کرنے والے اسکالرز کی اسکالرشپس منسوخ کرنے اور ان سے واجب الادا رقم کے علاوہ 25 فیصد جرمانہ وصول کرنے کی گنجائش موجود ہے۔ اس موقع پر یونیورسٹی انتظامیہ نے کمیٹی کو بتایا کہ غیر حاضر اسکالرز سے بانڈ کی رقم اقساط کی صورت میں وصول کی جا رہی ہے۔ اجلاس میں بیوٹمز میں اضافی چارج الاؤنس کی مد میں 36 لاکھ 4 ہزار روپے کی زائد ادائیگی کا معاملہ بھی سامنے آیا۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق 2019 سے 2021 کے دوران متعلقہ ملازمین کو مقررہ رقم سے زیادہ ادائیگیاں کی گئیں۔ چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر ترین نے اس موقع پر کہا کہ سرکاری اداروں میں مالی نظم وضبط برقرار رکھنا اور عوامی وسائل کا تحفظ اولین ترجیح ہے، سرکاری فنڈز کے شفاف اور مؤثر استعمال کو یقینی بنانے کے لیے مالی بے ضابطگیوں کی نشاندہی اور ان کا تدارک ضروری ہے۔

بقیہ 29

فروشی اور نرخ نامہ آویزاں نہ کرنے والے متعدد دکانداروں کو موقع پر سخت وارننگ جاری کی کہ وہ فوری طور پر سرکاری قیمتوں پر عملدرآمد شروع کر دیں، تاہم، مسلسل خلاف ورزی کرنے اور سرکاری احکامات کو ہوا میں اڑانے والے 5 دکانداروں کو موقع پر ہی گرفتار کر لیا گیا۔ انتظامیہ کے اس متوازن، غریب پرور اور بلاامتیاز اقدام کو شہریوں اور خریداروں کی جانب سے بھرپور پذیرائی مل رہی ہے، اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر سید رضی ہریرہ کا کہنا تھا کہ ڈپٹی کمشنر خالد شمس کی واضح ہدایات ہیں کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے، انہوں نے واشگاف الفاظ میں کہا کہ ہمارا مقصد تاجر برادری کو بلاوجہ تنگ کرنا نہیں بلکہ شہریوں کو سستی اور معیاری اشیاء کی فراہمی یقینی بنانا ہے، انہوں نے تاجروں پر زور دیا کہ وہ عوامی مفاد کو مقدم رکھیں، بصورت دیگر وارننگ کے بعد بھی قانون ہاتھ میں لینے والوں کے خلاف مزید سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 30

بچے کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے معذور بنا ڈالتا ہے ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) محمد الیاس کبزئی کا مزید کہنا تھا کہ معصوم بچوں کی صحت ہماری ذمے داری ہے جس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا والدین اپنے پھول جیسے معصوم بچوں کی صحت کی حفاظت ممکن بناتے ہوئے دروازے پر آنے والی پولیو ٹیم کے ساتھ مکمل تعاون یقینی بنا کر پولیو سے بچاؤ کے دو قطرے پلائیں تاکہ آپ کا بچہ صحت مند رہ کر اپنی زندگی کا کامیاب بنائے علاقائی صحافی بھی پولیو کے خلاف جاری جنگ میں ہمارا ساتھ اس طرح سے دیں کہ پولیو مہم کی مانیٹرنگ کرتے ہوئے لاپرائی غفلت کا مظاہرہ کرنے والے پولیو ورکرز کی نشان دہی ممکن بنائیں تاکہ قومی مہم کامیاب ہو سکے قلم کاغذ کیمرے کا درست استعمال یقینی بنا کر قومی پولیو مہم میں اپنا حصہ ڈالیں۔

بقیہ 31

ذمہ دار میڈیا جمہوری معاشرے کے استحکام اور قومی اداروں کی مضبوطی کے لیے ناگزیر ہے، امید ہے کہ نومنتخب قیادت میڈیا انڈسٹری کی ترقی اور براڈ کاسٹنگ کے شعبے کی بہتری کے لئے موثر کردار ادا کرے گی۔ سپیکر نے کہا کہ نومنتخب عہدیداران اپنے تجربے اور صلاحیتوں سے پاکستان کے براڈ کاسٹنگ کے شعبے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ انہوں نے نومنتخب عہدیداران کی کامیابی کیلئے دعا بھی کی۔

بقیہ 32

بنائی جائے اور بلوچستان میں ٹی وی چینلز کے بند کیے گئے بیورو دفاتر فوری بحال کیے جائیں۔ تحفظ و انصاف: آئین کے تحت آزادیِ اظہارِ رائے کو یقینی بنایا جائے، ڈیوٹی کے دوران صحافیوں کے تحفظ اور ان پر تشدد کے واقعات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرا کے متاثرہ صحافیوں کو انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 33

انہوں نے ٹیسٹ کے مختلف مراحل کا جائزہ لیا اور امیدواروں کی جسمانی صلاحیتوں کو جانچنے کے عمل کا مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر امیدواروں سے خطاب کرتے ہوئے ڈی آئی جی عبدالحئی بلوچ نے کہا کہ محکمہ پولیس میں بھرتی ایک اہم ذمہ داری ہے جس کا مقصد ایسے اہل، باصلاحیت اور جسمانی طور پر فٹ نوجوانوں کا انتخاب کرنا ہے جو مستقبل میں عوام کی جان و مال کے تحفظ قانون کی بالادستی اور امن وامان کے قیام میں اپنا موثر کردار ادا کر سکیں۔

بقیہ 34

لیا۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے واضح کیا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا تاکہ ضلع قلات کے عوام کو ان کی دہلیز پر بہترین اور معیاری طبی سہولیات میسر آسکیں۔

بقیہ 35

لورالائی، موسیٰ خیل، بارکھان اور دکی سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں قومی شاہراہوں کی موجودہ صورتحال، ٹوٹ پھوٹ کا شکار سڑکوں، مرمت و بحالی کے کام، جاری اور زیر التوا منصوبوں اور عوام کو درپیش سفری مشکلات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ قومی شاہراہیں نہ صرف مختلف اضلاع اور شہروں کو آپس میں ملانے کا اہم ذریعہ ہیں بلکہ صوبے کی معاشی، تجارتی اور سماجی سرگرمیوں میں بھی بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ خصوصاً دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں شاہراہوں کی تعمیر ومرمت کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو محفوظ، آرام دہ اور بہتر سفری سہولیات میسر آسکیں۔

بقیہ 36

تقریب میں منشیات کے بڑھتے ہوئے استعمال، نوجوان نسل کو اس لعنت سے محفوظ رکھنے، بحالی مراکز کی خدمات اور متاثرہ افراد کو دوبارہ معاشرے کا فعال حصہ بنانے کے حوالے سے اظہار خیال کیا گیا' مقررین نے کہا کہ منشیات کا مسئلہ صرف ایک فرد تک محدود نہیں رہتا بلکہ اس کے اثرات پورے خاندان پر مرتب ہوتے ہیں۔ اگر کسی گھر کا ایک فرد منشیات کی لت میں مبتلا ہو جائے تو والدین، بہن بھائیوں اور دیگر اہل خانہ کو شدید ذہنی، معاشی اور معاشرتی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ منشیات کے خلاف اجتماعی شعور بیدار کیا جائے اور نوجوانوں کو اس تباہ کن راستے سے بچانے کے لیے معاشرے کے تمام طبقات اپنا کردار ادا کریں' صوبائی پارلیمانی سیکریٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا ہے کہ منشیات ایک خطرناک معاشرتی لعنت ہے جو نہ صرف نوجوان نسل کے مستقبل کو تباہ کرتی ہے بلکہ پورے خاندان کو ذہنی، معاشی اور معاشرتی مشکلات سے دوچار کر دیتی ہے۔ منشیات سے پاک معاشرے کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے، جس کے لیے حکومت، سول سوسائٹی، والدین، اساتذہ اور معاشرے کے تمام طبقات کو مشترکہ طور پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ منشیات کے خلاف جدوجہد صرف کسی ایک ادارے یا تنظیم کی ذمہ داری نہیں بلکہ یہ ہم سب کا اجتماعی فریضہ ہے۔ ہمیں نالیوں، گلی محلوں اور تعلیمی اداروں تک آگاہی مہم پہنچانا ہوگی تاکہ نوجوانوں کو منشیات کے نقصانات سے بروقت آگاہ کر کے انہیں اس تباہ کن راستے سے محفوظ رکھا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ منشیات کے باعث ایک فرد کی زندگی متاثر ہونے سے پورا خاندان پریشانی کا شکار ہو جاتا ہے۔ والدین اپنی اولاد کے مستقبل کے حوالے سے فکر مند رہتے ہیں جبکہ خاندان کو مختلف معاشرتی اور مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ منشیات کی روک تھام کے ساتھ ساتھ اس کے عادی افراد کے علاج اور بحالی پر بھی خصوصی توجہ دی جائے۔ حاجی ولی محمد نورزئی نے کمانڈر فضل محمد نورزئی اور فضل محمد فاؤنڈیشن کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ منشیات کے عادی افراد کی بحالی کے لیے کام کرنا ایک قابلِ قدر انسانی خدمت ہے۔ ایسے افراد کو نفرت اور حقارت کے بجائے ہمدردی، علاج اور رہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ مناسب علاج اور بہتر ماحول فراہم کر کے انہیں دوبارہ زندگی کی طرف لایا جا سکتا ہے اور معاشرے کا مفید شہری بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے منشیات کے عادی افراد سے اپیل کی کہ وہ اپنی زندگی کی قدر کریں، اپنے خاندان کی مشکلات کو سمجھیں اور منشیات سے دور رہنے کا عزم کریں۔ انہوں نے کہا کہ زندگی اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم نعمت ہے اور کسی بھی مشکل سے نکلنے کے لیے ہمت، حوصلے اور درست رہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ صوبائی پارلیمانی سیکریٹری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ منشیات کے خلاف شعور اجاگر کرنے اور نوجوان نسل کو اس لعنت سے بچانے کے لیے اجتماعی کوششوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہے جہاں نوجوان تعلیم، کھیل اور مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب ہوں اور منشیات کے بجائے اپنے روشن مستقبل کو ترجیح دیں۔ اس موقع پر رکن بلوچستان اسمبلی ملک نعیم بازئی اور دیگر مقررین نے بحالی مرکز میں جاری کام کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہیں یہ دیکھ کر خوشی ہوئی ہے کہ منشیات کے عادی افراد کے علاج اور بحالی کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے اس سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کیا کہ حکومت کی جانب سے ایسے مراکز کے قیام اور بحالی کی کوششوں میں تعاون فراہم کیا گیا۔ مقررین نے منشیات کے عادی افراد سے اپیل کی کہ وہ اپنی زندگی کی قدر کریں، منشیات سے دور رہیں اور علاج کے ذریعے ایک نئی زندگی شروع کرنے کا عزم کریں۔ انہوں نے والدین اور اساتذہ پر بھی زور دیا کہ وہ نوجوانوں کی سرگرمیوں پر توجہ دیں، انہیں مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کریں اور منشیات کے نقصانات سے آگاہ کریں۔ تقریب کے شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ منشیات کے خلاف شعور اجاگر کرنے، متاثرہ افراد کی بحالی اور نوجوان نسل کو اس لعنت سے محفوظ رکھنے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی تاکہ ایک صحت مند، محفوظ اور منشیات سے پاک معاشرے کا قیام ممکن بنایا جا سکے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمانڈر فضل محمد نورزئی نے بحالی مرکز کی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ منشیات کے عادی افراد پیدائشی طور پر اس لت میں مبتلا نہیں ہوتے بلکہ مختلف حالات، منفی صحبت اور منشیات فروشی جیسے عوامل انہیں اس تباہ کن راستے پر لے جاتے ہیں۔ ایسے افراد کو نفرت اور حقارت سے دیکھنے کے بجائے علاج، رہنمائی اور تعاون فراہم کرنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ اپنی زندگی دوبارہ سنوار سکیں۔

بقیہ 37

درمیان مختلف شعبوں میں موجود تفاوت کی نشاندہی، پیش رفت کی پیمائش اور پالیسی سازی کو قابلِ عمل بنانے کے لیے ایک اہم ذریعہ ہے۔ اس فریم ورک کے ذریعے تعلیم، صحت، معاشی مواقع، سیاسی شرکت، قیادت اور فیصلہ سازی سمیت مختلف شعبوں میں صنفی مساوات کی صورتحال کا منظم جائزہ لیا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں خواتین کو درپیش سماجی، معاشی اور تعلیمی چیلنجز کے پیش نظر قابل اعتماد صنفی اعداد وشمار کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ صوبے کے شہری اور دیہی علاقوں، مختلف اضلاع اور سماجی طبقات کے درمیان موجود فرق کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسی پالیسیاں تشکیل دینے کی ضرورت ہے جو زمینی حقائق کی عکاسی کریں اور خواتین کو عملی طور پر ترقی کے یکساں مواقع فراہم کر سکیں۔ مشیر ترقی نسواں نے کہا کہ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کے لیبر فورس سروے 2020-21 کے مطابق بلوچستان میں 15 سال سے زائد عمر کی آبادی میں خواتین کی لیبر فورس میں شرکت کی شرح تقریباً 8 فیصد جبکہ مردوں کی شرح 43.6 فیصد ریکارڈ کی گئی، جو خواتین کی معاشی شمولیت کے حوالے سے موجود بڑے فرق کی نشاندہی کرتی ہے۔

بقیہ 38

میری ٹائم و پورٹ ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں مشترکہ تحقیق، علمی سرگرمیوں اور طلبہ کی پیشہ ورانہ و عملی مہارتوں کے فروغ پر بھی اتفاق کیا گیا معاہدے میں بالخصوص گوادر پورٹ اور چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تناظر میں جدید کمپیوٹنگ ٹیکنالوجیز کے عملی استعمال اور تحقیقی سرگرمیوں کو خصوصی اہمیت دی گئی ہے، جبکہ دونوں جامعات کے درمیان تعاون کو مؤثر بنانے کے لیے مشترکہ رابطہ کاری کمیٹی کے قیام کی تجویز بھی شامل ہے یہ پیش رفت کالجز، ہائر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے سرکاری جامعات کو فاسٹ نیشنل یونیورسٹی کے ساتھ تعلیمی تعاون کے لیے تجاویز مرتب کرنے کی ہدایات کے تناظر میں عمل میں آئی۔ اس موقع پر جامعہ گوادر کے لیکچرر شعبہ مینجمنٹ سائنسز صغیر نسیم اور فاسٹ نیشنل یونیورسٹی کی اسسٹنٹ منیجر کیریئر سروسز اینڈ انڈسٹریل لائزن زینب شیخ بھی موجود تھیں

بقیہ 39

بنانے اور علاقائی و عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سعودی پریس ایجنسی کے مطابق گفتگو کے دوران سعودی عرب اور فرانس کے درمیان دفاعی شعبے میں سٹریٹجک تعلقات کا جائزہ لیا گیا اور انہیں مزید مستحکم کرنے کے طریقوں پر بات چیت ہوئی۔ دونوں رہنماں نے خطے اور دنیا میں ہونے والی پیش رفت کے علاوہ علاقائی و عالمی امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے لئے مشترکہ کوششوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 40

سکیمیں تعمیر کی جائیں گی۔ پلاننگ کمیشن کے مطابق منصوبے کے تحت ضلع خضدار کے 50 مختلف مقامات پر شمسی توانائی سے چلنے والے واٹر سپلائی سسٹم قائم کیے جائیں گے، جن کے ذریعے مقامی آبادی کو پانی کی فراہمی یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔ منصوبے میں پانی کی فراہمی کے لیے شمسی توانائی کے استعمال کو فروغ دیا جائے گا، جس سے ایندھن پر انحصار کرنے والے روایتی پمپنگ نظام کے استعمال میں کمی آئے گی۔ اس اقدام سے دور دراز اور منتشر آبادیوں میں پانی تک رسائی بہتر بنانے اور مقامی سطح پر آبی وسائل کے موثر استعمال کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ یہ منصوبہ حکومت کے قومی ترقیاتی پروگرام اڑان پاکستان اور 5Es فریم ورک کے ماحولیات، پانی اور غذائی تحفظ کے شعبے سے ہم آہنگ ہے، جس کا مقصد قابل تجدید توانائی کے فروغ اور آبی تحفظ کے ذریعے مقامی آبادیوں کے معیار زندگی میں بہتری لانا ہے۔

بقیہ 41

منصوبہ صوبائی حکومت کے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (PSDP) کے تحت مکمل کیا گیا ہے، جس کا مقصد علاقے میں پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر، مؤثر اور مستحکم بنانا ہے۔ منصوبے میں 60 کے وی اے جنریٹر، 30 ہارس پاور موٹر، 45 ہزار واٹ کا سولر سسٹم، 50 ہزار گیلن گنجائش کا واٹر ٹینک، حفاظتی دیوار اور پائپ لائن کی تنصیب شامل ہے۔ جدید سولر سسٹم اور متبادل بجلی کی سہولت سے پمپنگ اسٹیشن کی فعالیت اور پانی کی فراہمی کے تسلسل کو یقینی بنانے میں مدد ملے گیاس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ عوام کو پینے کے صاف پانی سمیت بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ صوبائی حکومت کے ترقیاتی وژن کے مطابق عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ بنیادی سہولیات لوگوں کی دہلیز تک پہنچائی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈگارو پمپنگ اسٹیشن کی تکمیل اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، جس سے مقامی آبادی اور ملحقہ علاقوں میں پانی کی فراہمی کے نظام میں بہتری آئے گی

بقیہ 42

کے افسران کو ان کے حل کے لیے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر مہراللہ سومرو نے ادارہ صوبائی محتسب کے دائرہ کار اور ذمہ داریوں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ صوبائی محتسب کا ادارہ سرکاری محکموں کی بدانتظامی، غیر ضروری تاخیر، اختیارات کے ناجائز استعمال اور عوامی شکایات کے ازالے کے لیے کام کرتا ہے۔ ادارے کا بنیادی مقصد شہریوں کو فوری اور بلا معاوضہ انصاف کی فراہمی، سرکاری محکموں کی کارکردگی میں بہتری اور عوام کو درپیش مشکلات کا مؤثر حل یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو اپنی شکایات کے اندراج اور مسائل کے حل کے لیے محتسب کے ادارے سے بھرپور استفادہ کرنا چاہیے۔ عوامی مسائل کے فوری ازالے اور سرکاری اداروں کو عوام کے سامنے جوابدہ بنانے کے لیے آئندہ بھی اس طرح کی کھلی کچہریوں کا انعقاد جاری رکھا جائے گا تاکہ شہریوں کو ان کی دہلیز پر انصاف اور ریلیف کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔

بقیہ 43

کے لیے سرکاری و غیر سرکاری اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری اور باہمی تعاون ناگزیر ہے۔ اس سلسلے میں بی آر ایس پی رائز پروگرام کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھا جائے گا تاکہ ترقیاتی سرگرمیوں کے ثمرات ضلع کی تمام یونین کونسلز اور مقامی آبادی تک پہنچ سکیں۔

بقیہ 44

خیر میں بھرپور حصہ لیا اور پولیس کی مدد کی۔ گاڑی کے مالکان کا قلعہ سیف اللہ پولیس کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔

بقیہ 45

کر دیا گیا۔ ایس ایچ او پولیس کا کہنا ہے کہ پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے اور واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 46

کہ جب تک ترقیاتی کام مکمل نہیں کیے جاتے، ان کا احتجاج جاری رہے گا۔ علاقہ مکینوں نے وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان اور محکمہ لوکل گورنمنٹ کے اعلی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وارڈ نمبر ایک کے ترقیاتی فنڈز کے استعمال کا آڈٹ کرایا جائے، مبینہ کرپشن کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 47

یں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے بزنس ٹو بزنس (B2B) روابط کے فروغ، نجی شعبے کی زیادہ سے زیادہ شمولیت اور تجارت و سرمایہ کاری میں سہولت کے لیے بینکاری نظام کو بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 48

پرامن ملک ہے اور پاکستانی عوام امن واستحکام کے خواہاں ہیں، تاہم ملک میں بدامنی پھیلانے اور ترقی کے عمل کو سبوتاژ کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ناگزیر ہے۔ بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور امن کے لیے تمام سیاسی قوتوں، عوام اور اداروں کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے قومی اتحاد اور یکجہتی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ عوام سے کیے گئے وعدے ہر صورت میں پورے کیے جائیں گے عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی ہنگامی بنیادوں پر کیے جا رہے ہیں کسانوں اور زمینداروں کو زرعی پانی کی فراہمی کے لیے نہری نظام کی بحالی اور فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ حلقہ انتخاب جلد ترقی کی منزل طے کر سکے۔

بقیہ 49

حاصل کر سکیں۔ جامعہ تربت کے ترجمان کے مطابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے طلبہ کو معیاری علمی و عملی تجربات کے مواقع فراہم کرنے پر شعبہ نیچرل اینڈ بیسک سائنسز کی کاوشوں کو سراہا۔ اپنے پیغام میں وائس چانسلر کا کہنا تھا کہ جامعہ تربت چاہتی ہے کہ طلبہ جو کچھ کلاس روم میں سیکھیں، اسے عملی میدان میں بھی آزمائیں، تاکہ علاقے کے مسائل، خصوصاً زراعت سے متعلق مشکلات کا سائنسی حل نکالا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ طلبہ کو فیلڈ ریسرچ سے جوڑنا اور مقامی کمیونٹی کو مختلف مسائل کا سائنسی حل فراہم کرنا جامعہ تربت کے اسٹریٹجک پلان 2026-2030 کے بنیادی اہداف میں شامل ہے۔ دورے کے اختتام پر ڈاکٹر ارشاد معیار نے طلبہ کی عملی تربیت کے لیے سہولیات اور تعاون فراہم کرنے پر فارم کے مالک پروفیسر طفیل بلوچ کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 50

داروں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ روزی روٹی کمانے والے بے گناہ غریبوں کو بے دردی سے نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ شہید رضا محمد عرف جاوید علی نے لواحقین میں بوڑھے والدین، بیوہ اور چار چھوٹے یتیم بچے چھوڑے ہیں، جبکہ شہید محمد رحیم کٹوہر اپنے گھر کا واحد کفیل تھا جس کی رواں برس جنوری میں شادی طے تھی۔ عوامی و سماجی حلقوں نے حکومتِ بلوچستان اور اعلی حکام سے فوری مطالبہ کیا ہے کہ شہدا کے نادار و یتیم خاندانوں، بوڑھے والدین اور بیوہ کی مستقل مالیاتی کفالت کے لیے خصوصی امدادی پیکیج کا اعلان کیا جائے اور واقعے میں ملوث عناصر کو فوری کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

بقیہ 51

پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کی فرض شناسی، بہادری اور قومی خدمات پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کی قومی مہم میں فرائض انجام دینے والے اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت ہے۔ صدر مملکت نے شہدا کے اہلِ خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمی پولیس اہلکار کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ پولیو ٹیموں کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار قومی فریضہ انجام دے رہے ہیں اور ان کی قربانیاں فراموش نہیں کی جائیں گی۔

بقیہ 52

لنک فراہم کریں۔ مقابلے میں شرکت کی آخری تاریخ 14 نومبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔ موصولہ ویڈیوز کا جائزہ آزاد جیوری بورڈ لے گا، جس میں تخلیقی صلاحیتوں اور کہانی بیان کرنے کے انداز کو 30 فیصد نمبر دیے جائیں گے محکمہ سیاحت نے بلوچستان کے نوجوانوں، ویڈیوگرافرز اور ڈیجیٹل کانٹینٹ کریئیٹرز سے اپیل کی ہے کہ وہ اس مقابلے میں بھرپور حصہ لے کر بلوچستان کے ساحلی حسن، ثقافتی شناخت اور سیاحتی امکانات کو دنیا کے سامنے اجاگر کریں۔

بقیہ 53

ہر سطح پر ذمہ داری اور مستعدی کے ساتھ فرائض انجام دیے جائیں انہوں نے واضح کیا کہ مہم کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ ہر علاقے میں تعینات پولیو ٹیموں کی کارکردگی کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہنے پائے اور رہ جانے والے بچوں کو فوری طور پر کور کیا جائے انہوں نے مزید کہا کہ پولیو جیسے موذی مرض کے مکمل خاتمے کے لیے تمام متعلقہ محکموں پولیو ورکرز اور مانیٹرنگ افسران کو باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت کام کرنا ہوگا تاکہ مستقبل کی نسلوں کو اس خطرناک بیماری سے محفوظ بنایا جا سکے۔

بقیہ 54

الرحمان کی رہائشگاہ پر آئے اور دعوی کیا کہ ان کے موبائل فونز میں ایک ویڈیو موجود ہے، اس ویڈیو میں مبینہ طور پر دکھایا گیا کہ چند افراد گلی کے آغاز میں کھڑے ہو کر اندر آنے والوں سے شناخت پوچھ رہے ہیں اور خود کو مولانا کے اہلکار ظاہر کر رہے ہیں، تاہم پولیس اہلکاروں کی جانب سے دکھائی جانے والی ویڈیو حقیقت میں ہماری گلی کی ہے ہی نہیں۔ مولانا اسجد محمود نے الزام عائد کیا کہ رات گئے پولیس کا اس طرح گھر پر دھمکنا، کوئی غیر متعلقہ اور جھوٹی ویڈیو دکھا کر ہراساں کرنا اور سکیورٹی ہٹانے کے احکامات صادر کرنا، دراصل مولانا فضل الرحمان اور ان کے اہل خانہ کو شدید ذہنی اذیت میں مبتلا کرنے اور ان کی جان کو خطرے میں ڈالنے کی ایک گہری اور سوچی سمجھی سازش کا حصہ ہے، حکومتِ وقت فوری طور پر یہ واضح کرے کہ اس غیر قانونی اور شرمناک کارروائی کا حکم کس نے دیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان اس قوم کے عظیم رہنما ہیں، قائدِ جے یو آئی اور ان کے اہلِ خانہ کی جان و مال کی سیکیورٹی ریاست کی اہم ترین ذمہ داریوں میں شامل ہے، آج کے بعد اگر کوئی بھی غیر معمولی یا ناخوشگوار واقعہ پیش آتا ہے تو اس کی تمام تر ذمہ داری حکومتِ وقت اور ان کے آقاں پر عائد ہوگی اور وہ ہمارے مجرم ہوں گے، اس قسم کے اوچھے ہتھکنڈے جے یو آئی کے رہنماں اور کارکنوں کے پختہ حوصلے ہرگز پست نہیں کر سکتے، قوم اور کارکنان کو اس صورتحال میں مکمل بیدار رہنا چاہئے۔

بقیہ 55

رہیں۔ امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی اور خلیجی خطے میں بحری رکاوٹوں کے باوجود عالمی منڈی میں پاکستانی باسمتی چاول کی طلب برقرار رہی۔ مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی کے دوران پاکستان کی چاول کی برآمدات کے حجم میں 51 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جولائی سے ستمبر 2026 کے دوران چاول کی برآمدات سے حاصل ہونے والے زرمبادلہ میں بھی 37 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ رپورٹ کے مطابق امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی اور خلیجی خطے میں بحری نقل وحمل کو درپیش رکاوٹوں کے باوجود عالمی منڈی میں پاکستانی چاول، خصوصاً باسمتی چاول کی طلب برقرار رہی، جس کے نتیجے میں ملکی برآمدات میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔

بقیہ 56

مذمت واقعہ ہے، پولیو ورکرز بچوں کے محفوظ مستقبل اور صحت مند پاکستان کے لیے قومی فریضہ انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ٹیموں کو تحفظ فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ پولیو ورکرز کو نشانہ بنانا انسانیت اور قومی مفاد کے خلاف ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے مغوی پولیو ورکرز کی بحفاظت بازیابی کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات اٹھانے پر زور دیا۔

بقیہ 57

ترجمان کرنل ترکی المالکی نے ایکس پر جاری بیان میں ڈرون کو روکنے اور تباہ کرنے کی تصدیق کی ہے۔ تاہم انھوں نے ڈرون کی سمت، اسے بھیجنے والے یا اس کے ممکنہ ہدف کے بارے میں مزید تفصیلات نہیں بتائیں۔ انادولو نیوز ایجنسی کے مطابق سعودی عرب اور حوثی جنگجوں کے درمیان حالیہ ہفتوں میں کشیدگی میں اضافہ ہوا ہے۔ سعودی قیادت میں قائم اتحادی افواج نے 30 اکتوبر کو بھی دعوی کیا تھا کہ مکہ مکرمہ کے علاقے میں تباہ کیا گیا ڈرون حوثی جنگجوں نے بھیجا تھا۔ رپورٹ کے مطابق حوثی فوجی ترجمان یحیی سریع نے اس الزام کو مسترد کرتے ہوئے کہا تھا کہ ان کی فورسز نے اس روز سعودی سرزمین پر کوئی حملہ نہیں کیا۔ یمن میں 2015 سے جاری تنازع کے دوران سعودی عرب اور حوثی جنگجوں کے درمیان کشیدگی برقرار ہے اور سعودی عرب اس سے قبل بھی اپنے مختلف علاقوں میں میزائل اور ڈرون حملوں کو ناکام بنانے کے دعوے کر چکا ہے۔

بقیہ 58

عہدیدار نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا جنگ کے خاتمےکیلئے کسی معاہدے تک پہنچنے سے ابھی بہت دور ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے عہدیدار نے کہا کہ ایران امریکا کے حد سے زیادہ مطالبات کو قبول نہیں کرے گا، اگر امریکا آبنائے ہرمز کھلوانا چاہتا ہے تو اسے ایران کی شرائط پوری کرنا ہوں گی، جس کے بعد جوہری مذاکرات شروع ہو سکتے ہیں۔ ایرانی عہدیدار کا کہنا ہے کہ ثالث ایران اور امریکا کے درمیان اختلافات کم کرنے کے لیے بھرپور کوششیں کر رہے ہیں، تاہم ایران امریکی حملوں کی صورت میں خطے اور اس سے باہر بھرپور جواب دینے کے لیے تیار ہے۔ نا چاہتا ہے تو اسے ایران کی شرائط پوری کرنا ہوں گی، جس کے بعد جوہری مذاکرات شروع ہو سکتے ہیں

امر بالمعروف و نہی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
Daily ETLA-E-AAM Quetta
روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
E-mail Etlaeaam2010@gmail.com

چیف ایڈیٹر محمد عمر نے
الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر
نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبرز 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

سہ ملکی ون ڈے سیریز کا فاتح

پاکستان نے سہ ملکی ون ڈے سیریز کے سنسنی خیز فائنل میں سری لنکا کو تین وکٹوں سے شکست دیکر ٹرافی اپنے نام کر لی۔ یہ میچ قذافی سٹیڈیم لاہور میں کھیلا گیا۔ پاکستان نے مطلوبہ ہدف 48.3اوورز میں سات وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔ سری لنکا نے ٹاس ہارنے کے بعد پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50اوورز میں آٹھ وکٹوں کے نقصان پر325 رنز بنائے۔ قومی ٹیم نے فخر زمان کی 127 رنز کی شاندار سنچری، سعد بیگ کی عمدہ بیٹنگ اور عرفات منہاس کی جارحانہ اننگز کی بدولت کامیابی حاصل کی۔ آغاز میں وکٹیں جلد گریں تو پاکستانی ٹیم دباؤ کا شکار ہوگئی تاہم فخر زمان نے ذمہ دارانہ اور جارحانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کیا، سعد بیگ کے ساتھ مل کر اننگز کو سنبھالا اور تیسری وکٹ کی شراکت میں 149 رنز بنا کر پاکستان کی جیت کی بنیاد رکھ دی۔ فخر زمان کی وکٹ گرنے کے بعد مقابلہ دلچسپ مرحلے میں داخل ہو گیا، سری لنکن باؤلروں نے پاکستانی بیٹنگ پر دباؤ بڑھانے کی کوشش کی۔ اِس موقع پر عرفات منہاس نے جارحانہ انداز اپناتے ہوئے 61 رنز کی اہم اننگز کھیلی جبکہ حسن نواز نے ناقابلِ شکست 37 رنز بنا کر ٹیم کو فتح کے قریب پہنچا دیا۔ آخری لمحات میں شاہین شاہ آفریدی نے چھکا لگا کر قومی ٹیم کو فتح سے ہمکنار کیا۔ سری لنکا کی طرف سے کامندو مینڈس نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 131 رنز بنائے جبکہ پاون رتھنائیکے نے 77 رنز بنا کر اُن کا بھرپور ساتھ دیا۔ پاکستان کی طرف سے شاہین شاہ آفریدی، نسیم شاہ، حارث رؤف اور سلمان علی آغا نے دو، دو وکٹیں حاصل کیں۔ فخر زمان کو میچ کا بہترین کھلاڑی اور عرفات منہاس کو سیریز کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ فائنل مقابلے کو دیکھنے کیلئے چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر سمیت اہم شخصیات بھی قذافی سٹیڈیم میں موجود تھیں۔ صدرِ مملکت نے اپنے پیغام میں سہ ملکی ون ڈے کرکٹ سیریز جیتنے پر قومی کرکٹ ٹیم کے تمام کھلاڑیوں اور ٹیم مینجمنٹ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی کھلاڑیوں کی بھرپور محنت اور مشترکہ کوششوں کا نتیجہ ہے۔ وزیراعظم نے چیئرمین پی سی بی کو سہ ملکی سیریز کے کامیاب انعقاد اور قومی ٹیم کی فتح پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پی سی بی اور ٹیم مینجمنٹ کی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں۔ اُنہوں نے اِس اُمید کا اظہار کیا کہ قومی کرکٹ ٹیم مستقبل میں بھی اِسی جذبے، محنت اور ٹیم ورک کے ساتھ ملک کے لئے کامیابیاں حاصل کرتی رہے گی۔ یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ پاکستانی قومی ٹیم نے2008ء کے بعد پہلی مرتبہ سہ ملکی ون ڈے ٹورنامنٹ جیتا ہے، 2017ء میں چیمپئنز ٹرافی جیتنے کے بعد پاکستان چھ بڑے کثیر ملکی ون ڈے ایونٹس میں ٹائٹل حاصل کرنے میں ناکام رہا جن میں دو ایشیاء کپ، دو عالمی کپ، ایک چیمپئنز ٹرافی اور2025ء کی سہ ملکی سیریز شامل ہیں۔ اِن چھ ایونٹس میں قومی ٹیم کو مجموعی طور پر 17 میچوں میں شکست ہوئی۔ اِس عرصے میں پاکستان کی بین الاقوامی کرکٹ کارکردگی کا جائزہ صرف اِن ٹورنامنٹس تک محدود نہیں رکھا جا سکتا کیونکہ ٹیم نے ٹیسٹ، ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی سمیت درجنوں مقابلوں میں حصہ لیا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق قومی ٹیم نے صرف 2025ء میں تینوں فارمیٹس کے 50 سے زائد بین الاقوامی میچ کھیلے جن میں کم و بیش 30 کامیابیاں حاصل کیں۔ ملک میں پاکستان سپر لیگ سے کرکٹ کی بحالی کا سفر شروع ہوا اور اب بین الاقوامی ٹیمیں مسلسل پاکستان آ رہی ہیں۔ سری لنکا اور برطانیہ کے ساتھ سہ ملکی سیریز اِس بات کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ یہ فتح قومی کرکٹ ٹیم کے اعتماد کی بحالی میں موثر کردار ادا کر سکتی ہے لیکن مزید کامیابی کیلئے ٹیم کو کارکردگی میں تسلسل پیدا کرنا ہوگا۔ ورلڈ کپ 2027ء تک اسے اپنی خامیوں پر قابو پانے، کمبی نیشن مستحکم کرنے اور ون ڈے کرکٹ میں تسلسل پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ اِس کے ساتھ ساتھ مڈل آرڈر کی مضبوطی، پاور پلے میں موثر بیٹنگ، آخری اوورز میں رنز کا دفاع، نئی اور پرانی گیند سے باؤلنگ، فیلڈنگ کے معیار کو بہتر بنانا ناگزیر ہے۔ سلیکشن میں تسلسل اور نوجوان کھلاڑیوں کو مناسب مواقع دینا بھی اہم ہے۔ قومی ٹیم کو آئندہ سیریز میں اپنے کمبی نیشن کے تجربات مکمل کر کے ایک ایسا متوازن سکواڈ تشکیل دینا ہوگا جو جنوبی افریقہ کی باؤنسی پچوں اور مختلف کنڈیشنز سے ہم آہنگ ہو سکے بالخصوص اِسے آسٹریلیا اور بھارت سمیت دیگر مضبوط حریفوں کے خلاف مقابلے کے لئے کھلاڑیوں کی تکنیکی مہارت، ذہنی مضبوطی اور دباؤ میں فیصلے کرنے کی صلاحیت کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ قومی ٹیم کا اصل ہدف عالمی کپ میں بہترین کارکردگی دکھاتے ہوئے فائنلز تک پہنچنا اور فتح حاصل کرنا ہونا چاہیئے۔

سیاسی منظر نامہ اور مشورہ عرضِ تمنا

محمد دلاور چودھری

dilawarch25@gmail.com

دنیا کے چلن دیکھ کر محسوس ہو رہا ہے کہ بہت زیادہ جمہوری خرابی کے بعد آجکل معاملات قدرے درستی کی طرف مائل ہیں۔ پاپولر سیاست کے نام نہاد سے "نون لیگ" ٹرمپ سیاسی مشکلات کا شکار ہیں تو نیتن یاہو کو بھی "انتخابی لینے کے دیئے" پڑے ہوئے ہیں اور جمہوری خرابی میں پیش پیش اس ٹرائیکا کے تیسرے "سپہہ" یعنی مودی کو بھی "ننھے منھے" کا کروچ، آہستہ آہستہ ہاتھوں سے لے رہے ہیں سرمایہ دارانہ نظام کی "ڈٹی" ہوئی لبرل جمہوریت اپنے آپ کو اتنا درست کر پائے گی یہ کہنا محال ہے لیکن فی الوقت "سواد" خوب آ رہا ہے۔ ملکی سیاسی صورتحال بھی کافی "دباؤ" میں ہے۔ پرانی "لوریاں" دم توڑ رہی ہیں اور عوام صرف "باتوں کی بارش میں بھیگنے" کیلئے بالکل بھی آمادہ دکھائی نہیں دیتے اور ان کے تیور صاف بتا رہے ہیں کہ وہ اب "پھونکوں" سے "سیاسی چراغ" جلائے رکھنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ حکومت اور پی ٹی آئی دونوں مذاکرات کی اہمیت کو اس طرح تسلیم کر رہے ہیں کہ بات چیت کا سلسلہ ٹوٹنے کا خطرہ وار ایک دوسرے کو قرار دے رہے ہیں حکومتی مؤقف کی تان "ہم آواز" ہو کر اسی ایک جملے پر ٹوٹ رہی ہے کہ " گورنر راج اور ایمرجنسی آخری آپشن کے طور پر استعمال کئے گئے ہیں" سیاسی بات تو یہ ہے کہ جمہوریت میں اس طرح کے آپشن آخری نہیں ہوا کرتے بلکہ مذاکرات ہی پہلا اور آخری ہوا کرتے ہیں اور مذاکرات کو ہی آخری آپشن کے طور پر ذہن میں رکھنا چاہئے۔ بات چیت کو بھی اتنا وقت نہیں دیا گیا کہ گورنر راج کو " آخری آپشن" بتایا جائے۔ دو روزہ مذاکرات کے بعد جو باتیں سامنے لائی گئیں کہ فلاں پر بھی اختلاف تھا تو فلاں پر بھی عدم اتفاق تھا، وہ ایسی "چارج شیٹ" ہیں جو فی روزہ مرحلہ وار ہر معاملے پر الگ مذاکرات کے بعد بھی جاتی ہیں تو زیادہ مناسب معلوم ہوتیں۔ حکومت کو مشورہ ہے کہ اس نے "درمیان والے" آپشن کو آخری سمجھ کر استعمال کر لیا ہے تو کم از کم اب اصل آخری جمہوری آپشن استعمال کر کے بات چیت کی طرف آئے اور مکمل جمہوری مزاج کے ساتھ آئے تا کہ جمہوریت کا یہ پودا جو ہمارے 79 سالہ "غیر جمہوری کارناموں" کے باعث بقول فیض صبر کے پودے کی طرح پھولا نہ پھلا ہے اس کا "سائس" تو کسی قدر سنبھال ہو سکے۔ دوسری طرف "تحریک انصاف پلس" ہے۔ پلس اس لئے کہ اس کے بہت سے معاملات ایک دو ایسے رہنماؤں کے ہاتھوں میں ہیں جن کا پی ٹی آئی کی بنیادی رکنیت سے کوئی تعلق نہیں بلکہ وہ معزز "اتحادی" ہیں۔ اس کے علاوہ بہت سے معاملات "سوشل میڈیا اینفلینسرز" کے بھی سپرد ہیں جو کسی وقت بھی افہام وتفہیم کے "بارود" کو اپنے جارحانہ انداز کی "تیلی" دکھانے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے بھی "بانی پارٹی" سے مشاورت ضروری ہے کا نعرہ بلند کر کے تو بھی پارلیمانی پارٹی کو تمام اختیارات دینے کا خوشا چھوڑ کر معاملات کا "توازن" پارٹی قیادت کے ہاتھوں سے پرے دھکیل دیا جاتا ہے اور وہ کھڑے ہاتھ ملتے رہ جاتے ہیں۔ جمہوریت کا اصل مفہوم ووٹ ڈالنے یا محض قیادت کے انتخاب میں نہیں اختیارات کی زیادہ سے زیادہ "منصفانہ تقسیم" میں ہے اور معاملات کو بات چیت سے حل کرنے میں ہے۔ جہاں تک اختیارات کی منصفانہ تقسیم کا معاملہ ہے وہ تو ہماری اکثر سیاسی جماعتوں کے "خون" میں بالکل بھی شامل دکھائی نہیں دیتا اور نہ ہی وہ اسے غلطی مان کر اپنے اندر "ایڈجسٹ" کرنے پر آمادہ دکھائی دیتی ہیں وہ صرف یہ چاہتی ہیں کہ "بھاگ لگے رہن" خاندان کے ایک فرد کے بعد دوسرا "گدی" سنبھالتا رہے اور باقی سب ارکان "سیارے" بن کر اس "سورج" کے گرد چکر لگاتے رہیں۔ اکثر کسی نازک سوال پر جب پارٹی کا "بڑا" کہتا ہے کہ "اب کا فیصلہ ہماری فلاں باڈی کرے گی تو خواہ مخواہ ہنسی نکل جاتی ہے۔ ہماری تو ہنسی نکلتی ہے میری میر ہوتے تو کہتے کہ "جو چاہو سو آپ کرو ہو، ہم کو عبث بدنام کیا" ہماری سیاسی پارٹیوں کے کرتا دھرتا حضرات کو سیاسی جماعتوں کے اندر کم از کم اتنی جمہوریت تو باقی رکھنی چاہیے جتنی وہ سیاسی جلسوں یا جذباتی پریس کانفرنسوں میں "چھوڑ" جاتے ہیں۔ یہ اس لئے بھی ضروری ہوتا ہے کہ "حکمرانی" میں تو کام چلتا رہتا ہے لیکن اپوزیشن میں اکثر لیڈر حضرات جب "اندر" ہو جاتے ہیں تو کوئی پرسان حال نہیں رہتا اور پارٹیاں بند گلی کی طرف مڑ جایا کرتی ہیں۔ آج کل پی ٹی آئی کو بھی یہی مسئلہ درپیش ہے اس لئے اسے بھی حکومت سے مذاکرات کا اگلا دور شروع کرنے کی باتیں کرنے اور دعوتیں دینے کی بجائے اپنے سب لوگوں کو اکٹھا کر کے پہلے ان سے "مذاکرات" کرنے کی ضرورت ہے تا کہ ایسے نکات تیار کئے جا سکیں جن پر سب متفق ہوں اور پھر "آدھی رات" کو مشاورتوں اور "نئے خیالات" کا نیا سلسلہ شروع نہ ہو سکے۔ یہ نکات وہ ہونے چاہئیں جن کے بارے میں طے کر لیا جائے کہ "سوشل میڈیا اینفلینسرز" کی تنقید یا تعریف تھی انہیں "ادھر سے اُدھر" نہیں کر سکے گی۔ پی ٹی آئی میں واضح فیصلے کا بحران شاید اس لئے ہے کہ ہر کوئی اپنی جگہ سمجھتا ہے کہ وہ مکمل اعتماد سے کسی اتفاق رائے پر پہنچ سکتا ہے نہ اسے پہنچنے دیا جائے گا۔ پی ٹی آئی سے ہٹ کر ملکی سیاسی جماعتوں جن میں حکمران مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی اور اپوزیشن جے یو آئی وغیرہ شامل ہیں، کو بھی ایک "کل جماعتی مباحثے" کی ضرورت ہے کہ "مولا خوش رکھے" حالات ہمیشہ ایک جیسے نہیں رہتے ان پارٹیوں سے زیادہ کون جانتا ہے کہ کبھی "نیوچی بھی غم" ہماری سیاسی جماعتوں کے "کے ساتھ" ہیں اس لئے سب کو ملکر ایک عملی جمہوری لائحہ عمل تیار کر لینا چاہئے کہ چاہے "آسمان گرے یا زمین پھٹے" ایک دوسرے کے خلاف خاص حد سے آگے نہیں جانا۔ ویسے آجکل ایوانوں کے اندر اور باہر وقفے وقفے سے جس طرح کے "مشاعرے" جاری رہتے ہیں وہ سیاسی اور جمہوری مستقبل کیلئے انتہائی مایوس کن ہیں۔ لڑتے ہوئے جس طرح کی زبان استعمال کی جاتی ہے وہ شاید گلی محلے کی خواتین کیلئے بھی نئی چیز ہو اس طرح بتایا جا رہا ہے کہ فلاں نے فلاں وقت میں یہ "لیا وہ لیا" یقیناً غالب کے شاگرد عزیز نواب شفیقہ ہوتے تو ضرور بولتے "دامن کو ذرا دیکھ ذرا بند قبا دیکھ" اور صوفی تبسم تو بے ساختہ تبصرہ کرتے کہ "لڑتے لڑتے ہو گئی گم..." "سیاسی جماعتیں ایک دوسرے کے "پرزے" اڑانے کی بجائے زیادہ سمجھداری سے کام لیں۔ ملک نازک دور سے صرف عوام کیلئے نہیں "اشرافیہ سیاسی جماعتوں کیلئے بھی گزر رہا ہے اور انہیں تو اس کا زیادہ ادراک اور احساس ہونا چاہئے۔ "لفظوں کی گولہ باری" کو ہی اُڑھتا پھونکا بنا لیا گیا تو دم کا تو پتہ نہیں البتہ "سر پرتی چادر" پھسلتے دیر نہیں لگے گی۔ ہمارے معاشرتی اور "سیاسی کلچر" میں یہ بات "پیوست" ہو گئی ہے کہ جو بھی کہتا ہے کہ برے وقتوں بڑی شدت سے یاد آتی ہے وہ اچھا وقت آتے ہی "ہو" ہو جایا کرتی ہے۔ پھر جن پتوں پر تکیہ ہوا کرتا ہے ان سے ہی "ہوا" دلوانے کا خاطر خواہ انتظام کر لیا جاتا ہے۔ یہ باتیں لکھتے ہوئے مجھے اچانک سیاست کے امریکی پروفیسر جیفری ونٹر کی کتاب Spot"Blind"The یاد آ گئی وہ لکھتے ہیں کہ "بااثر افراد مختلف حیلوں بہانوں سے عوام کو بھلائے رکھتے ہیں اور یہ کھیل سیکڑوں برس یعنی "ڈھڈ قدیم" سے جاری ہے لیکن موجودہ (اطلاعات کے طوفانی) دور میں بہت کچھ واضح دکھائی دینے لگا ہے۔ اس سے پہلے کہ سب کچھ بالکل ہی "ننگا" ہو جائے اور معاشرے کیلئے انتہائی بے چینی کا باعث بنے۔ اسے دانشمندی کی چادر سے ڈھانپ لینا چاہئے۔ آخری آپشن سیاسی ایوانوں میں نہیں جنگ کے میدانوں میں کھلے جاتے ہیں۔ سیاست میں کوئی چیز حرف آخر نہیں ہوتی اسی طرح بے پناہ رویے مختلف آراء سے بھرپور "اظہار خیال" اور سوشل میڈیا یا اینٹرز کی لائن پر چلنا سیاسی جماعتوں کا نہیں، کسی "شہر نا پرسان" کا فریضہ ہوا کرتا ہے۔ سیاست، جمہوریت اور سب سے بڑھ کر ملکی سلامتی کیلئے ان سے گریز کرنے میں ہی عافیت ہے۔ آخر میں فیض کے اشعار پیش ہیں:

یہ داغ داغ اجالا، یہ شب گزیدہ سحر
وہ انتظار تھا جس کا، یہ وہ سحر تو نہیں
یہ وہ سحر تو نہیں جس کی آرزو لے کر
چلے تھے یار کہ مل جائے گی کہیں نہ کہیں

کیا پنجابیوں نے کبھی مزاحمت نہیں کی؟

پروفیسر ڈاکٹر محبوب حسین

تاریخ کے ساتھ سب سے بڑا ظلم یہ ہے کہ چند افراد کے فیصلوں کو پوری قوم کا کردار بنا دیا جائے۔ پنجاب کے بارے میں بھی ایک ایسا ہی تاثر عام کیا جاتا ہے کہ پنجابیوں نے کبھی مزاحمت نہیں کی، ہر حملہ آور کا استقبال کیا، ہر فاتح کے سامنے سر جھکایا اور ہر نئی حکومت کے ساتھ سمجھوتہ کر لیا۔ اس بیانیے میں کبھی مغلوں کی مثال دی جاتی ہے، کبھی افغانوں کی اور کبھی انگریزوں کی۔ پھر چند مقامی سرداروں، جاگیرداروں اور بااثر خاندانوں کے سیاسی سمجھوتوں کو بنیاد بنا کر پوری پنجابی قوم کو مطعون کیا جاتا ہے۔

سوال یہ ہے کہ کیا کسی جاگیردار کی وفاداری پوری قوم کی وفاداری ہوتی ہے؟ کیا کسی درباری کا سمجھوتا کسان کی رضامندی کا ثبوت ہے؟ کیا کسی مقامی حکمران کا اقتدار بچانے کے لئے فاتح سے معاہدہ کر لینا اس بات کی دلیل ہے کہ اس خطے کے عام لوگوں نے بھی مزاحمت سے دست برداری اختیار کر لی تھی؟ یقیناً نہیں! تاریخ کو سمجھنے کے لئے حکمرانوں اور عوام کے کردار میں فرق کرنا ضروری ہے۔ اشرافیہ کے مفادات ہوتے ہیں، جاگیروں اور عہدوں کا تحفظ ہوتا ہے، اقتدار کی مصلحتیں ہوتی ہیں۔ کبھی یہی مفادات اسے مزاحمت پر آمادہ کرتے ہیں اور کبھی سمجھوتے پر۔ لیکن قوم کی تاریخ صرف درباروں میں نہیں لکھی جاتی؛ اس کے نقوش میدانِ جنگ، کھیتوں، دیہات، جیلوں، عوامی تحریکوں اور لوک داستانوں میں بھی محفوظ ہوتے ہیں۔ پنجاب کی تاریخ کو اسی وسیع تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔

تین سوچھبیس قبل مسیح میں دریائے جہلم کے کنارے راجہ پورس اور سکندر اعظم کے درمیان ہونے والی جنگ پنجاب کی قدیم تاریخ کا ایک نمایاں واقعہ ہے۔ سکندر اس خطے میں اپنی فتوحات کا سلسلہ آگے بڑھانے آیا تھا، لیکن اسے پورس کی فوج اور اس کی مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا۔ بالآخر سکندر کو عسکری کامیابی حاصل ہوئی، تاہم یہ جنگ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ اس خطے کے حکمران بیرونی طاقتوں کے سامنے مزاحمت کرنے کی صلاحیت اور عزم رکھتے تھے۔

دسویں اور گیارہویں صدی میں ہندو شاہی حکمرانوں، خصوصاً جے پال اور آنند پال، نے سبکتگین اور محمود غزنوی کی پیش قدمی کا مقابلہ کیا۔ وہ بالآخر شکست کھا گئے، مگر کیا شکست کھا جانا اس بات کا ثبوت ہے کہ کسی نے مزاحمت ہی نہیں کی؟ اگر ایسا ہے تو پھر دنیا کی تاریخ کی بیشتر جنگوں اور آزادی کی تحریکوں کو مزاحمت کی تاریخ میں شمار ہی نہیں کیا جا سکے گا۔ تاریخ میں شکست اور اطاعت دو مختلف تصورات ہیں۔ کسی قوم یا حکمران کا شکست کھانا اس کی مزاحمت کے وجود کو ختم نہیں کر دیتا۔

پنجاب کی عوامی یادداشت میں دلا بھٹی کا نام ایک خاص مقام رکھتا ہے۔ سولہویں صدی میں مغل شہنشاہ اکبر کی وسیع سلطنت کے دوران ڈلا بھٹی مقامی اقتدار کے خلاف مزاحمت کی ایک نمایاں علامت بن کر سامنے آیا۔ اس کے خاندان کے بارے میں بھی مغل اقتدار کے خلاف بغاوت کی روایات موجود ہیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ دلا بھٹی پنجاب کے لوک ادب اور عوامی ثقافت میں ظلم کے خلاف کھڑے ہونے والے کردار کے طور پر زندہ رہا۔ ڈلا بھٹی کی مثال ایک بنیادی حقیقت ضرور سامنے لاتی ہے کہ مغل سلطنت جتنی بھی طاقت ور رہی ہو، پنجاب میں مقامی مزاحمت کا امکان اور وجود دونوں برقرار رہے۔

مغل دور میں پنجاب کے بندہ سنگھ بہادر نے مغل اقتدار کے خلاف مسلح جدوجہد کی اور اپنے زیر اثر علاقوں میں روایتی اقتدار کے ڈھانچوں کو چیلنج کیا۔ بعد میں سکھ مِسلوں نے اپنی عسکری اور سیاسی طاقت کو منظم کیا، یہاں تک کہ اٹھارویں صدی میں لاہور سمیت پنجاب کے بڑے حصوں میں سکھ اقتدار قائم ہونے لگا۔

اس تاریخ کو پڑھتے ہوئے یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ پنجاب کے تمام باشندے کسی ایک مذہبی یا سیاسی گروہ کے ساتھ یکساں طور پر وابستہ نہیں تھے۔ لیکن یہی تنوع اس دعوے کو بھی کمزور کرتا ہے کہ پورا پنجاب ہمیشہ کسی بیرونی فاتح کے سامنے سر جھکائے رہا۔

مہاراجہ رنجیت سنگھ نے مختلف سکھ مِسلوں کو متحد کر کے ایک طاقت ور سلطنت قائم کی اور 1799ء میں لاہور پر اپنا اقتدار مستحکم کیا۔ اس کے دور میں پنجاب ایک اہم علاقائی قوت کے طور پر اُبھرا۔ اس نے افغانستان کی سمت سے آنے والی طاقتوں کے مقابلے کے ساتھ ساتھ برطانوی ایسٹ انڈیا کمپنی کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کے مقابلے میں سفارت کاری اور عسکری قوت سے کام لیا۔

رنجیت سنگھ کے عہد میں برطانوی طاقت پنجاب پر براہِ راست قبضہ نہیں کر سکی۔ اس کی وفات کے بعد سلطنت میں جانشینی کے تنازعات اور اندرونی کشمکش بڑھی، جس سے برطانوی پیش قدمی کے لئے راستہ ہموار ہوا۔

سن ستاون کی جنگ کے حوالے سے پنجاب کی تاریخ کو بھی اکثر ایک ہی زاویے سے پیش کیا جاتا ہے۔ یہ درست ہے کہ بعض مقامی حکمرانوں، جاگیرداروں اور فوجی گروہوں نے برطانوی حکومت کا ساتھ دیا۔ برطانوی حکام نے ان وفادار طبقات کی خدمات کو اپنے اقتدار کے استحکام کے لئے استعمال کیا، لیکن کیا اس سے پورا پنجاب برطانوی اقتدار کا حامی ثابت ہو جاتا ہے؟ ہرگز نہیں۔

اگر پنجاب کے بارے میں یہ تاثر درست ہوتا کہ یہاں کے لوگ ہمیشہ فاتح کے ساتھ کھڑے ہوتے تھے، تو پھر برطانوی راج کے خلاف انقلابی جدوجہد بھگت سنگھ اور غدر تحریک کی تاریخ کو کس خانے میں رکھا جاتا؟ وہ نوآبادیاتی اقتدار کے خلاف جدوجہد کی علامت تھے۔

پنجاب کی مزاحمت کو صرف میدانِ جنگ میں ہونے والی لڑائیوں تک محدود نہیں کرنا چاہئے۔ 920 سے1925ء کے دوران اکالی تحریک نے عوامی شرکت، احتجاج اور عدم تشدد کے ذریعے مذہبی اداروں کے انتظام میں اصلاحات کے لئے جدوجہد کی۔

اسی طرح پنجابی زبان، ادب اور ثقافتی شناخت کے تحفظ کے لئے مختلف ادوار میں فکری اور ادبی کوششیں بھی سامنے آئیں۔ زبان کسی معاشرے کی اجتماعی یادداشت ہوتی ہے۔ اپنی زبان میں لکھنا، تاریخ کو محفوظ کرنا اور اپنی ثقافتی شناخت کے لئے آواز اٹھانا بھی مزاحمت کی ایک صورت ہے۔

یہ مثالیں بتاتی ہیں کہ مزاحمت کے طریقے وقت اور حالات کے ساتھ بدلتے رہتے ہیں۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خلاف بے بنیاد الزامات اور سوشل میڈیا مہم

* تحریر: دھنی بخش مگسی *

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خلاف گزشتہ چند روز سے سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر منفی پروپیگنڈے اور غیر مصدقہ اطلاعات کی تشہیر کا سلسلہ جاری ہے۔ اس حوالے سے مختلف نوعیت کے الزامات اور دعوے سامنے آئے ہیں، جن کا مقصد بظاہر وزیراعلیٰ بلوچستان کی سیاسی ساکھ اور عوامی اعتماد کو متاثر کرنا ہے۔ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی سے منسوب اطلاعات کے مطابق اس مہم میں بعض جعلی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے استعمال کا معاملہ بھی سامنے آیا ہے، جو اس تمام صورتحال کی شفاف تحقیقات کی ضرورت کو مزید اہم بناتا ہے۔ سیاسی اختلاف رائے جمہوری نظام کا بنیادی تقاضا ہے اور حکومت کی پالیسیوں، فیصلوں اور کارکردگی پر تنقید ہر شہری کا حق ہے، تاہم غیر مصدقہ اطلاعات کی بنیاد پر الزامات عائد کرنا اور سوشل میڈیا کے ذریعے کسی شخصیت کی کردار کشی کرنا ذمہ دارانہ طرز عمل نہیں۔ بالخصوص بلوچستان جیسے اہم اور حساس صوبے میں سیاسی استحکام، امن و امان اور ترقیاتی عمل کے تسلسل کے لیے ضروری ہے کہ قومی اور صوبائی معاملات کو سنجیدگی اور حقائق کی بنیاد پر دیکھا جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے دورِ حکومت میں انتظامی اصلاحات، میرٹ کے فروغ، عوامی خدمات کی بہتری اور ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کے حوالے سے متعدد اقدامات کیے ہیں۔ ان کی حکومت نے سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے اور عوامی وسائل کے شفاف استعمال کو یقینی بنانے کے لیے مختلف شعبوں میں اصلاحاتی اقدامات متعارف کرائے ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف ان کا واضح مؤقف بھی قومی سطح پر زیر بحث رہا ہے اور انہوں نے مختلف آئینی، سیاسی اور قومی فورمز پر بلوچستان کا مقدمہ پیش کیا ہے۔ گزشتہ دنوں سوشل میڈیا پر وزیراعلیٰ ہاؤس میں بعض اہلکاروں کی مبینہ آمد، وہاں کئی گھنٹوں تک قیام اور اہم سرکاری دستاویزات، لیپ ٹاپ اور پی ایس ڈی پی کی فائلیں تحویل میں لینے سے متعلق اطلاعات گردش کرتی رہیں۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کوئٹہ پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو میں ان الزامات کو من گھڑت اور حقائق کے منافی قرار دیتے ہوئے ان اطلاعات کو مسترد کر دیا ہے اس لئے محض سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی اطلاعات کو حقائق کا درجہ نہیں دیا جا سکتا۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے سرکاری ملازمتوں میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے بھی اقدامات کیے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے تمام محکموں کے سیکرٹریز کو واضح ہدایات جاری کیں کہ سرکاری بھرتیوں میں کسی قسم کی سیاسی مداخلت، ذاتی پسند و ناپسند یا سفارش کو قبول نہ کیا جائے اور تقرریوں کا عمل مقررہ قواعد وضوابط اور میرٹ کے مطابق مکمل کیا جائے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد نوجوانوں کو مساوی مواقع فراہم کرنا اور سرکاری اداروں میں شفاف بھرتیوں کے نظام کو مستحکم بنانا ہے۔ بلوچستان کو اس وقت تعلیم، صحت، روزگار، بنیادی ڈھانچے، امن و امان اور انتظامی بہتری جیسے اہم شعبوں میں مسلسل توجہ اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ ایسے حالات میں سیاسی اختلافات کو ذاتی الزامات اور غیر مصدقہ اطلاعات کی بنیاد پر آگے بڑھانے کے بجائے حکومتی کارکردگی کو ٹھوس حقائق، پالیسی اقدامات اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کی بنیاد پر جانچنا زیادہ مناسب ہوگا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی حکومت کی کارکردگی پر تنقید اور حکومتی فیصلوں سے اختلاف کا حق ہر سیاسی جماعت، شہری اور متعلقہ حلقے کو حاصل ہے، تاہم کسی بھی الزام کو بغیر تصدیق حقیقت کے طور پر پیش کرنا درست نہیں۔ ضروری ہے کہ سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال کو فروغ دیا جائے، غیر مصدقہ اطلاعات کی تشہیر سے گریز کیا جائے اور ہر معاملے میں شواہد، قانونی تقاضوں اور حقائق کو بنیادی اہمیت دی جائے۔ بلوچستان کی ترقی، اداروں کے استحکام اور عوامی مفادات کا تحفظ تمام سیاسی وسماجی حلقوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

امر بالمعروف ونھی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ABC CERTIFIED★
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

سلامتی کونسل کی جانب سے طالبان انٹیلی جنس چیف کو علاج کیلئے یو اے ای جانے کی اجازت

نیویارک (اے این این) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے طالبان کے محکمہ انٹیلیجنس کے سربراہ ملا عبدالحق واثق کو طبی علاج کے لئے متحدہ عرب امارات جانے کی خصوصی اجازت دے دی۔ بی بی سی رپورٹ کے مطابق سلامتی کونسل کی 1988 پابندیوں سے متعلق کمیٹی نے 19 اکتوبر 2026 کو ملا عبدالحق واثق کے سفری پابندی سے استثنا کی منظوری دی تھی۔ اس اجازت کے تحت وہ 20 اکتوبر سے تین نومبر تک متحدہ عرب امارات کے دارالحکومت ابوظہبی کا دورہ کر سکتے ہیں۔ سلامتی کونسل کی ویب سائٹ کے مطابق یہ اجازت طبی وجوہات کی بنا پر دی گئی

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5پر)

شہباز شریف کی ذہانت کا لیول نیوٹن کے قریب ہے، حذیفہ رحمان

شہباز شریف کا بس چلے تو موجودہ 55رکنی کابینہ میں سے 52یا 53وزرا کو فارغ کردیں، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم کے معاون خصوصی حذیفہ رحمان نے وزیراعظم شہباز شریف کی انتظامی صلاحیتوں اور ذہانت کا موازنہ نامور سائنسدان آئزک نیوٹن سے کرتے ہوئے دونوں کی ذہانت کے لیول کو یکساں قرار دے دیا۔ ایک انٹرویو میں حذیفہ رحمان نے ہلکے پھلکے انداز میں وفاقی کابینہ کے اراکین کی کارکردگی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ اگر شہباز شریف کا بس چلے تو موجودہ 55رکنی کابینہ میں سے 52یا 53وزرا کو فارغ کردیں اور صرف دو تین لوگوں کو رکھا جائے کیونکہ ان کا اہلیت کا پیمانہ بالکل مختلف ہے، شہباز شریف خود چونکہ انتہائی ذہین اور باریک بین واقع ہوئے ہیں اس لیے وہ ہر ایک کو اپنے معیار پر پورا اترتا دیکھنا چاہتے ہیں، آئزک نیوٹن کے قریب ان کا آئی کیو ہے۔ معاون خصوصی نے کہا کہ میں نے وزیراعظم کے آئی کیو کے حوالے سے بات کی کہ سائنسی تخمینوں کے مطابق تاریخ میں سب سے زیادہ انسانی دماغ کا استعمال کرنے والے سائنسدان آئزک نیوٹن کا آئی کیو 168 مانا جاتا ہے اور شہباز شریف کی تیزی سے فیصلے کرنے اور حالات کو جانچنے کی صلاحیت کو دیکھتے ہوئے ان کا آئی کیو بھی تقریبا 158 یا 160 کے قریب ہوسکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ میرا مقصد صرف یہ اجاگر کرنا تھا کہ ملک کے وزیراعظم

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5پر)

قومی اسمبلی کی خزانہ کمیٹی نے کمپنیز ترمیمی بل 2026 پر غور مؤخر کردیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) قومی اسمبلی کی خزانہ کمیٹی نے کمپنیز ترمیمی بل 2026 پر غور مؤخر کردیا، جبکہ ایکسپورٹ فسیلیٹیشن اسکیم کے ممکنہ غلط استعمال اور اس کے نتائج پر بھی سوالات اٹھا دیے گئے۔ کمیٹی نے اسکیم سے فائدہ اٹھانے والوں کا ڈیٹا اور اس کے نتیجے میں برآمدات میں ہونے والے اضافے کی تفصیلات طلب کرلیں۔ سید نوید قمر کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی خزانہ کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں کمپنیز ترمیمی بل 2026 اور ایکسپورٹ فسیلیٹیشن اسکیم سمیت اہم امور پر غور کیا گیا۔ چیئرمین کمیٹی سید نوید قمر نے کہا کہ کمپنیز ترمیمی بل 2026 ابھی تک کلیئر نہیں ہوا، اس لیے بل پر

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5پر)

وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف سے سعودی عرب کے سفیر کی ملاقات

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف سے منگل کو یہاں سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر راجح بن طامی البقمی نے ملاقات کی جس میں پاک سعودی تعلقات، مذہبی شعبے میں تعاون، حجاج کرام اور عمرہ زائرین کو سہولیات کی فراہمی سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وفاقی سیکرٹری مذہبی امور ابرار احمد مرزا اور جوائنٹ سیکرٹری حج سید عبدالوحید شاہ بھی شریک تھے۔ وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے پاکستان میں تعیناتی پر سعودی سفیر کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات ایک نئے دور میں داخل ہو چکے ہیں، دونوں ممالک کے درمیان مذہبی، تاریخی اور برادرانہ تعلقات انتہائی مضبوط ہیں جبکہ سعودی عرب نے ہر مشکل وقت میں بڑے بھائی کی طرح پاکستان کا ساتھ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ معاہدہ عوام کے دل کی آواز ہے اور پاکستان کی حرمین شریفین سے نسبت قیامت تک برقرار رہے گی، پاکستان اور سعودی عرب کے عوام عقیدت، محبت اور اخوت کے لازوال رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں جو دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ خادم حرمین شریفین حجاج کرام کو زیادہ سے زیادہ

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے کمیونسٹ پارٹی آف چائنا سینٹرل کمیٹی کے انٹرنیشنل ڈپٹی کے وزیر ملاقات کررہے ہیں

حکومت کی پی ٹی آئی سے انتخابی اصلاحات سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا حصہ بننے کی درخواست

وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری کا پی ٹی آئی کے چیف وہپ عامر ڈوگر کو ٹیلی فون، انتخابی اصلاحات کمیٹی سے متعلق امور پر تفصیلی گفتگو

پارلیمانی قیادت سے مشاورت کے بعد حکومت کو جواب دوں گا، انتخابی اصلاحات کمیٹی کو پہلے ہمارے انتخابات چوری کیے جانے کی تحقیقات کرنی چاہیے، عامر ڈوگر کا جواب

اسلام آباد (اے این این) حکومت نے پی ٹی آئی سے انتخابی اصلاحات سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا حصہ بننے کی درخواست کردی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے پی ٹی آئی کے چیف وہپ عامر ڈوگر کو ٹیلی فون کیا جس میں انتخابی اصلاحات کمیٹی سے متعلق امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی جب کہ طارق فضل نے عامر ڈوگر سے پارلیمانی کمیٹی کا حصہ بننے کی درخواست بھی کی۔ ذرائع کے مطابق طارق فضل نے کہا کہ اپوزیشن اسپیکر کو پارلیمانی کمیٹی میں شمولیت کیلئے نام جلد بجھوائے، اپوزیشن کی پارلیمانی کمیٹی میں شمولیت سے پارلیمنٹ اور جمہوریت مضبوط ہوگی، اس پر عامر ڈوگر نے طارق فضل سے سوال کیا پارلیمانی کمیٹی کی کمپوزیشن کیا ہے، طارق فضل نے بتایا کہ ہر جماعت کی پارلیمانی قوت کو مدنظر رکھا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق طارق فضل نے کہا کہ نشستوں کے تناسب سے حکومت کے 15 اور اپوزیشن کے 5 ایم این

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5پر)

امریکا نے ایران کے جزیرہ قشم پر حملہ کردیا، کارروائی دفاعی اقدام ہے، امریکی حکام

پاسداران انقلاب کا دو امریکی ڈرونز قبضے میں لینے اور ایک کو تباہ کرنے کا دعویٰ

تہران، واشنگٹن (جی این ایم) امریکہ نے آبنائے ہرمز میں واقع ایران کے اسٹریٹیجک جزیرے قشم پر تازہ حملے کئے ہیں، امریکی حکام کا کہنا ہے کہ یہ محدود فوجی کارروائی ایرانی پاسدارانِ انقلاب کی جانب سے ایک امریکی طیارے پر فائرنگ کے جواب میں کی گئی، ایران کے سرکاری میڈیا نے بھی جزیرے پر متعدد دھماکوں کی اطلاع دی ہے۔ امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل نے امریکی حکام کے حوالے سے بتایا کہ قشم آئی لینڈ پر کی جانے والی کارروائی دراصل پچھلے چند ہفتوں کے دوران کی جانے والی ان محدود اور خفیہ فوجی ضربوں کا حصہ ہے جن کا باضابطہ اعلان نہیں کیا گیا تھا۔ امریکی حکام نے ان اقدامات کو دفاعی نوعیت کا قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کا مقصد آبنائے ہرمز میں تجارتی جہاز رانی کو درپیش ایرانی دھمکیوں کی صلاحیت کو کمزور کرنا ہے۔ امریکی عہدیدار نے کہا کہ ایران نے جزیرہ قشم سے آبنائے ہرمز میں امریکی طیارے پر میزائل داغا، امریکی طیارے نیز مین سے فضا میں مار کرنے والا میزائل لانچر تباہ کردیا۔ رپورٹ کے مطابق ایران کے خلاف

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5پر)

گورنر راج کے بعد جنوبی وزیرستان میں صفائی مہم تیز، ٹی ایم اے وانا متحرک

وانا (جی این ایم) گورنر راج کے بعد جنوبی وزیرستان میں عملی تبدیلی کا آغاز ہوگیا، جہاں وانا کو صاف ستھرا بنانے کیلئے ٹی ایم اے نے صفائی مہم تیز کردی ہے۔ خیبر پختونخوا کے حکومتی ذرائع کے مطابق بدلتا، نکھرتا، مضبوط خیبر پختونخوا کے تحت ڈپٹی کمشنر لوئر جنوبی وزیرستان کی خصوصی ہدایات پر ٹی ایم اے وانا متحرک ہے اور شہر کی گلیوں، بازاروں و مختلف مقامات سے کچرا اٹھانے کے ساتھ ساتھ مکمل صفائی کے عمل کو موثر بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ انتظامیہ نے شہر کی خوبصورتی اور صفائی برقرار رکھنے کیلئے شہریوں سے بھرپور تعاون کی اپیل کی ہے، خیبر پختونخوا کی نئی صوبائی حکومت صوبے کی

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5پر)

ٹانک میں پولیو ورکرز کا اغوا افسوسناک اور قابلِ مذمت واقعہ ہے، گورنر کے پی

مغویوں کی بحفاظت بازیابی کیلئے فوری اور موثر اقدامات اٹھائے جائیں، فیصل کریم کنڈی

پشاور (جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ضلع ٹانک میں نامعلوم مسلح افراد کے ہاتھوں 4 پولیو ورکرز کے اغوا کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیو ورکرز کا اغوا انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت واقعہ ہے۔ جاری بیان میں گورنر کے پی نے کہا کہ پولیو ورکرز بچوں کے محفوظ مستقبل اور صحت مند پاکستان کیلئے قومی فریضہ انجام دے رہے ہیں۔ پولیو ورکرز کو نشانہ بنانا انسانیت اور قومی مفاد کے خلاف ہے۔ فیصل کریم کنڈی نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی ہے کہ مغوی پولیو ورکرز کی بحفاظت بازیابی کیلئے فوری اور موثر اقدامات اٹھائے جائیں، پولیو ٹیموں کو تحفظ فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ قبل ازیں پولیس کے مطابق ٹانک کی یونین کونسل شیخ اتار کے علاقے گاں جیوس میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیو ورکرز کو اغوا کیا۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہیں۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ضلع ٹانک میں نامعلوم مسلح افراد کے ہاتھوں 4 پولیو ورکرز کے اغوا کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیو ورکرز کا اغوا انتہائی افسوسناک اور قابلِ

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5پر)

کراچی، فائرنگ سے نوجوان جاں بحق، گاڑی سے نوجوان کی گولی لگی لاش برآمد

کراچی (جی این ایم) کراچی کے علاقے سرجانی ٹاؤن میں فائرنگ سے نوجوان جاں بحق ہوگیا جبکہ بلدیہ ٹاؤن میں ایدھی قبرستان روڈ پر کھڑی گاڑی سے نوجوان کی لاش ملی ہے۔ تفصیل کے مطابق سرجانی سیکٹر 36 سائرہ بی بی گوٹھ پولیس چوکی کے قریب فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا، جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش چھیپا ایمبولینس کے ذریعے عباسی شہید اسپتال منتقل کی گئی۔ ایس ایچ او سرجانی ٹاؤن انسپکٹر ناصر محمود کے مطابق جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت 22 سالہ محمد خلیل ولد محمد افضل خان کے نام سے کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ منگل

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5پر)

حکومت الزامات لگانے کا سلسلہ ختم، اگر کوئی ثبوت ہیں تو سامنے لائے، شوکت یوسفزئی

خیبر پختونخوا میں ہمیں امن چاہئے، اب آپ نے ہماری حکومت ختم کردی، تو چلیں نیشنل ایکشن پلان پر عمل کریں، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) پی ٹی آئی کے سیکرٹری اطلاعات خیبر پختونخوا شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ حکومت اب الزامات لگانے کا سلسلہ ختم کرے، اگر کوئی ثبوت ہیں تو سامنے لائے۔ خیبر پختونخوا میں ہمیں امن چاہئے، اب آپ نے ہماری حکومت ختم کردی، تو چلیں نیشنل ایکشن پلان پر عمل کریں۔ ایک انٹرویو میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ تحریک انصاف کی ایسی کوئی پالیسی نہیں کہ وہ دہشت گردوں کی سہولت کاری کرے۔ اگر کسی شخص نے سہولت کاری کی ہے تو ثبوت پی ٹی آئی کے سامنے لائے جائیں تاکہ پتہ چلے کہ کون ایسا کررہا تھا۔ پی ٹی آئی ایک سیاسی جماعت ہے ہم نے یوٹیوبرز کو ڈس اوون کر دیا ہے کیونکہ یوٹیوبرز ہماری سیاسی جماعت کو نقصان پہنچا رہے تھے۔ یہ یوٹیوبرز جو کررہے تھے اپنی ریٹنگ کیلئے کررہے تھے۔ پی ٹی آئی کے سیکرٹری اطلاعات خیبر پختونخوا شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ حکومت اب الزامات لگانے کا سلسلہ ختم کرے، اگر کوئی ثبوت ہیں تو سامنے لائے۔ خیبر پختونخوا میں ہمیں امن چاہئے، اب آپ نے ہماری حکومت ختم کردی،

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5پر)

گوادر: بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری ملاقات کررہے ہیں

قومی ڈیجیٹل سرحدوں کا تحفظ اور خود انحصاری ناگزیر ہے، ڈی جی نیشنل سرٹ ڈاکٹر حیدر عباس

اسلام آباد (یو این اے) ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم (نیشنل سرٹ) ڈاکٹر حیدر عباس نے کہا ہے کہ جدید ڈیجیٹل دور میں سائبر سکیورٹی محض ایک تکنیکی معاملہ نہیں رہا بلکہ یہ عوام اور پورے معاشرے سے جڑا ایک سنگین چیلنج بن چکا ہے، جس سے نمٹنے کے لیے ملکی اداروں کے درمیان باہمی اعتماد، خودمختار ٹیکنالوجی کا فروغ اور ہنرمند افرادی قوت کا تحفظ ناگزیر ہے۔ ایک خصوصی گفتگو کے دوران ڈاکٹر حیدر عباس نے کہا کہ پاکستان کی ڈیجیٹل سرحدوں کا دفاع تنہا کوئی ایک ادارہ نہیں کرسکتا بلکہ اس کے لیے تمام سٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک مربوط اور ہم آہنگ نظام درکار ہے۔ انہوں نے

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 5پر)

سابق سینیٹر مشتاق احمد سے اہلیہ نے خلع لے لی

فریقین کے درمیان مصالحت کی کوششیں بھی کامیاب نہ ہوسکیں، فیملی کورٹ نے خلع کی ڈگری جاری کردی

اسلام آباد (جی این ایم) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد کی فیملی کورٹ نے سابق سینیٹر مشتاق احمد کی اہلیہ حمیرا طیبہ کے حق میں خلع کی ڈگری جاری کردی۔ فیملی کورٹ کی جج عنبرین اقبال نے کیس کی سماعت کے بعد خلع کی ڈگری جاری کی۔ عدالت کے مطابق خاتون اپنے شوہر کے ساتھ مزید ازدواجی زندگی گزارنے پر آمادہ نہیں تھیں جبکہ فریقین کے درمیان مصالحت کی کوششیں بھی کامیاب نہ ہوسکیں۔ عدالت میں سماعت کے دوران بتایا گیا کہ فریقین کے درمیان مصالحت کی کوششیں کی گئیں تاہم ان کوششوں کے باوجود خاتون اپنے شوہر کے ساتھ ازدواجی زندگی جاری رکھنے پر رضامند نہیں ہوئیں۔ عدالت کے مطابق خاتون نے اپنے بیان حلفی میں شوہر سے نفرت اور ان کے ساتھ رہنے سے انکار کا اظہار کیا۔ مصالحت کی کوششیں ناکام ہونے کے بعد فیملی کورٹ نے حمیرا طیبہ کے حق میں خلع کی ڈگری جاری کردی۔ فیملی کورٹ نے خلع کی بنیاد پر نکاح ختم کرتے ہوئے قرار دیا کہ حق مہر کے حوالے سے دونوں فریقین کا ایک دوسرے پر کوئی دعوی نہیں

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 5پر)

پی ٹی اے کی شہریوں کو شناختی کارڈ پر رجسٹرڈ سمز کی تصدیق کی ہدایت

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے شہریوں کو سائبر فراڈ اور شناختی چوری سے بچانے کے لیے آگاہی مہم کے تحت ہدایت جاری کی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) پر رجسٹرڈ سمز کی تعداد کی تصدیق کریں۔ پی ٹی اے ترجمان کے مطابق موبائل سم محض ایک چپ نہیں بلکہ صارف کی ڈیجیٹل شناخت کی چابی ہے۔ کسی غیر متعلقہ، جعلی یا چوری شدہ سم کا غلط استعمال صارف کے ذاتی ڈیٹا، بینک اکاؤنٹس اور واٹس ایپ سمیت تمام ڈیجیٹل اکاؤنٹس کو شدید خطرے میں ڈال سکتا ہے۔ ترجمان کے مطابق شہری اپنے شناختی کارڈ پر جاری شدہ سمز کی

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 5پر)

کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری ایم سی ایچ سینٹر گوم میں عملے کی حاضری چیک کررہی ہیں

سعودی قومی سلامتی مشیر مساعد بن محمد العیبان کی چینی وزیر خارجہ سے ملاقات

خلیجی خطہ ایک بار پھر جنگ اور امن کے درمیان ایک اہم موڑ پر کھڑا ہے، چینی وزیر خارجہ

بیجنگ (جی این ایم) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے چین کے صدر شی جن پنگ کو پیغام بھیجا ہے، جس میں دونوں ممالک کے باہمی تعلقات، انہیں مزید مضبوط بنانے کے طریقوں اور مشترکہ دلچسپی کے امور پر بات کی گئی ہے۔ سعودی قومی سلامتی کے مشیر مساعد بن محمد العیبان نے بیجنگ میں چینی وزیر خارجہ وانگ یی سے ملاقات کے دوران یہ پیغام پہنچایا، ملاقات میں وانگ یی نے کہا خلیجی خطہ ایک بار پھر جنگ اور امن کے درمیان ایک اہم موڑ پر کھڑا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تمام فریق مذاکرات کے ذریعے کشیدگی اور دشمنی ختم کریں گے۔ انہوں نے علاقائی توانائی کی فراہمی اور بحری تجارتی راستوں کے تحفظ پر بھی زور دیا اور کہا کہ چین سعودی عرب کے ساتھ ملکر دوطرفہ تعلقات کو مزید آگے بڑھانے کے لئے تیار ہے۔ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے چین کے صدر شی جن پنگ کو پیغام بھیجا ہے، جس میں دونوں ممالک کے باہمی تعلقات، انہیں مزید مضبوط بنانے کے طریقوں اور مشترکہ دلچسپی کے امور پر بات کی گئی ہے۔ سعودی قومی سلامتی

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 5پر)

قطر اور عمان کے کردار کو سراہتے ہیں، سعودی عرب سے رابطے جاری ہیں، عباس عراقچی

تہران (جی این ایم) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ہم قطر اور عمان کے مثبت کردار کو سراہتے ہیں اور سعودی عرب کے ساتھ بھی بات چیت جاری رکھے ہوئے ہیں۔ الجزیرہ کو دیے گئے ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا ہم خلیجی تعاون کونسل (جی سی سی) کے رکن ممالک کے خلاف کسی قسم کی دشمنی نہیں رکھتے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا ہمارا مقصد ایک ایسے نئے علاقائی سکیورٹی نظام تک پہنچنا ہے جسے خطے کے ممالک خود تشکیل دیں، اور جس میں کسی بھی غیر ملکی فوجی موجودگی کی ضرورت نہ ہو۔ ایران کے وزیرِ خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ہم قطر اور عمان کے مثبت کردار کو سراہتے ہیں اور سعودی عرب کے ساتھ

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5پر)

ONLY FOR
WOMEN AND FAMILIES

کوئٹہ: بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے ایگزم بینک کے صدر و سی ای او شہباز تاج ملاقات کررہے ہیں

کراچی، ڈاکوؤں نے پوری کرکٹ ٹیم کو لوٹ لیا، ملزمان فرار

کراچی (جی این ایم) کراچی کی منظور کالونی میں نائٹ کرکٹ میچ کھیلنے والی پوری ٹیم کو موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے لوٹ لیا۔ رپورٹ کے مطابق ڈاکوؤں نے منظور کالونی سیکٹر ایف میں واردات کی، جس کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آ گئی، 3 ڈاکوؤں نے کرکٹ میچ کھیلنے والی ٹیم کو اسلحے کے زور پر یرغمال بنایا۔ مذکورہ فوٹیج میں ڈاکوؤں کو پوری ٹیم سے موبائل فونز اور نقدی چھینتے دیکھا جاسکتا ہے، ڈاکوؤں نے دوران واردات میچ کھیلنے والے نوجوانوں کو تشدد کا نشانہ بھی بنایا۔ پولیس کے مطابق ڈاکو واردات کے بعد باآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، فوٹیج کی مدد سے ملزمان کی تلاش جاری ہے۔ ٹ لیا۔

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 5پر)

بیلجیم میں سیاسی بحران شدت اختیار کرگیا، وزیراعظم بارٹ ڈی ویور نے استعفیٰ دیدیا

بادشاہ فلپ نے وزیراعظم کا استعفیٰ فوری منظور کرنے کے بجائے فیصلہ موخر کردیا

برسلز (جی این ایم) وفاقی بجٹ پر حکومتی اتحاد کی 5 جماعتوں کے درمیان مذاکرات ناکام ہوگئے، سیاسی بحران میں شدت کے باعث وزیراعظم بارٹ ڈی ویور نے استعفیٰ دے دیا۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کی رپورٹس کے مطابق بادشاہ فلپ نے وزیراعظم کا استعفیٰ فوری منظور کرنے کے بجائے فیصلہ موخر کردیا۔ رپورٹس کے مطابق بادشاہ فلپ حکومتی اتحادی جماعتوں کے سربراہان سے مشاورت کرینگے، وزیراعظم بارٹ ڈی ویور کو جمعہ 6 نومبر کو دوبارہ شاہی محل طلب کرلیا گیا ہے۔ شاہی محل کے بیان کے مطابق بیلجیم موجودہ معاشی حالات میں طویل سیاسی بحران کا متحمل نہیں ہوسکتا، سیاسی جماعتیں قومی مفاد کو ترجیح دیں اور سمجھوتے کا راستہ اختیار کریں۔ رپورٹس کے مطابق حکومتی جماعتوں میں اخراجات میں کمی، دولت مندوں پر اضافی ٹیکس پر اختلافات برقرار ہیں۔ نائب وزیراعظم میکسم پریوو کا کہنا ہے کہ مالی بوجھ کی منصفانہ تقسیم ملک کے مستقبل کیلئے ضروری ہے، سیاسی تعطل برقرار رہنے کی صورت میں قبل از وقت انتخابات کا امکان ہے۔ واضح رہے کہ 6 نومبر کو

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 5پر)

سندھ میں مویشیوں کی بہتر نسل تیار کرنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی متعارف

وزیراعلیٰ مراد علی شاہ کی لائیو اسٹاک شعبے میں اہم کامیابی پر مبارکباد

کراچی (جی این ایم) سندھ حکومت نے دودھ اور گوشت کی پیداوار بڑھانے کیلئے بڑا اقدام کرتے ہوئے سندھ میں مویشیوں کی بہتر نسل تیار کرنے کے لئے جدید ٹیکنالوجی متعارف کرادی۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے لائیو اسٹاک کے شعبے میں اہم کامیابی پر مبارکباد دی جبکہ سندھ لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ اور فون گرو کے اشتراک سے اہم سنگ میل عبور کرلیا، سندھ انسٹی ٹیوٹ آف اینیمل سائنس میں ایمبریو ٹرانسفر کا پہلا تجربہ کامیاب رہا۔ وزیر لائیو اسٹاک محمد علی ملکانی نے وزیراعلیٰ سندھ کو کامیاب تجربے پر بریفنگ دی جب کہ سندھ میں مویشیوں کی نسل بہتر بنانے کے منصوبے کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی سے مویشیوں کی بہتر نسل کم وقت میں تیار ہوگی، مویشیوں کی نسل بہتر بنانے کا 30 سالہ عمل اب صرف 5 سال میں مکمل ہوگا۔ سندھ حکومت نے 132 ریڈ سندھی اور گوزیرا نسل کے ایمبریوز کا آرڈر دے دیا، وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ نجی شعبے کے کسانوں کی جانب سے بھی 90 ایمبریوز کا آرڈر دیا گیا،

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 5پر)

اسرائیل کا مقبوضہ مغربی کنارے کے جنوبی شہر الخلیل سے فوجیں واپس بلانے کا اعلان

غزہ (جی این ایم) اسرائیلی فوج نے مقبوضہ مغربی کنارے کے جنوبی شہر الخلیل سے اپنی فوجیں واپس بلانے کا اعلان کیا ہے۔ یہ انخلا 10 روزہ سکیورٹی اور فوجی آپریشن کے اختتام پر عمل میں آیا، جو دو فلسطینیوں کے حملے میں دو اسرائیلی فوجیوں کی ہلاکت کے بعد شروع کیا گیا تھا۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوجی آپریشن کے دوران تین ہزار سے زائد فلسطینیوں کو اپنے گھروں سے نقل مکانی کرنا پڑی، اس دوران اسرائیلی فورسز نے شہر الخلیل اور اس کے گردونواح کا محاصرہ کر رکھا تھا۔ اسرائیلی حکام کا کہنا تھا کہ کارروائی کا مقصد حملے میں ملوث مسلح افراد کی تلاش تھا، فلسطینی خبر رساں ادارے وفا کے

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5پر)

اسکردو قتل کیس میں اہم پیشرفت، مرکزی ملزم سمیت 2افراد گرفتار

مرکزی ملزم رجب مقتول خاتون کا چچا نکلا، باقی ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے جاری ہیں، پولیس

گلگت (جی این ایم) گلگت بلتستان کے ضلع اسکردو میں ایک ہی خاندان کے 4 افراد کے اندوہناک قتل کیس میں گلگت پولیس اور حساس اداروں نے انتہائی تیزی سے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کا سراغ لگالیا جس کے نتیجے میں خیبر پختونخوا پولیس نے کرم ایجنسی میں کارروائی کرتے ہوئے مرکزی ملزم رجب سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق مرکزی ملزم رجب مقتول خاتون کا چچا ہے جبکہ اس اندوہناک واردات میں مبینہ طور پر 5 افراد کے ملوث ہونے کے شواہد سامنے آئے ہیں۔ گرفتار دونوں ملزمان کو مزید تفتیش اور قانونی کارروائی کے لیے گلگت بلتستان روانہ کر دیا گیا ہے جہاں کیس کی تفتیش کو مزید تیز کیا جائے گا۔ پولیس کے مطابق باقی ملزمان کی گرفتاری کیلئے کرم ایجنسی میں چھاپے بھی جاری ہیں۔ یاد رہے کہ اس لرزہ خیز واردات میں میاں بیوی اور ان کے 2 کمسن بچوں کو چھریوں کے وار کرکے بے دردی سے قتل کیا گیا تھا۔ مقتول شوہر کا تعلق اسکردو کے علاقے روندو جبکہ مقتول خاتون کا تعلق پاراچنار سے تھا۔ جاں بحق بچوں میں 4

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5پر)

سوراب میں خواتین کے مسائل کے حل کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد

سوراب (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن کے مطابق ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی زیر صدارت شہید ہدایت اللہ بلیدی پبلک لائبریری سوراب میں خواتین کی کھلی کچہری منعقد ہوئی جس میں ایس پی سوراب خورشید احمد بلوچ، ایف سی بلوچستان 61 ونگ کے میجر علی عباس، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سلمان علی بلیدی، ضلعی افسران، کالج کی طالبات، اساتذہ اور خواتین نے شرکت کی اس موقع پر خواتین اور طالبات نے بجلی، گیس، تعلیم، صحت، صاف پانی، نادرا، بی آئی ایس پی، فیملی پارک اور دیگر بنیادی مسائل سے متعلق اپنی شکایات اور تجاویز پیش کیں ڈپٹی کمشنر نے شرکاء کے

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 5پر)

سہیل آفریدی بازیابی کیس چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ کو ارسال، لارجر بینچ تشکیل دینے کی استدعا

وزیراعلیٰ غائب ہیں اور ہوم ڈیپارٹمنٹ کو ان کے بارے میں تمام معلومات ہونی چاہئیں، جسٹس ارشد علی

پشاور (اے این این) پشاور ہائیکورٹ نے سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی بازیابی کا معاملہ چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ کو ارسال کرتے ہوئے درخواستوں پر لارجر بینچ تشکیل دینے کی استدعا کی ہے۔ خیبر پختونخوا میں 11 اکتوبر کو وفاقی حکومت کی جانب سے ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد سہیل آفریدی اور صوبائی اسمبلی کے سابق اسپیکر بابر سلیم سواتی کی مبینہ گرفتاری کا معاملہ سامنے آیا تھا۔ سہیل آفریدی کے بھائی محمد عامر نے 13 اکتوبر کو پشاور ہائیکورٹ میں آئینی درخواست دائر کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ سہیل آفریدی کو 11 اکتوبر کو وزیراعلیٰ ہاؤس سے مسلح اور نقاب پوش افراد نے مبینہ طور پر اغوا کیا۔ درخواست گزار نے عدالت سے سہیل آفریدی کی بازیابی، انہیں پیش کرنے، مبینہ واقعے کی تحقیقات اور سی سی ٹی وی فوٹیج سمیت متعلقہ ریکارڈ محفوظ کرنے کا حکم دینے کی استدعا کی تھی۔ جسٹس ارشد علی اور جسٹس فہیم ولی پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے سہیل آفریدی کی بازیابی کیلئے دائر درخواست پر سماعت کی، ایڈووکیٹ جنرل خیبر

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 5پر)

کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع سے اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری، رکن صوبائی اسمبلی خادم واشک حاجی میر زابد علی ریکی ملاقات کررہے ہیں

یوکرین کا روس پر امدادی مرکز پر بمباری کا الزام، 26افراد ہلاک

کیف (جی این ایم) یوکرین نے کہا ہے کہ روسی بمباری میں ایک امدادی سامان تقسیم کرنے والے مرکز کو نشانہ بنایا گیا جس کے نتیجے میں کم از کم 26 افراد ہلاک ہوگئے۔ یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلینسکی نے اس حملے کو انتہائی ہولناک قرار دیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق علاقائی سربراہ میخائلو سیمیکن کا کہنا ہے کہ جنوبی زاپوریژیا کے علاقے کے گاں کومیشوواخا میں کم از کم نو عدد 3,000 کلوگرام وزنی فضائی بم گرائے گئے، جس کے نتیجے میں پانچ افراد زخمی جبکہ ابتدائی طور پر 27 افراد لاپتا قرار دیئے گئے۔ صدر ولودیمیر زیلینسکی نے کہا کہ مقامی سکول، جسے امدادی مقاصد کے لیے استعمال کیا جا رہا تھا، پر پہلے حملے کے بعد اس مقام پر دوسرا حملہ

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 5پر)

دنیا بھر میں یوٹیوب ویڈیوز دیکھنے میں پاکستان سرفہرست ہے، چیئرمین پی ٹی اے

24 شہروں میں 5.جی آرہا ہے، بہتر سروسز کے اقدامات کررہے ہیں، وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین پی ٹی اے حفیظ الرحمان نے کہا ہے کہ پاکستان میں یوٹیوب پر روزانہ 560 ملین لوگ ویڈیوز دیکھتے ہیں اور دنیا میں یوٹیوب ویڈیوز دیکھنے میں پاکستان سرفہرست ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی انفارمیشن ٹیکنالوجی کے اجلاس میں چیئرمین پی ٹی اے میجر جنرل ریٹائرڈ حفیظ الرحمان نے قائمہ کمیٹی کو بریفنگ دی۔ چیئرمین پی ٹی اے نے بتایا کہ پاکستان میں ٹک ٹاک کے 10 کروڑ صارفین کے اکاؤنٹس ہیں، 15 کروڑ پاکستانی ٹک ٹاک پر ویڈیوز دیکھتے ہیں، اس وقت 96 ملین پاکستانی یوٹیوب استعمال کر رہے ہیں، پاکستان میں یوٹیوب پر روزانہ 560 ملین لوگ ویڈیوز دیکھتے ہیں جب کہ دنیا میں یوٹیوب ویڈیوز دیکھنے میں پاکستان سرفہرست ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان میں واٹس ایپ کے 10 کروڑ صارفین کے اکاؤنٹس ہیں، پاکستانی واٹس ایپ پر روزانہ ایک ارب کالز کرتے ہیں اور واٹس ایپ سے روزانہ 12 ارب پیغام ارسال ہوتے ہیں۔ اس حوالے سے وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5پر)

ایران امریکی سکیورٹی نظام کو تبدیل کرنے کا خواہاں ہے، سربراہ ایرانی فوج

تہران (اے این این) ایران کی مسلح افواج کے سربراہ علی عبداللہی نے کہا ہے کہ ایران امریکی سکیورٹی نظام کو تبدیل کرنے کا خواہاں ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ ایران آبنائے ہرمز پر اپنی خود مختاری تسلیم کروانا چاہتا ہے۔ علی عبداللہی کا کہنا ہے کہ خطے میں پائیدار امن کے لیے لبنان اور غزہ سمیت تمام محاذوں پر جنگ کا خاتمہ ضروری ہے، خطے میں پائیدار امن کے لیے ایران کے 5 اصولوں میں ان جنگ کا خاتمہ شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اصولوں میں تمام پابندیوں کا مکمل خاتمہ اور منجمد اثاثوں کی واپسی بھی شامل ہے، اصولوں میں جنگی ہرجانہ، مزید جارحیت کے خلاف ضمانتیں شامل ہیں۔ سربراہ ایرانی مسلح افواج کا کہنا ہے کہ اصولوں میں علاقائی ممالک کی زیرِ قیادت

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5پر)

افتتاح
نیو پمپنگ اسٹیشن ڈگارو پشکان گوادر
بدست مبارک
جناب مولانا ہدایت الرحمن بلوچ
PB-24
2026

پشکان، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے پشکان کے علاقے ڈگارو میں نیو پمپنگ اسٹیشن کا باقاعدہ افتتاح کے دعا کررہے ہیں

ملک کے بیشتر شہروں میں موسم خشک، بالائی علاقوں میں بارش اور برفباری کی پیشگوئی

کراچی میں 5 نومبر کے بعد مغربی ہواؤں کے باعث موسم بہتر ہونے کا امکان

اسلام آباد (اے این این) ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے، جبکہ شمالی علاقوں میں مطلع جزوی ابر آلود اور موسم سرد رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے، اسلام آباد میں موسم خشک، صبح اور رات کے اوقات میں خنکی برقرار رہنے کی توقع ہے۔ بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں ہلکی بارش اور پہاڑوں پر برفباری کا امکان ہے، چترال، دیر، سوات، کوہستان اور کرم میں ہلکی بارش متوقع ہے۔ ڈیرہ اسماعیل خان اور لکی مروت میں رات کے دوران ہلکی بارش کا امکان ہے۔ لاہور، فیصل آباد، ملتان، گوجرانوالہ اور سیالکوٹ میں صبح کے وقت دھند اور اسموگ کا امکان ہے، مری اور گلیات میں مطلع جزوی ابر آلود، صبح اور رات کے اوقات میں سردی رہیگی۔ شمالی بلوچستان میں موسم سرد، کوئٹہ، چمن، پشین اور ژوب میں ہلکی بارش متوقع ہے، سندھ کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک، جنوبی اضلاع میں دن کے وقت موسم گرم رہنے کا امکان ہے۔ کراچی میں گرمی کا راج ہے محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ 5 نومبر کے بعد سے شہر میں مغربی ہواؤں کے باعث موسم بہتر ہونے کا امکان ہے۔ ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے، جبکہ شمالی علاقوں میں مطلع جزوی ابر آلود اور موسم سرد رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5پر)

ایمان مزاری اور ہادی علی کی ضمانت منظور

انسدادِ دہشت گردی کی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کیس کی سماعت کی

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی کے خلاف پولیس سے جھگڑے کے کیس میں ضمانت منظور کر لی ہے انسدادِ دہشت گردی کی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کیس کی سماعت کی جس میں پولیس نے ریکارڈ پیش کیا عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی کی 5، 5ہزار روپے کے مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کی دوران سماعت وکیل ریاست علی نے جج کو بتایا کہ سر آج ریکارڈ آ گیا ہے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کہا کہ آج بھی ریکارڈ نہ آتا تو میں ان کو بتاتا، آپ لوگوں نے کچھ کہنا ہے؟ چلیں رہنے دیں، ضمانت منظور کی جاتی ہے واضح رہے کہ ایمان مزاری اور ہادی علی کے خلاف کارِ سرکار میں مداخلت کا مقدمہ تھانہ کوہسار میں درج ہے۔ اسلام آباد کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی کے خلاف پولیس سے جھگڑے کے کیس میں ضمانت منظور کر لی ہے انسدادِ دہشت گردی کی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کیس کی سماعت کی جس میں پولیس نے ریکارڈ پیش کیا عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی کی 5، 5

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 5پر)

مفتی محمود مرکز کی تعمیر کیلئے فضل الرحمان نے لیبیا سے مبینہ فراڈ کے نام پر پیسے لئے، ثمر بلور

لیبیا کا پیسہ لگا لیکن جائیداد کی ملکیت مولانا فضل الرحمان کے نام پر سامنے آرہی ہے، مشیر اطلاعات گورنر خیبر پختونخوا

پشاور (جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا کی مشیر اطلاعات ثمر ہارون بلور نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان نے مفتی محمود مرکز کی تعمیر کیلئے لیبیا سے مبینہ فراڈ کے نام پر پیسے لئے۔ ایک بیان میں ثمر ہارون بلور نے کہا کہ رنگ روڈ پر قائم مفتی محمود مرکز سے متعلق اہم دستاویزات منظر عام پر آئی ہیں کہ مفتی محمود مرکز کی تعمیر کے لئے مولانا فضل الرحمان نے لیبیا سے مبینہ فراڈ کے نام پر پیسے لئے، لیبیا کا پیسہ لگا لیکن جائیداد کی ملکیت مولانا فضل الرحمان کے نام پر سامنے آرہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کی بیرونی تعمیرات سرکاری رائٹ آف وے کی اراضی پر تجاوزات کے زمرے میں آتی ہے۔ ثمر بلور کا کہنا تھا کہ 2019 کے نوٹس کے باوجود مفتی محمود مرکز کی تجاوزات برقرار رہیں، مئی 2026 میں بھی مفتی محمود مرکز کی انتظامیہ کو تجاوزات پر نوٹس دیا گیا، اسی لیے تجاوزات کے خاتمے اور سرکاری اراضی کی واگزاری کے لیے قانون کا نفاذ یقینی بنایا جائے۔ گورنر خیبر پختونخوا کی مشیر اطلاعات ثمر ہارون بلور نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان نے مفتی محمود مرکز کی تعمیر کیلئے لیبیا سے مبینہ فراڈ کے نام پر پیسے لئے۔ ایک بیان میں ثمر ہارون بلور نے کہا کہ رنگ روڈ پر قائم مفتی محمود مرکز سے متعلق اہم دستاویزات منظر عام پر آئی ہیں کہ مفتی محمود مرکز کی تعمیر کے لئے مولانا فضل الرحمان نے لیبیا سے مبینہ فراڈ کے نام پر پیسے لئے، لیبیا کا پیسہ لگا لیکن جائیداد کی ملکیت مولانا

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5پر)

سری لنکا کے اعلیٰ سطحی بدھ مت وفد کی وفاقی وزیر قومی ورثہ وثقافت سے ملاقات

گندھارا تہذیب اور بدھ ورثے کے فروغ کے لیے تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی سے سری لنکا کے 16 رکنی اعلیٰ سطحی وفد نے آج پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس (پی این سی اے) اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں گندھارا تہذیب، بدھ مت کے تاریخی ورثے، آثارِ قدیمہ، تعلیم، تحقیق اور ثقافتی روابط کے فروغ سمیت دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں سری لنکا کے محکمہ آثارِ قدیمہ کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر ای اے سینارتھ ڈسانائیکے، سابق ڈائریکٹر جنرل محکمہ آثارِ قدیمہ پروفیسر پی ڈی منڈاوالا، سری لنکا کے 46ویں سالیسٹر جنرل مسز دلروکشی ڈیاس وکرماسنگھے اور بدھ مت کمیونٹی وکاروباری شعبے کی اہم شخصیات شامل تھیں۔ وفد کی قیادت بودھی دھما بدھسٹ ایسوسی ایشن آسٹریلیا کے صدر مسٹر دیپتھا وکرمارتنے کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان گندھارا تہذیب اور بدھ مت کے تاریخی ورثے کا ایک اہم مرکز ہے اور حکومت پاکستان اس عظیم تاریخی وتہذیبی ورثے کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے اور بین الاقوامی تعاون کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ سری لنکا اور پاکستان کے درمیان مشترکہ مذہبی، تاریخی اتی وزیر نے کہا کہ ایسے وفود کے دورے دونوں ممالک کے عوام کے درمیان روابط بڑھانے اور پاکستان کے مثبت تشخص کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

لیوی پر حکومت اور جماعت اسلامی کے مذاکرات حتمی مرحلے میں داخل ہوگئے، لیاقت بلوچ

مطالبات منظور نہ ہوئے تو احتجاج کا مکمل حق رکھتے ہیں، نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان

اسلام آباد (سی ایم لنکس) قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان پٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کو ریلیف دینے کے معاملے پر مذاکرات حتمی مرحلے میں داخل ہوگئے ہیں۔ دونوں فریقوں نے پٹرولیم لیوی کا خاتمہ ناگزیر قرار دیا ہے، جبکہ زرعی شعبے اور 1,000 سی سی گاڑیوں کو ریلیف دینے پر بھی اتفاق ہوا ہے۔ وزارت خارجہ میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی سربراہی میں حکومتی مذاکراتی کمیٹی سے ملاقات کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے لیاقت بلوچ نے کہا کہ آج کا اجلاس وزیراعظم شہباز شریف اور جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی ملاقات کے تناظر میں ہوا۔ یہ مذاکرات کا حتمی راؤنڈ تھا، جس میں چار بنیادی نکات پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ڈپٹی سیکرٹری سید فراست شاہ، امیر اسلام آباد نصراللہ رندھاوا اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ قبل ازیں جماعت اسلامی اور حکومت کے مذاکرات ہوئے۔ حکومتی مذاکراتی کمیٹی میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزیر احسن اقبال اور رانا ثنا اللہ شامل تھے، جبکہ جماعت اسلامی کی جانب سے لیاقت بلوچ، سید فراست شاہ اور انجینئر نصراللہ رندھاوا نے مذاکرات میں شرکت کی۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی نے عوام کو ریلیف دینے کے لیے حکومت کو چھ نکاتی تجاویز پیش کی تھیں۔ ان میں پٹرولیم لیوی کا خاتمہ، ریلیف پیکیج، پبلک ٹرانسپورٹ، 800 سی سی سے بڑی گاڑیوں اور زرعی شعبے کو ریلیف دینا شامل تھا۔ حکومت نے زرعی شعبے اور 1,000 سی سی گاڑیوں کو ریلیف دینے پر اتفاق کیا ہے۔ قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان پٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کو ریلیف دینے کے معاملے پر مذاکرات حتمی مرحلے میں داخل ہوگئے ہیں۔ دونوں فریقوں نے پٹرولیم لیوی کا خاتمہ ناگزیر قرار دیا ہے، جبکہ زرعی شعبے اور 1,000 سی سی گاڑیوں کو ریلیف دینے پر بھی اتفاق ہوا ہے۔ سلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی ملاقات کے تناظر میں ہوا۔

مستونگ، ضلعی انتظامیہ کا بازار میں ناجائز تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن، متعدد سامان ضبط

سڑکوں پر ریڑھیاں کھڑی کرنے اور فٹ پاتھ گھیرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا انتباہ، اسسٹنٹ کمشنر

مستونگ (یو این اے) ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام سلیم بلوچ کی خصوصی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ، میونسپل کمیٹی اور پولیس نے مستونگ بازار میں ناجائز تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا۔ آپریشن کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر مستونگ اسد اللہ سمالانی نے کی، جبکہ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی آصف حسن سارنگزئی اور ایڈیشنل ایس ایچ او نذیر لانگو سمیت انتظامی ٹیم اور عملہ بھی ہمراہ تھا۔ کارروائی کے دوران کوئٹہ روڈ، مسجد روڈ، اسٹیڈیم روڈ اور محراب روڈ پر فٹ پاتھوں اور سڑکوں پر قائم غیر قانونی اسٹالز، سبزی وفروٹ کی ریڑھیوں اور دکانوں کے سامنے قائم تجاوزات کو ہٹا دیا گیا۔ اس دوران متعدد ریڑھی بانوں کے ترازو، کرسیاں اور دیگر سامان بھی ضبط کیا گیا۔ انتظامی حکام نے دکانداروں اور ریڑھی بانوں کو آخری وارننگ جاری کرتے ہوئے واضح کیا کہ آئندہ سڑکوں پر ریڑھیاں کھڑی کرنے اور فٹ پاتھوں پر غیر قانونی اسٹالز قائم کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی کی جائے گی، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کو گرفتار کرنے اور جرمانے عائد کرنے کی بھی وارننگ دی گئی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر اور دیگر افسران نے کہا کہ بازار میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور شہریوں کو آمدورفت میں درپیش مشکلات کے خاتمے کے لیے تجاوزات کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام سلیم بلوچ کی خصوصی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ، میونسپل کمیٹی اور پولیس نے مستونگ بازار میں ناجائز تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا۔ آپریشن کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر مستونگ اسد اللہ سمالانی نے کی، جبکہ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی آصف حسن سارنگزئی اور ایڈیشنل ایس ایچ او نذیر لارو ڈ پر فٹ پاتھوں اور سڑکوں پر قائم غیر قانونی اور فٹ پاتھوں پر غیر قانونی اسٹالز قائم کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی کی جائے گی، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کو گرفتار کرنے اور جرمانے عائد کرنے کی بھی وارننگ دی گئی۔

آصفہ بھٹو زرداری کی ضلع مہمند میں پولیس اہلکاروں پر حملے کی مذمت

اسلام آباد (یو این اے) خاتونِ اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے ضلع مہمند میں پولیوٹیموں کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکاروں پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے فرائض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے اہلکاروں کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ منگل کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بیان میں بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے کہا کہ پولیس اہلکار بچوں کو پولیو جیسے موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے اپنی قومی ذمہ داری ادا کر رہے تھے۔ انہوں نے شہید اہلکاروں کی جرات، بہادری اور قربانی کو سراہتے ہوئے کہا ہے۔ خاتونِ اول نے شہدا کے اہلِ اہلکار کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کے بزدلانہ حملے پاکستان کی اپنے بچوں کو پولیو سے محفوظ رکھنے کی کوششوں کو کسی صورت روک نہیں سکتے۔

کوئٹہ: امداد اسپتال سے اکرم اسپتال تک کا علاقہ 'فری ٹریفک زون' بنانے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت شہر میں تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک کے نظام کی بہتری کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ، ایس ایس پی ٹریفک سجان دشتی اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں امداد اسپتال سے اکرم اسپتال تک کے علاقے کو فری ٹریفک زون بنانے، غیر قانونی تجاوزات کے خاتمے اور ٹریفک کی بلاتعطل روانی یقینی بنانے کے حوالے سے تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ مذکورہ علاقے میں کسی بھی قسم کی تجارتی سرگرمی کے لیے میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے کوئی این او سی یا اجازت نامہ جاری نہیں کیا جائے گا،

غزہ میں اسرائیلی فائرنگ سے 4 فلسطینی شہید

غزہ (اے این این) جنوبی غزہ میں ناصر میڈیکل کمپلیکس کے طبی حکام نے بتایا کہ اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے 24 گھنٹے کے دوران 4 فلسطینی شہید اور 10 دیگر زخمی ہوگئے. خان یونس کے مغرب میں المواسی، مشرقی دیر البلاح اور متعدد دیگر مقامات پر حملے جاری ہیں۔ کمپلیکس کے ایک طبی ذریعے نے بتایا کہ خان یونس کے مغرب میں واقع المواسی پر اسرائیلی ڈرون حملے میں ایک شخص ہلاک اور ایک خاتون اور دولڑکیوں سمیت پانچ دیگر زخمی ہوگئے. یہ علاقہ حالیہ دنوں میں بار ہا حملوں کا مشاہدہ کر رہا ہے۔ عینی شاہدین نے بتایا کہ ایک اسرائیلی ڈرون نے اسی علاقے میں ایک فلسطینی کی طرف کم از کم ایک میزائل فائر کیا جبکہ فوجی گاڑیوں نے شہر کے مشرق اور جنوب میں مقامات کی طرف شدید فائرنگ کی۔ ایک الگ حملے میں، ایک فلسطینی شخص شہید اور چار دیگر زخمی ہوئے، جن میں سے ایک کی حالت نازک ہے۔ وسطی غزہ میں دیر البلاح کے مشرق میں اسرائیلی حملے میں ایک 40 سالہ شخص بھی ہلاک اور ایک فلسطینی معمولی زخمی ہوا، جب کہ عینی شاہدین نے بتایا کہ اسی علاقے میں المصدر گاں کے مشرق میں ایک اسرائیلی کواڈ کاپٹر نے فلسطینیوں

ایران معاہدہ کرنے کا خواہش مند زیادہ امکان یہی ہے کہ ہم معاہدہ کرلیں گے امریکی صدر

ہم اس وقت کوئی باقاعدہ جنگ نہیں لڑ رہے، یہ روایتی جنگ نہیں ہے، یہ بہت محدود نوعیت کی جنگ ہے، انٹرویو

ایرانی حکام کے ساتھ کئی مثبت بات چیت ہوئی ہیں، ٹرمپ بھی ممکنہ معاہدے کے امکانات سے مطمئن ہیں، جے ڈی وینس

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران معاہدہ کرنے کا خواہش مند ہے، زیادہ امکان یہی ہے کہ ہم معاہدہ کرلیں گے۔ فاکس نیوز کو دیئے گئے انٹرویو میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ لوگ کہتے ہیں ہم جنگ میں ہیں، ہم اس وقت کوئی باقاعدہ جنگ نہیں لڑ رہے، یہ روایتی جنگ نہیں ہے، یہ بہت محدود نوعیت کی جنگ ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ ایران معاہدہ کرنے کا شدید خواہش مند ہے، معاہدہ نہ کیا تو جنگ چھڑ سکتی ہے، بہت زیادہ امکان یہی ہے کہ ہم معاہدہ کرلیں گے۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ ہم نے آپریشن مڈنائٹ ہیمر کے ذریعے ایران پر بمباری کی، ہم نے ایران کی تمام ممکنہ جوہری صلاحیت کو نشانہ بنایا، اب شاید ہمیں پک ایکس ماؤنٹین کو بھی نشانہ بنانا پڑے، ہم یہ کارروائی ہم صرف ایک گھنٹے میں کرسکتے ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ہم ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے، ایران جنگ پر 30 ارب ڈالر خرچ کرنا معمولی رقم ہے، ایران ایک خطرناک ملک ہے، جس نے ہمارے بہت سے لوگوں کو ہلاک کیا، قاسم سلیمانی اس کی ایک مثال ہے، وہ اب اس دنیا میں نہیں رہے۔ واضح رہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان معاہدے کی امیدیں بڑھنے لگیں۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے ایران کے ساتھ مذاکرات میں پیش رفت کی تصدیق کردی۔ فاکس نیوز سے گفتگو میں جے ڈی وینس نے کہا کہ ایرانی حکام کے ساتھ کئی مثبت بات چیت ہوئی ہیں اور صدر ٹرمپ بھی ممکنہ معاہدے کے امکانات سے مطمئن ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ مذاکرات کیلئے کوئی ڈیڈ لائن مقرر نہیں۔ تاہم ایران کو جوہری پروگرام دوبارہ تعمیر نہ کرنے کی ٹھوس اور قابلِ تصدیق یقین دہانی کرانا ہوگی۔ امریکی نائب صدر نے کہا کہ سفارتی کوششیں جاری رہیں گی۔ لیکن

افغان طالبان رجیم میں آزاد صحافت پر پابندیاں برقرار

نام نہاد افغان سپریم لیڈر ہیبت اللہ عالمی سطح پر آزادی صحافت کا قاتل قرار

کابل (جی این ایم) افغان طالبان رجیم میں آزاد صحافت پر پابندیاں برقرار ہے، نام نہاد افغان سپریم لیڈر ہیبت اللہ کو عالمی سطح پر آزادی صحافت کا قاتل قرار دے دیا گیا۔ افغان سپریم لیڈر ہیبت اللہ اخوندزادہ آزادی صحافت پر قدغنیں لگانے والے 33 عالمی شخصیات کی فہرست میں شامل ہو گیا۔ عالمی میڈیا واچ ڈاگ رپورٹرز ود آؤٹ بارڈرز کے مطابق قابض افغان طالبان رجیم نے 20 سے زائد حکومتی نوٹیفکیشن اور متعدد صوبائی احکامات کے ذریعے افغان میڈیا کو سخت گیر پابندیوں میں جکڑ دیا ہے۔ آرایس ایف نے بتایا کہ غان طالبان رجیم کی بدترین پابندیوں میں رجیم پر تنقید، خواتین کے حقوق، سیاسی بحث اور جانداروں کی تصاویر نشر کرنے پر پابندیاں شامل ہیں، طالبان رجیم کی بدترین پابندیوں کے باعث افغانستان آزادی صحافت کے عالمی انڈیکس میں 180 ممالک میں 175ویں نمبر پر پہنچ چکا ہے۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ اگست 2021 سے اب تک طالبان رجیم 74 سے زائد میڈیا کارکنوں کو گرفتار کر چکی ہے، رواں سال بھی چھ صحافی حراستاری کے تحت طالبان رہنماں کی توہین پر قید اور کوڑوں کی سزا مقرر، اختلافِ رائے بھی جرم بنادیا گیا۔

صحبت پور، ایگزیکٹو انجینئر اریگیشن مدثر کھوسو سے ڈکیتی اور گاڑی اغوا کی اطلاعات

مسلح افراد نے موبائل اور لاکھوں روپے لوٹ لیے، گاڑی ڈرائیور سمیت لے گئے، پولیس تفتیش شروع

صحبت پور (یو این اے) محکمہ آبپاشی (اریگیشن) کے ایگزیکٹو انجینئر (ای ایکس این) مدثر ظفر کھوسو سے بیلٹ پٹ کے قریب مبینہ ڈکیتی اور سرکاری گاڑی ڈرائیور سمیت اغوا کیے جانے کی اطلاع موصول ہوئی ہے، تاہم واقعے کے گرد مبینہ شکوک وشبہات کے بادل بھی منڈلا رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سابق نگران وزیراعظم مرحوم حاجی ہزار خان کھوسو کے بھتیجے اور ایگزیکٹو انجینئر اریگیشن مدثر ظفر کھوسو کوئٹہ سے صحبت پور واپس آ رہے تھے کہ بیلٹ پٹ کے قریب مسلح افراد نے ان سے موبائل فون اور لاکھوں روپے نقدی چھین لی اور سرکاری گاڑی ڈرائیور سمیت اپنے ساتھ لے کر موقع سے فرار ہو گئے۔ واقعے کے بعد مدثر کھوسو نے مقامی میڈیا کو بتایا کہ وہ کس طرح راستے سے لفٹ لے کر منزل پر پہنچے۔ مقامی وصحافتی حلقو۔ مقامی پولیس نے واقعے کی اطلاع ملنے پر رپورٹ درج کر کے تفتیش اور مبینہ طور پر اغوا ہونے والے ڈرائیور وسرکاری گاڑی کی برآمدگی کے لیے کارروائی کا آغاز کردیا ہے،

ملک بھر میں انسدادِ پولیو مہم شروع، 8 نومبر تک جاری رہے گی، نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر

پانچ سال سے کم عمر کیتقریبا 2 کروڑ 40 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

اسلام آباد (یو این اے) ملک بھر میں انسدادِ پولیو مہم کا آغاز ہوگیا ہے، جو 8 نومبر تک جاری رہے گی۔ نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (این ای او سی) کے مطابق مہم کے دوران ملک کے 97 منتخب اضلاع میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائے جائیں گے۔ این ای او سی کے مطابق مہم کے دوران 2 لاکھ سے زائد تربیت یافتہ فرنٹ لائن ورکرز گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو ویکسین پلائیں گے۔ اس مہم کے تحت پانچ سال سے کم عمر کیتقریبا 2 کروڑ 40 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ این ای او سی نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ نومبر کی انسدادِ پولیو مہم کے دوران اپنے پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو پولیو سے بچا کے قطرے لازمی پلوائیں اور پولیو ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔ این ای او سی کے مطابق بچوں کو بار بار پولیو ویکسین پلانے سے ان کے جسم میں پولیو وائرس کے خلاف قوتِ مدافعت مضبوط ہوتی ہے۔ والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ مہم کے دوران اپنے بچوں کی ویکسی نیشن یقینی بنائیں تاکہ پاکستان کو پولیو سے پاک بنانے کی کوششوں کو کامیاب 2 لاکھ سے زائد تربیت یافتہ فرنٹ لائن ورکرز گھر 0 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ این ای او سی نے والدین سے اپیل کی ہے

مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کا گرلز ہائی اسکول سربندن کا دورہ

اسکول کے مسائل فوری حل کر کے طالبات کو بہتر تعلیمی سہولیات فراہم کی جائیں، مولانا ہدایت الرحمان بلوچ

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر زاہد بلوچ کے ہمراہ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سربندن کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعلیمی ماحول، تدریسی سرگرمیوں اور دستیاب بنیادی سہولیات کا جائزہ لیا انہوں نے اسکول میں بجلی کی عدم دستیابی، پنکھوں کی کمی وخرابی، ڈیسک اور دیگر ضروری تعلیمی سہولیات کے فقدان سمیت اساتذہ کی کمی اور تدریسی امور سے متعلق مسائل کا جائزہ لیا گیا مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ڈی ای او گوادر کو ہدایت کی کہ اسکول کو درپیش مسائل کے حل کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں اور طالبات کو بہتر تعلیمی ماحول، ضروری سہولیات اور معیاری تدریس کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ ان کی تعلیمی سرگرمیاں متاثر نہ ہوں اس موقع پر ڈی ای او زاہد بلوچ نے یقین دہانی کرائی کہ اسکول میں نشاندہی کیے گئے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور تعلیمی سہولیات کی بہتری کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔ رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر زاہد بلوچ کے ہمراہ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سربندن کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعلیمی سہولیات کے فقدان سمیت اساتذہ کی کمی اور تدریسی امور سے متعلق مسائل کا جائزہ لیا گیا مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ڈی ای او گوادر کو ہدایت کی کہ اسکول کو درپیش مسائل کے حل کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں

ٹک ٹاکر پتلو مفرور، تعلقات سے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے، خواجہ آصف

سارا ڈرامہ اس ٹک ٹاکر نے مزید کمائی کے لئے کیا، انعامات اس کی انویسٹمنٹ تھی اور کمائی سوشل میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (اے این این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ٹک ٹاکر پتلو مفرور ہے اور اپنا اثر ورسوخ استعمال کر کے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ ڈسکہ میں ہونے والے واقعہ کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، ایک ٹک ٹاکر جس کو پتلو کے نام سے پکارا جاتا ہے اپنے شادی کی تقریب پر قیمتی انعامات کا اعلان کر کے جس میں بھاری کیش بھی شامل ہے پبلک کو اکٹھا کرلیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ سارا ڈرامہ اس ٹک ٹاکر نے مزید کمائی کے لئے کیا، انعامات اس کی انویسٹمنٹ تھی اور کمائی سوشل میڈیا سے۔ ان کا کہنا تھا کہ علاقہ کے غریب عوام کی غربت کا مذاق بنایا گیا اور ایک بڑے ہجوم میں بھگدڑ میں دو انسانی جانیں گئیں اور درجنوں لوگ زخمی ہوئے، ٹک ٹاکر مفرور ہے اور اپنا اثر ورسوخ استعمال کر کے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے۔ خواجہ آصف نے مزید کہا کہ بے لگام سوشل میڈیا معاشرے اور ریاست کے لئے زہر قاتل ثابت ہوسکتا اس کا احتساب ہونا چاہیے، یہ ٹک ٹاکر کروڑوں نہیں اربوں کما رہے ہیں کیا ٹیکس قوانین ان کو ریگولیٹ کر رہی ہیں؟ وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ٹک ٹاکر پتلو مفرور ہے اور اپنا اثر ورسوخ استعمال کر کے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے۔

شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ اقبال کا 149واں یوم ولادت 9 نومبر کو منایا جائے گا

فیصل آباد (جی این ایم) شاعر مشرق سر ڈاکٹر علامہ اقبال کا 149واں یوم ولادت 9 نومبر کو منایا جائے گا۔ ملت اسلامیہ کو لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری جیسی آفاقی فکر دینے والے بیسویں صدی کے عظیم صوفی شاعر، قانون دان اور تحریک پاکستان کی اہم ترین شخصیت ڈاکٹر سر علامہ اقبال 9 نومبر 1877 کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ علامہ اقبال جدید دور کے صوفی شاعر تھے انہوں نے اپنی شاعری کے ذریعے امت مسلمہ میں انقلابی روح بیدار کی ان کی شاعری میں تصوف اور احیائے اسلام کا رنگ نمایاں تھا۔ سر علامہ اقبال کی شاعری کی کتب کیا نگریزی، جرمن، روسی، فرانسیسی، چینی، جاپانی اور دیگر زبانوں میں تراجم شائع ہوچکے ہیں

کوئٹہ میں بجلی کی لوڈشیڈنگ اور گیس پریشر میں کمی کے مسائل پر اہم اجلاس

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت کوئٹہ شہر میں بجلی اور گیس کی فراہمی سے متعلق عوامی مسائل کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریوینیو) ایکسین واپڈا، محکمہ گیس اور سوئی سدرن گیس کمپنی (SSGC) کے افسران سمیت اسسٹنٹ کمشنر سریاب نے شرکت کی۔ اجلاس میں شہر بھر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ، بجلی کی فراہمی میں درپیش مسائل، گیس پریشر میں کمی، گیس کی فراہمی کے اوقات کار، وولٹیج کے مسائل اور دیگر انتظامی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ عوام کو بجلی اور گیس کی فراہمی سے متعلق درپیش مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 1

سہولیات فراہم کرنے کے لئے مثالی اقدامات کر رہے ہیں، سعودی حکومت کی جانب سے حج انتظامات میں بہتری اور جدید سہولیات کی فراہمی قابل تحسین ہے۔ انہوں نے روٹ ٹو مکہ منصوبے کو ایک بہترین اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سہولت سے پاکستانی حجاج کرام کو نمایاں آسانی میسر آئی ہے اور ان کے سفرِ حج کو زیادہ سہل بنانے میں مدد ملی ہے۔

بقیہ 2

غور مؤخر کیا جا رہا ہے۔ اجلاس میں ایکسپورٹ فسیلیٹیشن اسکیم پر بریفنگ کے لیے چیئرمین ایف بی آر کی عدم موجودگی پر بھی سوال اٹھایا گیا۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے بتایا کہ ایف بی آر کی جانب سے ممبر پالیسی اجلاس میں موجود ہیں۔ ممبر کمیٹی مرزا اختیار بیگ نے اسکیم سے فائدہ اٹھانے والوں کا مکمل ڈیٹا فراہم کرنے کا مطالبہ کیا، جبکہ چیئرمین کمیٹی سید نوید قمر نے بھی خدشہ ظاہر کیا کہ اسکیم کا غلط استعمال ہوا ہے۔ ممبر کمیٹی جاوید حنیف نے سوال اٹھایا کہ اسکیم کے نفاذ کے بعد ملکی برآمدات میں کتنا اضافہ ہوا، اس حوالے سے بھی تفصیلات فراہم کی جائیں۔ وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے بتایا کہ حکومت بزنس کمیونٹی کے ساتھ مل کر اسکیم میں تبدیلیوں کی تجاویز تیار کر رہی ہے، جو آئندہ چندروز میں مکمل کر لی جائیں گی۔

بقیہ 3

انتہائی شاندار فکری صلاحیتوں کے حامل ہیں۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی حذیفہ رحمان نے وزیراعظم شہباز شریف کی انتظامی صلاحیتوں اور ذہانت کا موازنہ نامور سائنسدان آئزک نیوٹن سے کرتے ہوئے دونوں کی ذہانت کو ایک لیول کو یکساں قرار دے دیا۔ ایک انٹرویو میں حذیفہ رحمان نے ہلکے پھلکے انداز میں وفاقی کابینہ کے اراکین کی کارکردگی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ اگر شہباز شریف کا بس چلے تو موجودہ 55 رکنی کابینہ میں سے 52 یا 53 وزرا کو فارغ کر دیں اور صرف دو تین لوگوں کو رکھا جائے کیونکہ ان کا اہلیت کا پیمانہ بالکل مختلف ہے، شہباز شریف خود چونکہ انتہائی ذہین اور باریک بین واقع ہوئے ہیں اس لیے وہ ہر ایک کو اپنے معیار پر پورا اترتا دیکھنا چاہتے ہیں، آئزک نیوٹن کے قریب ان کا آئی کیو ہے۔ معاون خصوصی نے کہا کہ میں نے وزیراعظم کے آئی کیو کے حوالے سے بات کی کہ سائنسی تخمینوں کے مطابق تاریخ میں سب سے زیادہ انسانی دماغ کا استعمال کرنے والے سائنسدان آئزک نیوٹن کا آئی کیو 168 مانا جاتا ہے اور شہباز شریف کی تیزی سے فیصلے کرنے اور حالات کو جانچنے کی صلاحیت کو دیکھتے ہوئے ان کا آئی کیو بھی تقریباً 158 یا 160 کے قریب ہوسکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ میرا مقصد صرف یہ اجاگر کرنا تھا کہ ملک کے وزیراعظم انتہائی شاندار فکری صلاحیتوں کے حامل ہیں۔

بقیہ 4

ہے۔ ملا عبدالحق واثق سمیت طالبان کے کئی عہدیدار اقوام متحدہ کی 1988 پابندیوں کی فہرست میں شامل ہیں۔ ان پابندیوں میں سفری پابندی، اثاثے منجمد کرنا اور اسلحے کی فراہمی پر پابندیاں شامل ہیں۔ دوسری جانب برطانیہ میں قائم خبررساں ادارے افغانستان انٹرنیشنل نے رپورٹ کیا ہے کہ ملا عبدالحق واثق نے متحدہ عرب امارات کے دورے کے بعد ترکی کا بھی سفر کیا ہے۔ خبررساں ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے افغان امور کے ایک مبصر نے کہا کہ ترکی کا یہ دورہ طالبان اور پاکستان کے درمیان ثالثی کے لیے ترکی اور خطے کے بعض دیگر ممالک کی کوششوں کا حصہ ہو سکتا ہے۔ عبدالحق واثق 2014 میں گوانتانامو بے سے رہائی کے بعد اور افغانستان میں طالبان کے اقتدار میں واپسی سے قبل آٹھ سال تک دوحہ میں مقیم رہے۔ انھوں نے دوحہ میں طالبان کی مذاکراتی ٹیم کے رکن کے طور پر اہم کردار ادا کیا۔ عبدالحق واثق ستمبر 2021 سے طالبان کے انٹیلیجنس چیف ہیں اور 1990 کی دہائی میں طالبان کے پہلے دور حکومت میں ڈپٹی انٹیلیجنس چیف کے طور پر بھی کام کر چکے ہیں۔

بقیہ 5

اے رکن ہوں گے، عامر ڈوگر نے پوچھا کمیٹی میں انتہائی کم نمائندگی کے ساتھ اپوزیشن کیا کردار ادا کرے گی، 2013 میں جو انتخابی اصلاحات کمیٹی تھی اس کی تشکیل کا فارمولا مدنظر رکھا جائے، پارلیمانی قیادت سے مشاورت کے بعد حکومت کو جواب دوں گا لیکن انتخابی اصلاحات کمیٹی کو پہلے ہمارے انتخابات چوری کیے جانے کی تحقیقات کرنی چاہیے۔ ذرائع کے مطابق طارق فضل نے جواب دیا کہ ٹی او آرز کمیٹی نوٹیفکیشن کے بعد مرتب ہوں گے، کھلے دل اور کھلے ذہن سے آگے بڑھیں گے، اپوزیشن جلد نام دے تاکہ اسپیکر کمیٹی کا نوٹیفکیشن جلد کرسکیں۔

بقیہ 6

امریکی حملوں کا باضابطہ اعلان نہیں کیا گیا، واشنگٹن حملوں کو جان بوجھ کر خفیہ رکھ رہا ہے، حملے خفیہ رکھنے کا مقصد آپریشن کا تاثر پیدا ہونے سے روکنا ہے۔ دوسری جانب ایرانی سرکاری خبررساں ادارے ارنا کے مطابق ایران کے جزیرہ قشم میں 5 دھاکوں کی آوازیں سنی گئیں، دھاکوں کی شدت سے قشم میں اہم مقامات کو نشانہ بنائے جانے کا امکان ہے۔ واضح رہے کہ قشم جزیرہ عالمی سطح پر توانائی کی ترسیل کے لیے اہم ترین سمندری شاہراہ آبنائے ہرمز کے دہانے پر واقع ہے، جہاں ایران کی بڑی زیر زمین میزائل تنصیبات، بحری اڈہ اور پانی کو میٹھا بنانے کا مرکزی پلانٹ موجود ہے۔ دریں اثنا پاایران کی پاسداران انقلاب (آئی آر جی سی) نے دعویٰ کیا کہ جزیرہ قشم کے جنوب میں مزید دو امریکی ایم کیو ایم 170-جاسوس ڈرونز کو قبضے میں لے لیا گیا ہے۔

بقیہ 7

بہتری، تعمیر و ترقی اور عوامی خدمت کیلئے پرعزم ہے۔ مطابق بدلتا، نکھرتا، مضبوط خیبر پختونخوا کے تحت ڈپٹی کمشنر لوئر جنوبی وزیرستان کی خصوصی ہدایات پر ٹی ایم اے وانا متحرک ہے اور شہر کی گلیوں، بازاروں و مختلف مقامات سے کچرا اٹھانے کے ساتھ مکمل صفائی کے عمل کو موثر بنانے کیلئے عملی ا

بقیہ 8

مذمت واقعہ ہے۔ جاری بیان میں گورنر کے پی نے کہا کہ پولیو ورکرز بچوں کے محفوظ مستقبل اور صحت مند پاکستان کیلئے قومی فریضہ انجام دے رہے ہیں۔ پولیو ورکرز کو نشانہ بنانا انسانیت اور قومی مفاد کے خلاف ہے۔ فیصل کریم کنڈی نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی ہے کہ مغوی پولیو ورکرز کی بحفاظت بازیابی کیلئے فوری اور موثر اقدامات اٹھائے جائیں، پولیو ٹیموں کو تحفظ فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ قبل ازیں پولیس کے مطابق ٹانک کی یونین کونسل شیخ اتار کے علاقے گاں جیوں میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیو ورکرز کو اغوا کیا۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہیں۔

بقیہ 9

کی صبح تقریبا ساڑھے 7 بجے محمد خلیل اس کے والد افضل خان سرائیکی اور چچا منظور حسین سرائیکی جو پیشے کے اعتبار سے مستری ہیں

بقیہ 10

تو چلیں نیشنل ایکشن پلان پر عمل کریں۔ ایک انٹرویو میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ تحریک انصاف کی ایسی کوئی پالیسی نہیں کہ وہ دہشت گردوں کی سہولت کاری کرے۔ اگر کسی شخص نے سہولت کاری کی ہے تو ثبوت پی ٹی آئی کے سامنے لائے جائیں تاکہ پتہ چلے کہ کون ایسا کر رہا تھا۔ پی ٹی آئی ایک سیاسی جماعت ہے، ہم نے یوٹیوبرز کو ڈس اوون کر دیا ہے کیونکہ یوٹیوبرز ہماری سیاسی جماعت کو نقصان پہنچا رہے تھے۔ یہ یوٹیوبرز جو کر رہے تھے اپنی ریٹنگ کیلئے کررہے تھے۔

بقیہ 11

ہے۔ عدالت نے بچوں کے نان نفقے، غیر شادی شدہ بیٹیوں کے اخراجات اور دیگر استدعاں سے متعلق باقی دعویٰ واپس لیے جانے پر اسے خارج کردیا۔ فیملی کورٹ نے خلع کی ڈگری کی مصدقہ نقل شوہر اور متعلقہ یونین کونسل کو بھجوانے کا حکم بھی دے دیا۔

بقیہ 12

تفصیل جاننے کے لیے اپنا 13 ہندسوں پر مشتمل شناختی کارڈ نمبر بغیر ڈیش (-) کے 668 پر ایس ایم ایس کریں۔ پی ٹی اے نے مزید تاکید کی ہے کہ اگر تصدیق کے دوران کوئی ایسی سم سامنے آئے جو صارف کے استعمال یا علم میں نہ ہو تو اسے فوری طور پر متعلقہ موبائل آپریٹر کی فرنچائز یا کسٹمر سروس سینٹر سے بلاک کروائیں تاکہ کسی بھی ممکنہ قانونی یا مالی پریشانی سے بچا جا سکے۔

بقیہ 13

وزیراعظم کی بادشاہ سے ملاقات کو سیاسی بحران کے مستقبل کے لیے اہم قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ 14

رپورٹ کے مطابق ڈاکوؤں نے منظور کالونی سیکٹر ایف میں واردات کی، جس کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی، 3 ڈاکوؤں نے کرکٹ میچ کھیلنے والی ٹیم کو اسلحے کے زور پر یرغمال بنایا۔ مذکورہ فوٹیج میں ڈاکوں کو پوری ٹیم سے موبائل فونز اور نقدی چھینتے دیکھا جا سکتا ہے، ڈاکوؤں نے دوران واردات میچ کھیلنے والے نوجوانوں کو تشدد کا نشانہ بھی بنایا۔ پولیس کے مطابق ڈاکو واردات کے بعد باآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، فوٹیج کی مدد سے ملزمان کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ 15

پختونخوا اور درخواست گزار کے وکیل بشیر وزیر ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ آئین کے آرٹیکل 199 کے تحت عدالت کو اختیار حاصل ہے کہ وہ وزیراعلیٰ اور اسپیکر کو پیش کرنے کا حکم دے۔ گورنر سمیت دیگر حکام میڈیا پر اعتراف کر چکے ہیں کہ سہیل آفریدی حفاظتی تحویل میں ہیں، لہذا آئی جی پولیس کو حکم دیا جائے کہ انہیں عدالت میں پیش کیا جائے۔ وکیل درخواست گزار نے مزید کہا کہ صوبائی حکومت نے ایسا قانون منظور کیا ہے جس کے تحت کسی رکن اسمبلی کو اس طرح گرفتار نہیں کیا جاسکتا۔ قانون کے تحت اسپیکر کو بھی گرفتار نہیں کیا جاسکتا اور نئے اسپیکر کے انتخاب تک موجودہ اسپیکر اپنے عہدے پر برقرار رہتا ہے۔ جسٹس ارشد علی نے ایڈووکیٹ جنرل سے استفسار کیا کہ آپ کو عدالتی حکم پر عملدرآمد کرنا چاہیے تھا۔ اس پر ایڈووکیٹ جنرل نے بتایا کہ انہیں آج ہی رپورٹ موصول ہوئی ہے اور جواب جمع کرانے کیلئے مزید تین دن درکار ہیں۔ پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ڈپٹی کمشنرز سے بھی رپورٹس طلب کی گئی ہیں۔ جسٹس ارشد علی نے ریمارکس دیئے کہ وزیراعلیٰ غائب ہیں اور ہوم ڈیپارٹمنٹ کو ان کے بارے میں تمام معلومات ہونی چاہییں۔ ایڈووکیٹ جنرل نے موقف اختیار کیا کہ اس سے قبل بھی 3 ایم پی او کے تحت سینکڑوں مقدمات ایسے جمع ہوئے جن میں حکومت سے جواب طلب نہیں کیا گیا تھا۔ عدالت نے ایڈووکیٹ جنرل کے جواب کو غیر تسلی بخش قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کو جواب جمع کرانے کیلئے وقت دیا گیا تھا، لیکن عدالتی حکم پر عمل نہیں کیا گیا۔ جسٹس ارشد علی نے ریمارکس دیئے کہ یہ مفاد عامہ کا معاملہ ہے اور اگر حکومت کا یہی رویہ رہا تو کیس لارجر بینچ کو بھیج دیا جائے گا۔ عدالت نے نشاندہی کی کہ حکومت کو جواب جمع کرانے کے لئے 10 دن دیئے گئے تھے، تاہم اس کے باوجود عدالتی حکم پر عملدرآمد نہیں کیا گیا۔ بعدازاں عدالت نے کیس چیف جسٹس کو ارسال کرتے ہوئے درخواستوں پر لارجر بینچ تشکیل دینے کی درخواست کردی۔

بقیہ 16

مسائل غور سے سنے اور متعلقہ افسران کو ان کے فوری حل کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 17

سالہ بیٹا اور 2 سالہ بچی بھی شامل تھے۔ ایجنسی میں کارروائی کرتے ہوئے مرکزی ملزم رجب سمیت 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق مرکزی ملزم رجب مقتول خاتون کا چچا ہے جبکہ اس اندوہناک واردات میں مبینہ طور پر 5 افراد کے ملوث ہونے کے شواہد سامنے آئے ہیں۔ گرفتار دونوں ملزمان کو مزید تفتیش اور قانونی کارروائی کے لیے گلگت بلتستان روانہ کر دیا گیا ہے جہاں کیس کی تفتیش کو مزید تیز کیا جائے گا۔ پولیس کے مطابق باقی ملزمان کی گرفتاری کیلئے کرم ایجنسی میں چھاپے بھی جاری ہیں۔ یاد رہے کہ اس لرزہ خیز واردات میں میاں بیوی اور ان کے 2 کمسن بچوں کو چھریوں کے وار کرکے بے دردی سے قتل کیا گیا تھا۔ مقتول شوہر کا تعلق اسکردو کے علاقے روندو جبکہ مقتول خاتون کا تعلق پاراچنار سے تھا۔ جاں بحق بچوں میں 4 سالہ بیٹا اور 2 سالہ بچی بھی شامل تھے۔

بقیہ 18

بھی بات چیت جاری رکھے ہوئے ہیں۔ الجزیرہ کو دیے گئے ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا ہم خلیجی تعاون کونسل (جی سی سی) کے رکن ممالک کے خلاف کسی قسم کی دشمنی نہیں رکھتے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا ہمارا مقصد ایک ایسے نئے علاقائی سیکیورٹی نظام تک پہنچنا ہے جسے خطے کے ممالک خود تشکیل دیں، اور جس میں کسی بھی غیر ملکی فوجی موجودگی کی ضرورت نہ ہو۔

بقیہ 19

کسانوں کا اعتماد منصوبے کی کامیابی کا واضح ثبوت ہے، جدید ٹیکنالوجی سے دودھ اور گوشت کی پیداوار میں اضافہ ہوگا، سندھ کے کسانوں اور مویشی پالنے والوں کے لئے ترقی کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ مقامی نسل کے مویشیوں کو جدید سائنسی طریقوں سے مزید بہتر بنایا جائے گا، ایمبریو ٹرانسفر ٹیکنالوجی سے اعلیٰ نسل کے مویشی تیار کرنے میں مدد ملے گی، سندھ حکومت نے مویشی پالنے کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا عزم کیا، بہتر نسل کے مویشیوں سے دودھ اور گوشت کی پیداوار میں اضافہ ممکن ہوگا، منصوبے سے ملک میں دودھ اور گوشت کی بڑھتی ہوئی طلب پوری کرنے میں مدد ملے گی۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ لائیو اسٹاک کے شعبے میں جدید تحقیق اور ٹیکنالوجی کو فروغ دے رہے ہیں، محمد علی ملکانی نے کہا کہ سندھ کی مقامی ریڈ سندھی اور گوزیرا نسل کو مزید بہتر بنایا جائے گا، جدید ٹیکنالوجی سے مویشی پالنے والے کسانوں کی آمدنی بڑھانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 20

مطابق الخلیل کے گورنر خالد دودین نے بتایا کہ اسرائیلی فوج شہر سے نکل چکی ہے اور اس کے انخلا کے بعد فلسطینی سیکیورٹی فورسز نے علاقے کی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ فلسطینی ذرائع ابلاغ نے مقامی حکام کے حوالے سے بتایا ہے کہ شہر کے محلے الجلدہ، عین دیر بابا اور دیگر علاقوں میں خاندانوں نے اپنے گھروں کو واپس جانا شروع کر دیا ہے، یہ علاقے کئی روز تک سخت فوجی پابندیوں اور محاصرے کی زد میں رہے۔

بقیہ 21

لیونیکیشن شزا فاطمہ نے بتایا کہ سوشل میڈیا اور اے آئی استعمال سے ڈیٹا کے استعمال میں بہت اضافہ ہوا ہے، نواز شریف کے جانے کے بعد کوئی اسپیکٹرم آکشن نہیں ہوئی تھی، نواز شریف ملک کو 4 جی دے گئے، ہم نے 5 جی کی اسپیکٹرم آکشن کی۔ ان کا کہنا تھا کہ 18 لاکھ لوگ ملک میں 5 جی استعمال کر رہے ہیں، 24 شہروں میں 5 جی آرہا ہے اور بہتر سروسز کے اقدامات کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیلی کام سروسز میں خرابی کی کئی وجوہات ہیں، پورا پورا ٹاور چوری ہو جاتا ہے، ڈیزل چوری ہو جاتا ہے اور جنریٹر چوری ہو جاتا ہے۔

بقیہ 22

سیکیورٹی انتظامات بھی شامل ہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ ایران آبنائے ہرمز پر اپنی خودمختاری تسلیم کروانا چاہتا ہے۔ علی عبداللہی کا کہنا ہے کہ خطے میں پائیدار امن کے لیے لبنان اور غزہ سمیت تمام محاذوں پر جنگ کا خاتمہ ضروری ہے، خطے میں پائیدار امن کے لیے ایران کے 5 اصولوں میں ان جنگ کا خاتمہ شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اصولوں میں تمام پابندیوں کا مکمل خاتمہ اور منجمد اثاثوں کی واپسی بھی شامل ہے، اصولوں میں جنگی ہرجانہ، مزید جارحیت کے خلاف ضمانتیں شامل ہیں۔ سربراہ ایرانی مسلح افواج کا کہنا ہے کہ اصولوں میں علاقائی ممالک کی زیر قیادت سیکیورٹی انتظامات بھی شامل ہیں۔

بقیہ 23

فضل الرحمان کے نام پر سامنے آرہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کی بیرونی تعمیرات سرکاری رائٹ آف وے کی اراضی پر تجاوزات کے زمرے میں آتی ہیں۔ ثمر بلور کا کہنا تھا کہ 2019 کے نوٹس کے باوجود مفتی محمود مرکز کی تجاوزات برقرار رہیں، مئی 2026 میں بھی مفتی محمود مرکز کی انتظامیہ کو تجاوزات پر نوٹس دیا گیا، اسی لیے تجاوزات کے خاتمے اور سرکاری اراضی کی واگزاری کے لیے قانون کا نفاذ یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 24

ہزار روپے کے مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کی دوران سماعت وکیل ریاست علی نے جج کو بتایا کہ سر آج ریکارڈ آ گیا ہے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کہا کہ آج بھی ریکارڈ نہ آتا تو میں ان کو بتاتا، آپ لوگوں نے کچھ کہنا ہے؟ چلیں رہنے دیں، ضمانت منظور کی جاتی ہے واضح رہے کہ ایمان مزاری اور ہادی علی کے خلاف کارِسرکار میں مداخلت کا مقدمہ تھانہ کوہسار میں درج ہے۔

بقیہ 25

بھی کیا گیا جہاں لوگ پناہ لیے ہوئے تھے۔ زیلینسکی نے حملے کے بعد بننے والے ایک بڑے گڑھے اور ملبے میں سرچ اینڈ ریسکیو کارروائیاں کرنے والی ٹیموں کی ویڈیو بھی پوسٹ کی۔ روسی فوج نے تاحال اس واقعے پر عوامی طور پر کوئی تبصرہ نہیں کیا۔

بقیہ 26

کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے، اسلام آباد میں موسم خشک، صبح اور رات کے اوقات میں خنکی برقرار رہنے کی توقع ہے۔ بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں ہلکی بارش اور پہاڑوں پر برفباری کا امکان ہے، چترال، دیر، سوات، کوہستان اور کرم میں ہلکی بارش متوقع ہے۔ ڈیرہ اسماعیل خان اور لکی مروت میں رات کے دوران ہلکی بارش کا امکان ہے۔ لاہور، فیصل آباد، ملتان، گوجرانوالہ اور سیالکوٹ میں صبح کے وقت دھند اور اسموگ کا امکان ہے، مری اور گلیات میں مطلع جزوی ابر آلود، صبح اور رات کے اوقات میں سردی رہے گی۔ شمالی بلوچستان میں موسم سرد، کوئٹہ، چمن، پشین اور ژوب میں ہلکی بارش متوقع ہے، سندھ کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک، جنوبی اضلاع میں دن کے وقت موسم گرم رہنے کا امکان ہے۔ کراچی میں گرمی کا راج ہے محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ 5 نومبر کے بعد سے شہر میں مغربی ہواؤں کے باعث موسم بہتر ہونے کا امکان ہے۔

بقیہ 27

بتایا کہ وفاقی کابینہ کے منظور کردہ سرٹ رولز 2023 کے تحت تین سطحی فریم ورک تشکیل دیا گیا ہے، جس میں قومی سطح پر نیشنل سرٹ، دوسرے درجے پر سیکٹرل وصوبائی سرٹس اور تیسرے درجے پر تنظیمی سرٹس شامل ہیں، تاکہ سائبر حملوں کی بروقت روک تھام، سراغ رسانی اور فوری جوابی کارروائی کو ممکن بنایا جا سکے۔

بقیہ 28

کے مشیر مساعد بن محمد العیبان نے بیجنگ میں چینی وزیر خارجہ وانگ ای سے ملاقات کے دوران یہ پیغام پہنچایا، ملاقات میں وانگ ای نے کہا کہ خلیجی خطہ ایک بار پھر جنگ اور امن کے درمیان ایک اہم موڑ پر کھڑا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تمام فریق مذاکرات کے ذریعے کشیدگی اور دشمنی ختم کریں گے۔ انہوں نے علاقائی توانائی کی فراہمی اور بحری تجارتی راستوں کے تحفظ پر بھی زور دیا اور کہا کہ چین سعودی عرب کے ساتھ مل کر دوطرفہ تعلقات کو مزید آگے بڑھانے کے لئے تیار ہے۔

بقیہ 29

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران معاہدہ کرنے کا خواہش مند ہے، زیادہ امکان یہی ہے کہ ہم معاہدہ کرلیں گے۔ فاکس نیوز کو دیئے گئے انٹرویو میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ لوگ کہتے ہیں ہم جنگ میں ہیں، ہم اس وقت کوئی باقاعدہ جنگ نہیں لڑ رہے، یہ روایتی جنگ نہیں ہے، یہ بہت محدود نوعیت کی جنگ ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ ایران معاہدہ کرنے کا شدید خواہش مند ہے، معاہدہ نہ کیا تو جنگ چھڑ سکتی ہے، بہت زیادہ امکان یہی ہے کہ ہم معاہدہ کرلیں گے۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ ہم نے آپریشن مڈنائٹ ہیمر کے ذریعے ایران پر بمباری کی، ہم نے ایران کی تمام ممکنہ جوہری صلاحیت کو نشانہ بنایا، اب شاید ہمیں پک ایکس ماؤنٹین کو بھی نشانہ بنانا پڑے، ہم یہ کارروائی ہم صرف ایک گھنٹے میں کر سکتے ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ہم ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے، ایران جنگ پر 30 ارب ڈالر خرچ کرنا معمولی رقم ہے، ایران ایک خطرناک ملک ہے، جس نے ہمارے بہت سے لوگوں کو ہلاک کیا، قاسم سلیمانی اس کی ایک مثال ہے، وہ اب اس دنیا میں نہیں رہے۔ واضح رہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان معاہدے کی امیدیں بڑھنے لگیں۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے ایران کے ساتھ مذاکرات میں پیش رفت کی تصدیق کردی۔ فاکس نیوز سے گفتگو میں جے ڈی وینس نے کہا کہ ایرانی حکام کے ساتھ کئی مثبت بات چیت ہوئی ہیں اور صدر ٹرمپ بھی ممکنہ معاہدے کے امکانات سے مطمئن ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ مذاکرات کیلئے کوئی ڈیڈ لائن مقرر نہیں۔ تاہم ایران کو جوہری پروگرام دوبارہ تعمیر نہ کرنے کی ٹھوس اور قابلِ تصدیق یقین دہانی کرانا ہوگی۔ امریکی نائب صدر نے کہا کہ سفارتی کوششیں جاری رہیں گی۔ لیکن صدر ٹرمپ کے پاس فوجی اور غیر فوجی دونوں آپشنز موجود ہیں۔

بقیہ 30

قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان پٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کو ریلیف دینے کے معاملے پر مذاکرات حتمی مرحلے میں داخل ہوگئے ہیں۔ دونوں فریقوں نے پٹرولیم لیوی کا خاتمہ ناگزیر قرار دیا ہے، جبکہ زرعی شعبے اور 1,000 سی سی گاڑیوں کو ریلیف دینے پر بھی اتفاق ہوا ہے۔ وزارت خارجہ میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی سربراہی میں حکومتی مذاکراتی کمیٹی سے ملاقات کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے لیاقت بلوچ نے کہا کہ آج کا اجلاس وزیراعظم شہباز شریف اور جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی ملاقات کے تناظر میں ہوا۔ یہ مذاکرات کا حتمی راؤنڈ تھا، جس میں چار بنیادی نکات پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ڈپٹی سیکرٹری سید فراست شاہ، امیر اسلام آباد نصراللہ رندھاوا اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ قبل ازیں جماعت اسلامی اور حکومت کے مذاکرات ہوئے۔ حکومتی مذاکراتی کمیٹی میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزیر احسن اقبال اور رانا ثنا اللہ شامل تھے، جبکہ جماعت اسلامی کی جانب سے لیاقت بلوچ، سید فراست شاہ اور انجینئر نصراللہ رندھاوا نے مذاکرات میں شرکت کی۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی نے عوام کو ریلیف دینے کے لیے حکومت کو چھ نکاتی تجاویز پیش کی تھیں۔ ان میں پٹرولیم لیوی کا خاتمہ، ریلیف پیکیج، پبلک ٹرانسپورٹ، 800 سی سی سے بڑی گاڑیوں اور زرعی شعبے کو ریلیف دینا شامل تھا۔ حکومت نے زرعی شعبے اور 1,000 سی سی گاڑیوں کو ریلیف دینے پر اتفاق کیا ہے۔ قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان پٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کو ریلیف دینے کے معاملے پر مذاکرات حتمی مرحلے میں داخل ہوگئے ہیں۔ دونوں فریقوں نے پٹرولیم لیوی کا خاتمہ ناگزیر قرار دیا ہے، جبکہ زرعی شعبے اور 1,000 سی سی گاڑیوں کو ریلیف دینے پر بھی اتفاق ہوا ہے۔ سلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی ملاقات کے تناظر میں ہوا۔

بقیہ 31

جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما و سابق سینیٹر حافظ حمد اللہ نے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی اسلام آباد میں واقع نجی رہائش گاہ کی مبینہ طور پر ڈرون فوٹیج بنانے اور اسے نشر کرنے کے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی شہری کی نجی رہائش گاہ کی بلااجازت فضائی نگرانی اور ریکارڈنگ چادر و چار دیواری کے تقدس شہری آزادیوں اور آئینی حقوق پر سوالیہ نشان ہے۔ آزادیٔ صحافت کسی کو یہ اجازت نہیں دیتی کہ وہ صحافتی ذمہ داریوں کی حدود عبور کرتے ہوئے کسی کے گھر کی نجی زندگی کو نشانہ بنائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے این این اوستہ محمد کے نمائندہ محمد رفیق پندرانی ہیں گے۔ جمہوری معاشرے میں حقوق کا تحفظ شخصیات سیاسی وابستگیوں اور اقتدار کے پیمانوں سے مشروط نہیں ہونا چاہیے بلکہ قانون کا یکساں اطلاق ہر شہری کے لیے یقینی بنایا جانا چاہیے۔ انہوں نے چینل آزاد کی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ اس واقعے پر فوری طور پر اپنا واضح مؤقف پیش کرے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن سے غیر مشروط معافی مانگے اور متعلقہ حکام واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائیں۔ اگر تحقیقات میں کسی قسم کی قانونی خلاف ورزی ثابت ہوتی ہے تو ذمہ داران کے خلاف متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ آئندہ کسی کو بھی کسی شہری کی نجی زندگی اور گھریلو حرمت کی پامالی کی جرات نہ ہو۔ حافظ حمد نے دوٹوک موقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ چادر و چار دیواری کا تحفظ کسی ایک سیاسی جماعت یا شخصیت کا معاملہ نہیں بلکہ پورے معاشرے کے بنیادی حقوق سے وابستہ ہے۔ آج اگر کسی قومی سیاسی رہنما کی نجی رہائش گاہ کے تقدس کا تحفظ یقینی نہیں بنایا جاتا تو عام شہریوں کے حقوق کے تحفظ کے حوالے سے بھی سنجیدہ سوالات جنم لیتے ہیں۔ حافظ حمد اللہ نے خبردار کیا کہ اگر متعلقہ حکام نے واقعے کا نوٹس لے کر ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی نہ کی اور چینل انتظامیہ نے معذرت اختیار نہ کی تو جمعیت علماء اسلام اپنے آئینی اور جمہوری حق احتجاج کو استعمال کرتے ہوئے آئندہ کا لائحہ عمل طے کرے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ مولانا فضل الرحمٰن کی نجی رہائش گاہ کے تقدس کا معاملہ کسی سیاسی مفاد سے بالاتر ہو کر آئین شہری آزادیوں، انسانی وقار اور قانون کی بالادستی سے جڑا ہوا ہے۔

بقیہ 32

ملک میں میڈیا اداروں سے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی جبری برطرفیوں سمیت بلوچستان میں بیورو دفاتر کی بندش، تنخواہوں کی عدم۔ ادائیگی اور تاخیر سے ادائیگیوں کے خلاف بلوچستان بھر میں احتجاجی تحریک کا آغاز، صوبے کے مختلف اضلاع میں یوم سیاہ کے موقع پر پریس کلبز پر سیاہ جھنڈے لہرادیے گئے جبکہ احتجاجی مظاہروں کا بھی آغاز کردیا گیا۔ خضدار میں پی ایف یو جے کی مرکزی کال پر خضدار پریس کلب سامنے صحافیوں نے احتجاجی مظاہرہ کیا صحافیوں نے ہاتھوں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاج کیا جبکہ پریس کلب خضدار پر سیاہ پرچم لہرایا گیا، صحافیوں نے ہاتھوں میں پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (PFUJ) اور بلوچستان یونین آف جرنلسٹس (BUJ) کی کال پر ملک بھر کی طرح ضلع جاگی کے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر دالبندین پریس کلب میں سیاہ جھنڈا لہرادیا گیا اس موقع پر دالبندین پریس کلب کے صدر حاجی فاروق سیاہ پاد رند نے کہا، پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس اور بلوچستان یونین آف جرنلسٹس نے چارٹر آف ڈیمانڈ پیش کیا گیا ہے جس میں مطالبہ کیا گیا کہ میڈیا اداروں میں صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی جبری برطرفیوں کا سلسلہ فوری بند کیا جائے اور برطرف کیے گئے تمام ملازمین کو دوبارہ بحال کیا جائے۔

میزئی اڈہ عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی مرکزی رہنما و پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی تنگ مسے زئی واقعے کے خلاف جاری دھرنے کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

آئی ایم ایف کا ٹیکس ریونیو میں کمی پر اظہار تشویش، ہنگامی ٹیکس اقدامات کی تجویز

ہزار 264 ارب روپے کا سالانہ ہدف پورا کرنے پر زور، گلے اقتصادی جائزوں میں شرائط مزید سخت ہونے کا امکان ہے

شارٹ فال مزید بڑھا تو عوام پر نئے ٹیکس لگانے یا سرکاری اخراجات میں کٹوتی کا آپشن زیرغور آئے گا، رپورٹ

اسلام آباد (جی این ایم) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے اکتوبر میں 129 ارب اور چار ماہ میں 96 ارب روپے کے ٹیکس شارٹ فال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے شارٹ فال پورا کرنے کے لئے ہنگامی ٹیکس اقدامات کی تجویز دے دی اور 15 ہزار 264 ارب روپے کا سالانہ ہدف پورا کرنے پر زور دیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق رائع ایف بی آر کا کہنا ہے کہ شارٹ فال مزید بڑھا تو عوام پر نئے ٹیکس لگانے یا سرکاری اخراجات میں کٹوتی کا آپشن زیرغور آئے گا۔ اگلے اقتصادی جائزوں میں شرائط مزید سخت ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق اکتوبر میں 129 ارب، جولائی تا اکتوبر 96 ارب روپے کا ٹیکس شارٹ فال ہوا، موجودہ ٹیکس محاصل ناکافی قرار دیکر آئی ایم ایف نے ٹیکس

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)

پولیو کے خاتمے کیلیے سب کو اپنی ذمہ داریاں ایمانداری سے ادا کرنا ہوں گی، ڈپٹی کمشنر سبی

پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانا قومی ذمہ داری ہے، الیاس کبزئی

سبی (اے این این) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) محمد الیاس کبزئی نے کہا ہے کہ پولیو کے مرض سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے نجات حاصل کرنے کے ہم سب نے اپنی اپنی ذمے داریاں احسن اور ایمانداری کے ساتھ سرانجام دینی ہوگی قومی پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لئے ہر علاقہ کا خود مانیٹرنگ کروں گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف علاقوں میں قومی پولیو مہم کا جائزہ لیتے ہوئے شہریوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ پی ایس فہیم احمد قریشی بھی موجود تھے قبل ازین سبی میں قومی پولیو مہم کا آغاز کردیا گیا گھر گھر جاکر پولیو رضا کار اپنے اپنے حصہ کی ذمے داریاں سرانجام دیتے نظر آتے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی خصوصی ہدایات چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی سر پرستی میں قومی پولیو مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائے جائیں گے تا کہ پولیو وائرس سے چھٹکارا حاصل کر کے معصوم بچوں کی صحت کی حفاظت کو یقینی بنایا جاسکے پولیو ایک خطرناک مرض ہے جو حملہ کر کے

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)

برشور میں گراں فروشوں کے خلاف
انتظامیہ کا ایکشن، ۵ دکاندار گرفتار

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر سید رضی ہریرہ نے برشور شہر اور گردونواح کے تجارتی مراکز میں پرائس کنٹرول کے حوالے سے ایک جامع اور سخت عوامی مہم کا آغاز کر دیا ہے، کارروائی کے دوران اسسٹنٹ کمشنر سید رضی ہریرہ نے بازار کا تفصیلی دورہ کیا اور دکانداروں کے پاس سرکاری نرخ ناموں کا معائنہ کیا۔ انتظامیہ نے مجموعی طور پر تاجروں کے ساتھ ہمدردانہ رویہ اپناتے ہوئے گراں

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)

بیوٹمز کو پی ایچ ڈی اسکالرشپ معاہدوں کی خلاف ورزی سے 11 کروڑ 85 لاکھ سے زائد کا نقصان

63 میں سے صرف 12 لیکچررز کی واپسی، غیر حاضر اساتذہ سے واجبات اور 25 فیصد جرمانہ وصول کیا جائے، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ منیجمنٹ سائنسز (بیوٹمز) میں بیرون ملک پی ایچ ڈی اسکالرشپس کے معاہدوں کی خلاف ورزی کے باعث سرکاری خزانے کو 11 کروڑ 85 لاکھ روپے سے زائد نقصان پہنچنے کا انکشاف ہوا ہے۔ بیرون ملک پی ایچ ڈی کے لیے اسکالرشپس حاصل کرنے والے 63 لیکچررز میں سے صرف 12 اساتذہ واپس یونیورسٹی میں رپورٹ ہوئے، جبکہ باقی اساتذہ کی عدم واپسی کا معاملہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے گزشتہ روز کیا جلاس میں زیر بحث آیا۔ سرکاری اعلامیے کے مطابق بلوچستان اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین اصغر ترین کی زیرصدارت منعقد ہوا، جس میں بیوٹمز کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران آڈٹ حکام نے اسکالرشپ معاہدوں کی خلاف ورزی اور اس کے نتیجے میں قومی خزانے کو ہونے والے مالی نقصان سے متعلق تفصیلات پیش کیں۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق 63 لیکچررز کو

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

لورالائی: ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع انسداد پولیو مہم ریوو یو میٹنگ کی صدارت کررہے ہیں

آزاد میڈیا جمہوری معاشرے کے استحکام اور قومی اداروں کی مضبوطی کیلئے ناگزیر ہے، ایاز صادق

پاکستان براڈ کاسٹرز ایسوسی ایشن الیکٹرانک میڈیا کے فروغ اور پیشہ ورانہ معیار کی بہتری میں اہم کردار ادا کر رہی ہے

آزاد اور ذمہ دار میڈیا جمہوری معاشرے کے استحکام اور قومی اداروں کی مضبوطی کے لیے ناگزیر ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (جی این ایم) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ آزاد میڈیا جمہوری معاشرے کے استحکام اور قومی اداروں کی مضبوطی کیلئے ناگزیر ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق سپیکر قومی اسمبلی نے پاکستان براڈ کاسٹرز ایسوسی ایشن (پی بی اے) نومنتخب عہدیداران اور ڈائریکٹرز کے نام تہنیتی پیغام میں نومنتخب چیئرمین شکیل مسعود حسین، سینئر وائس چیئرمین میر ابراہیم رحمان اور وائس چیئرمین سلمان اقبال، سیکرٹری جنرل میاں عامر محمود، جوائنٹ سیکرٹری درید قریشی اور فنانس سیکرٹری احمد اے زبیری کو بھی مبارکباد دی اور تمام نومنتخب عہدیداران اور ڈائریکٹرز کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان براڈ کاسٹرز ایسوسی ایشن الیکٹرانک میڈیا کے فروغ اور پیشہ ورانہ معیار کی بہتری میں اہم کردار ادا کررہی ہے، الیکٹرانک میڈیا عوام تک مستند معلومات کی بروقت فراہمی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ آزاد اور

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2 پر)

دالبندین، پیکا ایکٹ اور صحافیوں کے استحصال کیخلاف دالبندین پریس کلب پر سیاہ پرچم لہرایا گیا

جبری برطرفیوں کا خاتمہ، بند بیورو دفاتر کی بحالی اور پیکا ایکٹ پر ترامیم کی جائیں، فاروق سیاہ پاد رند

دالبندین (یو این اے) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (پی ایف یو جے) اور بلوچستان یونین آف جرنلسٹس (بی یو جے) کی مرکزی کال پر ملک بھر کی طرح دالبندین پریس کلب پر بھی سیاہ پرچم لہرایا گیا اور آزادیِ صحافت کے حق میں شدید احتجاج کیا گیا۔ اس موقع پر دالبندین پریس کلب کے صدر حاجی فاروق سیاہ پاد رند نے صحافتی تنظیموں کی جانب سے پیش کردہ چارٹر آف ڈیمانڈ (چارٹر آف مطالبات) کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ میڈیا اداروں میں صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی جبری برطرفیوں کا سلسلہ فوری طور پر بند کیا جائے اور تمام برطرف ملازمین کو بحال کیا جائے۔ چارٹر آف ڈیمانڈ کے تحت درج ذیل اہم مطالبات حکام کے سامنے رکھے گئے: پیکا ایکٹ اور کالے قوانین: پیکا ایکٹ میں صحافتی تنظیموں کی مشاورت سے ترامیم کی جائیں، اس کے غلط استعمال کو روکا جائے اور صحافیوں کے خلاف درج مقدمات فوری واپس لیے جائیں۔ معاشی تحفظ و بیورو دفاتر: صحافیوں کی تنخواہوں اور بقایا واجبات کی بروقت ادائیگی یقینی

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان پولیس میں بھرتیوں کا عمل میرٹ اور شفافیت کے ساتھ جاری

قد و چھاتی کی پیمائش میں کامیاب امیدواروں کے دوڑ ٹیسٹ کا انعقاد

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان پولیس میں نئی بھرتیوں کے سلسلے میں قد و چھاتی کی پیمائش کے مرحلے میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کے دوڑ ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا جس کی نگرانی ڈی آئی جی پولیس رخشان رینج و چیئرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی عبدالحئی بلوچ نے کی۔ انہوں نے ٹیسٹ کے مختلف مراحل کا جائزہ لیا اور امیدواروں کی جسمانی صلاحیتوں کو جانچنے کے عمل کا مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر امیدواروں سے خطاب کرتے ہوئے ڈی آئی جی عبدالحئی بلوچ نے کہا کہ محکمہ پولیس میں بھرتی ایک اہم ذمہ داری ہے جس کا مقصد ایسے اہل، باصلاحیت اور جسمانی طور پر فٹ نوجوانوں کا انتخاب کرنا ہے جو مستقبل میں عوام کی جان و مال کے تحفظ قانون کی بالادستی اور امن و امان کے قیام میں اپنا موثر کردار ادا کر سکیں۔ بلوچستان پولیس میں نئی بھرتیوں کے سلسلے میں قد و چھاتی کی پیمائش کے مرحلے میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کے دوڑ ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا جس کی نگرانی ڈی آئی جی پولیس رخشان رینج و چیئرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی عبدالحئی بلوچ نے کی۔

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری کا ایم سی
ایچ سینٹر گوم کا دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے ایم سی ایچ (MCH) سینٹر گوم کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ محکمہ بی اینڈ آر (B&R) کے انجینئر محمد وسیم، محکمہ صحت کے مانیٹرنگ آفیسر میر بلال مینگل اور ممتاز قبائلی رہنما ارباب میر احمد دہوار بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے سینٹر کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا، عملے کی حاضری کا رجسٹر چیک کیا اور وہاں دستیاب طبی سہولیات، انتظامی امور اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 2 پر)

جامعہ گوادر اور فاسٹ یونیورسٹی کراچی کے درمیان تعلیمی تعاون کا معاہدہ

مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی میں مشترکہ تحقیق کو فروغ دینے پر اتفاق

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر اور نیشنل یونیورسٹی آف کمپیوٹر اینڈ ایمرجنگ سائنسز (فاسٹ نیشنل یونیورسٹی) کراچی کیمپس کے درمیان کمپیوٹر سائنس، انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، ڈیٹا سائنس اور جدید ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں تعلیمی و تحقیقی تعاون کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت کے مسودے پر دستخط کیے گئے۔ اس موقع پر فاسٹ نیشنل یونیورسٹی کراچی کیمپس کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار میمن نے اپنی جامعہ جبکہ جامعہ گوادر کے چیئرپرسن شعبہ کمپیوٹر سائنس حفیظ اللہ نے اپنی جامعہ کی نمائندگی کرتے ہوئے دستخط کیے۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت دونوں جامعات نصاب کی بہتری، تعلیمی پروگراموں کے معیار اور ایکریڈیٹیشن، مشترکہ تحقیقی منصوبوں، فیکلٹی ڈویلپمنٹ، اساتذہ وطلبہ کے تبادلوں، انٹرن شپ، تربیتی پروگراموں، ورکشاپس اور جدید تحقیقی سہولیات سے استفادے کے لیے باہمی تعاون کریں گی۔ اس کے علاوہ مصنوعی ذہانت، ڈیٹا سائنس، سائبر سکیورٹی، سافٹ ویئر انجینئرنگ اور

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 2 پر)

خواتین کو تمام شعبوں میں مساوی مواقع فراہم کرنا ضروری ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

صنفی مساوات کے فروغ کے لیے مستند اعداد و شمار اور عملی اقدامات ناگزیر ہیں، صوبائی مشیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ خواتین کو تعلیم، صحت، روزگار، معاشی خودمختاری اور فیصلہ سازی کے عمل میں مساوی مواقع فراہم کرنا پائیدار سماجی و معاشی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ صنفی مساوات کے فروغ کے لیے محض پالیسیوں اور اعلانات پر اکتفا کرنے کے بجائے مستند اعداد وشمار، شواہد پر مبنی منصوبہ بندی اور ادارہ جاتی سطح پر مؤثر اقدامات کو یقینی بنانا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقوام متحدہ کے ادارے یو این ایف پی اے، محکمہ ترقی نسواں حکومت بلوچستان، نیشنل کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن اور یونیسیف کے اشتراک سے کوئٹہ میں بلوچستان کے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے لیے قومی صنفی مساوات کے اشاریوں کے فریم ورک (National Indicators Parity Gender Framework) پر منعقدہ دو روزہ تربیتی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ قومی صنفی مساوات کے اشاریوں کا فریم ورک خواتین اور مردوں کے

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 2 پر)

قائمہ کمیٹی برائے مواصلات کا اجلاس، بلوچستان کی
شاہراہوں کی فوری مرمت کا مطالبہ

لورالائی (خ ن) رکن قومی اسمبلی سردار محمد یعقوب خان ناصر نے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے مواصلات (onCommitteeStanding Communications) کے اجلاس میں شرکت کی، جہاں ملک بھر بالخصوص بلوچستان میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) کے زیر انتظام قومی شاہراہوں، اہم روڈ نیٹ ورک، جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوام کو درپیش سفری مشکلات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں حلقہ NA-252 خصوصاً

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 2 پر)

منشیات کے خلاف جنگ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ولی محمد نورزئی

منشیات سے پاک معاشرے کے قیام کے لیے نالی سے تعلیمی اداروں تک آگاہی مہم چلانا ہوگی، صوبائی پارلیمانی سیکریٹری برائے سوشل ویلفیئر

ضروری ہے کہ منشیات کے خلاف اجتماعی شعور بیدار کیا جائے اور نوجوانوں کو اس تباہ کن راستے سے بچانے کے لیے معاشرے کے تمام طبقات اپنا کردار ادا کریں، ملک نعیم بازئی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی پارلیمانی سیکریٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی، عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما ورکن بلوچستان اسمبلی ملک نعیم بازئی، فضل محمد فاؤنڈیشن کے سربراہ کمانڈر فضل محمد نورزئی نے کہا ہے کہ منشیات ایک سنگین معاشرتی لعنت ہے جس سے نوجوان نسل کو بچانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ منشیات کے خاتمے کے لیے نالیوں اور گلی محلوں سے لے کر تعلیمی اداروں تک مؤثر آگاہی مہم چلانے اور منشیات کے عادی افراد کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ انہوں نے فضل محمد فاؤنڈیشن کے سربراہ کمانڈر فضل محمد نورزئی کی کوششوں کو قابلِ تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ منشیات کے عادی افراد کو علاج، توجہ اور بہتر ماحول فراہم کرکے معاشرے کا مفید شہری بنایا جاسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فضل محمد فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام منشیات بحالی مرکز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 2 پر)

گوادر: بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے رکن قومی اسمبلی اور چیئرمین نیوٹک قمر الاسلام راجہ ملاقات کررہے ہیں

گوادر میں رائز پروگرام کے ترقیاتی منصوبوں پر تعاون کی یقین دہانی

مقامی آبادی کی شمولیت سے ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عوام تک پہنچائے جائیں گے، شئے مختار بلوچ

گوادر (خ ن) ڈسٹرکٹ چیئرمین گوادر شئے مختار بلوچ نے بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے رائز پروگرام کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈسٹرکٹ پروگرام کوآرڈینیٹر زبیر ہوت سے ملاقات کی۔ اس موقع پر زبیر ہوت نے انہیں ضلع گوادر کی مختلف یونین کونسلز میں پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی سرگرمیوں، کمیونٹی ڈویلپمنٹ منصوبوں اور مجوزہ اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی ضلع کونسل چیئرمین شئے مختار نے پروگرام کی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ ضلعی سطح پر ان اقدامات کی مؤثر تکمیل، عوامی شمولیت اور مقامی کمیونٹیز کے تعاون کے لیے ہر ممکن معاونت فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے زور دیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی منصوبہ بندی اور عملدرآمد میں مقامی آبادی، کمیونٹی نمائندگان اور متعلقہ علاقوں کے مستفید ہونے والے افراد کو اعتماد میں لیا جائے تاکہ عوام کی حقیقی ضروریات اور ترجیحات کے مطابق پائیدار ترقی کو یقینی بنایا جاسکے انہوں نے کہا کہ ضلع گوادر کی ترقی، عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی مسائل کے حل

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 2 پر)

سعودی وزیر دفاع کا فرانسیسی ہم منصب سے
رابطہ، علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

ریاض (جی این ایم) سعودی عرب کے وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان اور فرانس کی وزیر دفاع کیتھرین ووٹرین کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا، جس میں دونوں ممالک کے دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 2 پر)

خضدار میں 40 کروڑ روپے کی لاگت سے
50 شمسی واٹر سپلائی سکیموں کی تعمیر کا منصوبہ

اسلام آباد (یو این اے) خضدار کی مختلف آبادیوں کو پینے کے پانی کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے 40 کروڑ روپے کی لاگت سے 50 شمسی واٹر سپلائی

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 2 پر)

پشکان کے علاقے ڈگارو میں جدید پمپنگ اسٹیشن کا افتتاح

ڈگارو اور ملحقہ علاقوں میں پانی کی فراہمی بہتر ہوگی، مولانا ہدایت الرحمان بلوچ

گوادر/ پشکان (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے پشکان کے علاقے ڈگارو میں نیو پمپنگ اسٹیشن کا باقاعدہ افتتاح کردیا۔ منصوبہ صوبائی حکومت کے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (PSDP) کے تحت مکمل کیا گیا ہے، جس کا مقصد علاقے میں پانی کی فراہمی کے نظام کو بہتر، مؤثر اور مستحکم بنانا ہے۔ منصوبے میں 60 کے وی اے جنریٹر، 30 ہارس پاور موٹر، 45 ہزار واٹ کا سولر سسٹم، 50 ہزار گیلن گنجائش کا واٹر ٹینک، حفاظتی دیوار اور پائپ لائن کی تنصیب شامل ہے۔ جدید سولر سسٹم اور متبادل بجلی کی سہولت سے پمپنگ اسٹیشن کی فعالیت اور پانی کی فراہمی کے تسلسل کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ عوام کو پینے کے صاف پانی سمیت بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ صوبائی حکومت کے ترقیاتی وژن کے مطابق عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں تا کہ بنیادی سہولیات لوگوں کی دہلیز تک پہنچائی جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈگارو پمپنگ اسٹیشن کی تکمیل اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، جس سے مقامی آبادی اور ملحقہ علاقوں میں پانی کی فراہمی کے نظام میں بہتری آئے گی رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے پشکان کے علاقے ڈگارو میں نیو پمپنگ اسٹیشن کا باقاعدہ افتتاح کردیا۔

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 2 پر)

صوبائی محتسب اعلیٰ کی ہدایت پر سیوی میں کھلی کچہری،
عوامی مسائل کے حل کے لیے احکامات جاری

سیوی (خ ن) صوبائی محتسب اعلیٰ بلوچستان سعادت اللہ خان بازئی کی خصوصی ہدایات پر ریجنل آفس محتسب سیوی میں عوامی مسائل کے حل اور شکایات کے ازالے کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری کی صدارت اسسٹنٹ ڈائریکٹر محتسب سیوی مہر اللہ سومرو نے کی، جبکہ اس موقع پر اسسٹنٹ رجسٹرار محتسب مزمل لاشاری سمیت مختلف محکموں کے افسران اور سربراہان بھی موجود تھے۔ کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے مختلف سرکاری محکموں سے متعلق اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں اور انہیں تحریری طور پر بھی جمع کروایا۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر مہر اللہ سومرو نے شہریوں کے مسائل غور سے سنے اور متعلقہ محکموں

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ سے چوری شدہ گاڑی قلعہ سیف اللہ پولیس نے چند گھنٹوں میں برآمد کرلی

بروقت اور کامیاب کارروائی پر گاڑی کے مالکان کا پولیس ٹیم اور مقامی نوجوانوں کو خراجِ تحسین

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے علاقے محافظ پولیس کالونی سے گزشتہ رات چوری ہونے والی گاڑی کو قلعہ سیف اللہ پولیس نے بروقت اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے برآمد کرلیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، کوئٹہ کی محافظ پولیس کالونی سے گزشتہ رات رنگ ٹیوٹا کرولا جی ایل آئی (2010 ماڈل) نامعلوم چوروں کی جانب سے چوری کرلی گئی تھی۔ قلعہ سیف اللہ پولیس نے فوری طور پر حرکت میں آتے ہوئے صبح سویرے کامیاب کارروائی کے ذریعے گاڑی کو بحفاظت ریکور کرلیا۔ یہ کامیاب آپریشن پولیس تھانہ قلعہ سیف اللہ کے ہیڈ محرر خیر محمد جلالزئی، شاہد خان، ولایت خان اور ان کی پوری ٹیم کی محنت اور فرض شناسی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس کے علاوہ ایس ایچ او عصمت اللہ اور مسلم باغ لیویز کے رسالدار میجر ہاشم کاکڑ نے بھی اپنے فرائضِ منصبی انتہائی احسن طریقے سے انجام دیتے ہوئے اس کارنامے میں اہم کردار ادا کیا۔ پولیس ٹیم کے ساتھ ساتھ قلعہ سیف اللہ کے باضمیر نوجوانوں نے بھی اپنی نیند کی پرواہ نہ کرتے ہوئے صبح سویرے اس کارِ

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوہلو، منجھرا میں گاڑی پر نامعلوم افراد کی فائرنگ، 2 بچیوں سمیت 3 افراد زخمی

زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا، ایس ایچ او پولیس

کوہلو (یو این اے) ضلع کوہلو کی تحصیل ماوند کے علاقے منجھرا میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک گاڑی پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں دو بچیوں سمیت تین افراد شدید زخمی ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کا واقعہ اس وقت پیش آیا جب نامعلوم افراد نے گاڑی کو نشانہ بنایا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور تمام زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال کوہلو منتقل کر دیا گیا۔ ایس ایچ او پولیس کا کہنا ہے کہ پولیس نے علاقے کو گھیرا میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے اور واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔ نامعلوم مسلح افراد نے ایک گاڑی پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں دو بچیوں سمیت تین افراد شدید زخمی ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کا واقعہ اس وقت پیش آیا جب نامعلوم افراد نے گاڑی کو نشانہ بنایا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور تمام زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال کوہلو منتقل

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کو قومی صنفی مساوات سے متعلق اسٹیک ہولڈرز کی تربیتی ورکشاپ کے موقع پر چیئرپرسن نیشنل کمیشن آن اسٹیٹس آف ویمن نورین لہری سوونیئر پیش کررہی ہیں

کوہلو، میونسپل کمیٹی وارڈ نمبر ایک میں مالی بے ضابطگیوں اور ترقیاتی کام التوا کا شکار

فنڈز جاری ہونے کے باوجود کام مکمل نہ ہوسکے، چیف سی ایم او اور انجینئرز کا آڈٹ کرایا جائے، وزیراعلیٰ سے مطالبہ

کوہلو (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں محکمہ لوکل گورنمنٹ کے زیر انتظام میونسپل کمیٹی وارڈ نمبر ایک میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں اور ترقیاتی کاموں کی عدم تکمیل کے خلاف علاقہ مکینوں نے احتجاج کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وارڈ نمبر ایک کے مکینوں کا الزام ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کے لیے مختص سرکاری فنڈز ٹھیکیداروں کی جانب سے وصول کرنے کے باوجود تاحال عملی کام مکمل نہیں کیے گئے، جبکہ اعلیٰ حکام کو بارہا شکایات اور نشاندہی کرنے کے باوجود کوئی مؤثر کارروائی سامنے نہیں آئی۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ مبینہ بے ضابطگیوں کے حوالے سے محکمہ لوکل گورنمنٹ کے چیف میونسپل آفیسر، متعلقہ انجینئرز اور دیگر ذمہ دار اہلکاروں کے کردار کی بھی شفاف تحقیقات کی جائیں تاکہ حقائق عوام کے سامنے آسکیں۔ مکینوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر وارڈ نمبر ایک کے ترقیاتی منصوبوں پر فوری طور پر کام شروع کر کے انہیں مقررہ معیار کے مطابق مکمل نہ کیا گیا تو وہ احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔ ان کا مزید کہنا تھا

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان اور قازقستان کے درمیان تجارت،
سرمایہ کاری اور فضائی رابطوں کے فروغ پر اتفاق

الماتے (یو این اے) پاکستان اور قازقستان نے دوطرفہ اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے، تجارت میں اضافے اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ سرمایہ کاری بورڈ سے جاری بیان کے مطابق اس حوالے سے قازقستان کے نائب وزیراعظم سیرجان زومانگارین (Sirjan Zhomangarin) اور وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کے درمیان تیان شانگ فورم کے موقع پر الماتے میں ہونے والی ملاقات میں مختلف شعبوں

(بقیہ 48 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان میں بد امنی کے پیچھے بھارت اور افغانستان ملوث ہیں، فیصل جمالی

دہشت گردی کے خلاف عوام اور عسکری قیادت ایک پیج پر ہیں، کسانوں کے لیے نہری نظام کی بحالی ترجیح ہے

پیپلز پارٹی نے ملک میں امن وامان کے قیام، جمہوریت کے استحکام اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں، صوبائی وزیر

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے حالات خراب کرنے میں بھارت اور افغانستان ملوث ہیں، ہماری شرافت کو ہرگز کمزوری نہ سمجھا جائے، دہشت گردوں کے لیے بلوچستان کی سرزمین تنگ کردی گئی ہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں عوام اور عسکری قیادت ایک پیج پر ہیں۔ ملک دشمن عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار صوبہ وزیر لائیو سٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے یو این اے سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ملک میں امن وامان کے قیام، جمہوریت کے استحکام اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ پارٹی قیادت نے ہمیشہ جمہوریت، آئین اور ملکی سلامتی کے لیے جدوجہد کی ہے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ پاکستان ایک

(بقیہ 49 اندرونی صفحہ 2 پر)

جامعہ تربت کے بی ایس بوٹنی طلبہ کا جوسک میں زرعی فارم کا تحقیقی دورہ

جامعہ تربت کا فیلڈ ریسرچ کے ذریعے مقامی زراعت کے مسائل کا سائنسی حل تلاش کرنے کا عزم

تربت (اے این این) جامعہ تربت نے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ سائنسی و عملی تحقیق کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ اسی سلسلے میں شعبہ نیچرل اینڈ بیسک سائنسز کے بی ایس بوٹنی کے طلبہ نے تربت کے علاقے جوسک میں واقع طفیل ایگریکلچرل فارم کا معلوماتی و تحقیقی دورہ کیا۔ اس فیلڈ وزٹ کا بنیادی مقصد طلبہ کو پودوں، پھلدار درختوں اور فصلوں کو لاحق مختلف بیماریوں کے براہ راست مشاہدے اور ان کی سائنسی بنیادوں پر تشخیص کا موقع فراہم کرنا تھا۔ شعبے کے سربراہ ڈاکٹر ارشاد معیار اور کورس انسٹرکٹر مہناز کریم کی نگرانی میں طلبہ نے بیکٹیریائی اور وائرل انفیکشنز سے متاثرہ فصلوں کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ طلبہ نے نصابی علم کا عملی مظاہرہ کرتے ہوئے نہ صرف بیماریوں کی علامات کی نشاندہی کی بلکہ لیبارٹری تحقیق کے لیے متاثرہ شاخوں، مٹی اور جڑوں کے سائنسی نمونے بھی جمع کیے۔ ان نمونوں کے لیبارٹری ٹیسٹ مکمل ہونے کے بعد تحقیق کے حتمی نتائج سے مقامی کاشتکاروں کو آگاہ کیا جائے گا، تاکہ وہ اپنی فصلوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھ کر بہتر پیداوار

(بقیہ 49 اندرونی صفحہ 2 پر)

مستونگ میں دہشت گردانہ حملے میں شہید 2 مزدوروں کی میتیں نوزبند پہنچا دی گئیں

شہدا کا تعلق ایک ہی گھرانے سے تھا، معصوم بچوں اور بوڑھے والدین کی کفالت کے لیے حکومت سے امداد کا مطالبہ

صحبت پور (یو این اے) ضلع مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ کے مقام پر دہشت گردوں کے راکٹ لانچر حملے میں شہید ہونے والے صحبت پور کے دو مزدور نوجوانوں کی میتیں ان کے آبائی علاقے پہنچا دی گئیں، جہاں ایک ہی گھر سے دو جنازے اٹھنے پر پورا علاقہ سوگوار اور فضا مغموم ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق 22 اکتوبر کو کھڈ کوچہ میں باغ میں مزدوری کرنے والے ایک ہی گھر کے دو نوجوان، رضا محمد عرف جاوید علی کٹوہر اور محمد رحیم کٹوہر، دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں موقع پر ہی شہید ہو گئے تھے۔ مقامی افراد نے اپنی مدد آپ کے تحت میتیں نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال مستونگ منتقل کیں، جہاں ضروری قانونی وڈاکٹری کارروائی کے بعد زمیندار جلیل خان شاہوانی نے میتیں ایمبولینس کے ذریعے شہدا کے ورثا کے ساتھ ضلع سبی اور بعد ازاں ان کے آبائی گاں پہنچائیں۔ شہدا کا تعلق ضلع صحبت پور کی یونین کونسل نوز بند سے تھا۔ میتیں گھر پہنچنے پر رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے اور ہر آنکھ اشکبار ہوگئی۔ مقامی حلقوں اور رشتہ

(بقیہ 50 اندرونی صفحہ 2 پر)

صدرِ مملکت کی پولیو مہم کی سکیورٹی پر مامور پولیس
اہلکاروں پر فائرنگ کے واقعہ کی مذمت

اسلام آباد (یو این اے) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے ضلع مہمند کی تحصیل پنڈیالی میں انسدادِ پولیو مہم کے دوران سکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کی ہے۔ ایوانِ صدر کے پریس ونگ سے منگل کو جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت نے فائرنگ کے واقعے میں

(بقیہ 51 اندرونی صفحہ 2 پر)

انسدادِ پولیو مہم کے دوران مؤثر نگرانی کو اولین ترجیح دی جائے، محمد رمضان

پولیو مہم میں رہ جانے والے بچوں کو فوری طور پر حفاظتی قطرے پلائے جائیں

اُستا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال نے پولیو آفیسر ڈاکٹر خلیل مستوئی کے ہمراہ نومبر کی SNID انسدادِ پولیو مہم کے تحت جاری سرگرمیوں کی نگرانی کے سلسلے میں یونین کونسل خانپور کا دورہ کیا دورے کے دوران انہوں نے ایریا ٹرانزٹ پوائنٹ کا تفصیلی معائنہ کیا اور وہاں تعینات پولیو ٹیموں کی کارکردگی فیلڈ ایریا انچارجز کی نگرانی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے انتظامات اور مہم کے مجموعی انتظامی امور کا جائزہ لیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے گھر گھر جاری پولیو مہم اور ٹرانزٹ پوائنٹس پر بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے عمل کا بھی مشاہدہ کیا اور پولیو ٹیموں کی حاضری مائیکرو پلان پر عملدرآمد اور بچوں کی کوریج کے حوالے سے معلومات حاصل کیں انہوں نے متعلقہ افسران سے مہم کے دوران پیش آنے والے مسائل اور ان کے حل کے لیے کیے جانے والے اقدامات کے بارے میں بھی دریافت کیا ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے متعلقہ افسران اور فیلڈ مانیٹرنگ ٹیموں کو ہدایت کی کہ انسدادِ پولیو مہم کے دوران مؤثر نگرانی کو اولین ترجیح دی جائے اور

(بقیہ 53 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان کے ساحلی حسن کو اجاگر کرنے کے لیے ویڈیوگرافی مقابلے کا اعلان

ویڈیوگرافرز اور نوجوان بلوچستان کی ثقافت اور سیاحتی مقامات کو دنیا کے سامنے لائیں، محکمہ سیاحت

گوادر (خ ن) محکمہ سیاحت حکومتِ بلوچستان کی جانب سے صوبے کے ساحلی حسن، ثقافت، تاریخی ورثے اور سیاحتی امکانات کو ملکی و بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرنے کے لیے بلوچستان کوسٹ لائن ویڈیو گرافی مقابلے کا انعقاد کیا جارہا ہے اس مقابلے کے تحت شرکاء قدرتی مناظر، جنگلی حیات، ساحلی سیاحت، تاریخی مقامات، مقامی ثقافت، روایتی کھانوں، دستکاری، سیاحتی مقامات اور مقامی طرزِ زندگی پر مبنی ویڈیوز تیار کرسکیں گے اس مقابلے میں شوقیہ و پیشہ ور ویڈیو گرافرز، ولاگرز، کانٹینٹ کریئیٹرز اور طلبہ شرکت کے اہل ہوں گے، تاہم محکمہ سیاحت بلوچستان کے سابقہ ویڈیو گرافی مقابلوں کے فاتحین اہل نہیں ہوں گے ویڈیو کا دورانیہ 5 سے 10 منٹ، فارمیٹ MP4 یا MOV اور کم از کم ریزولوشن 1080p ہونا ضروری ہے، جبکہ 4K کو ترجیح دی جائے گی۔ ویڈیو مکمل طور پر اصل اور واٹر مارک، لوگو یا شناختی تحریر سے پاک ہونی چاہیے شرکاء کو اپنی ویڈیوز گوگل ڈرائیو یا ڈراپ باکس پر اپ لوڈ کرکے آن لائن رجسٹریشن فارم میں قابلِ رسائی

(بقیہ 52 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، قائمہ کمیٹی برائے مواصلات کے اجلاس میں رکن قومی اسمبلی سردار یعقوب خان ناصر بلوچستان کے قومی شاہراہوں کی بہتری کے حوالے سے شریک ہیں

مولانا فضل الرحمان کے گھر پر ڈرون کی اڑان، سربراہ جے یو آئی کے بیٹے کا شدید ردعمل

چادر اور چار دیواری کے تقدس کو پامال کرکے تم نے جس جرم کا ارتکاب کیا ہے، اسے ہم بھولیں گے نہیں، مولانا اسجد محمود

اسلام آباد (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے اسلام آباد میں واقع گھر پر ڈرون کی پرواز اور اس کی فوٹیج سوشل میڈیا پر جاری کیے جانے کے واقعے پر مولانا کے صاحبزادے مولانا اسجد محمود نے انتہائی سخت ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ رہنما جے یو آئی ف مولانا اسجد محمود نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ ان عناصر میں شرم وحیا نام کی کوئی شے باقی نہیں رہی، چادر اور چار دیواری کے مقدس تقدس کو پامال کرتے ہوئے جس گھنانے جرم کا ارتکاب کیا گیا ہے، اسے ہرگز فراموش نہیں کیا جائے گا اور ہر سطح پر اس کا باقاعدہ حساب لیا جائے گا، مخالفین اس بات پر طیش میں ہیں کہ ان کا اصل چہرہ قوم کے سامنے کیوں لایا جارہا ہے، ہم اس عزم پر قائم ہیں کہ مزید شدت کے ساتھ ان عناصر کے چہروں سے یہ مکروہ نقاب اتار کر دم لیں گے۔ انہوں نے مزید انکشاف کیا کہ رات کے پچھلے پہر اسلام آباد پولیس کے اہلکار مولانا فضل

(بقیہ 54 اندرونی صفحہ 2 پر)

خلیجی خطے میں کشیدگی کے باوجود پاکستان
کی چاول برآمدات میں نمایاں اضافہ

اسلام آباد (جی این ایم) خلیجی خطے میں کشیدگی اور عالمی بحری راستوں کی رکاوٹوں کے باوجود پاکستان کی چاول برآمدات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ستمبر 2026 میں پاکستان نے تاریخی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چاول کی برآمدات میں دنیا کے تیسرے بڑے برآمد کنندہ ملک ویتنام کو پیچھے چھوڑ دیا۔ جاری اعدادوشمار کے مطابق اس ماہ پاکستان نے 4 لاکھ 20 ہزار ٹن چاول برآمد کیے، جبکہ ویتنام کی برآمدات 3 لاکھ 37 ہزار ٹن

(بقیہ 55 اندرونی صفحہ 2 پر)

ٹانک میں 4 پولیو ورکرز کا اغوا، گورنر خیبر پختونخوا کا اظہارِ تشویش

پولیو ورکرز بچوں کے محفوظ مستقبل اور صحت مند پاکستان کے لیے قومی فریضہ انجام دے رہے ہیں

ٹانک (اے این این) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ٹانک میں چار پولیو ورکرز کے اغوا کے واقعے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مغوی ورکرز کی بحفاظت بازیابی کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پولیو ورکرز کا اغوا انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت واقعہ ہے، پولیو ورکرز بچوں کے محفوظ مستقبل اور صحت مند پاکستان کے لیے قومی فریضہ انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ٹیموں کو تحفظ فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ پولیو ورکرز کو نشانہ بنانا انسانیت اور قومی مفاد کے خلاف ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے مغوی پولیو ورکرز کی بحفاظت بازیابی کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات اٹھانے پر زور دیا۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ٹانک میں چار پولیو ورکرز کے اغوا کے واقعے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مغوی ورکرز کی بحفاظت بازیابی کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پولیو ورکرز کا اغوا انتہائی افسوسناک اور قابلِ

(بقیہ 56 اندرونی صفحہ 2 پر)

اتحادی افواج کا مکہ مکرمہ کے
قریب ڈرون مار گرانے کا دعویٰ

ریاض (اے این این) اتحادی افواج نے کہا ہے کہ سعودی عرب کے علاقے مکہ مکرمہ میں ایک ڈرون کو روک کر تباہ کر دیا گیا ہے۔ اتحادی افواج کے

(بقیہ 57 اندرونی صفحہ 2 پر)

اخبار میں شائع ہونے والے مضامین کالم نگار کا اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے ادارے کا اس سے متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)

امریکا کے ساتھ کس معاہدے تک پہنچنے سے ابھی بہت دور ہیں، اعلیٰ ایرانی عہدیدار

امریکا آبنائے ہرمز کھلوانا چاہتا ہے تو اسے ایران کی شرائط پوری کرنا ہوں گی، گفتگو

تہران (جی این ایم) ایران کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا جنگ کے خاتمےکیلئے کسی معاہدے تک پہنچنے سے ابھی بہت دور ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے عہدیدار نے کہا کہ ایران امریکا کے حد سے زیادہ مطالبات کو قبول نہیں کرے گا، اگر امریکا آبنائے ہرمز کھلوانا چاہتا ہے تو اسے ایران کی شرائط پوری کرنا ہوں گی، جس کے بعد جوہری مذاکرات شروع ہو سکتے ہیں۔ ایرانی عہدیدار کا کہنا ہے کہ ثالث ایران اور امریکا کے درمیان اختلافات کم کرنے کے لئے بھرپور کوششیں کررہے ہیں، تاہم ایران امریکی حملوں کی صورت میں خطے اور اس سے باہر بھرپور جواب دینے کے لیے تیار ہے۔ ایران کے ایک اعلی

(بقیہ 58 اندرونی صفحہ 2 پر)